کہ گر پڑی کوئی اریس مین نقش اوسکا محمد رسول اللہ تہا ٭ ف۴ ۱۲

بَابُ مَا جَاءَ فِي أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

یہ باب ہی اون حدیثونکا جو آئی ہین اس بیان مین کہ نبی صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِي يَمِينِهِ ٭ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ

وسلم تہے انگوٹہی پہنتے اپنے داہنے ہاتہہ مین ٭ حدیث کی ہمسے محمد

بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ الْبَغْدَادِيُّ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ

ابن سہل ابن عسکر بغدادی اور عبد اللہ ابن

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَا أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ أَنَا

عبد الرحمن نے دونو نے کہا خبر دی ہمکو یحیی ابن حسان نے کہا خبر دی ہمکو

سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي

سلیمان ابن بلال نے اوسنے سنا شریک ابن عبد اللہ ابن ابی

نَمِرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ اَبِيْهِ

نمر سے اونسے سنا ابراہیم ابن عبد اللہ ابن حنین سے اونسے اپنی باپ سے

عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ

اونسے سنا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے کہ بیشک نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَلْبَسُ خَاتَمَهٗ فِيْ يَمِيْنِهٖ ×

صلے اللہ علیہ وسلم تھے پہنتے اپنی انگوٹھی اپنے داہنے ہاتھ مین

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى اَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ ثَنَا

حدیث کی ہمسے محمد ابن یحیی نے کہا خبردی ہمکو احمد ابن صالح نے کہا حدیث کی ہمسے

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ

عبد اللہ ابن وہب نے اونسے سنا سلیمان ابن بلال سے اونسے سنا

شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِيْ نَمِرٍ نَحْوَهٗ × حَدَّثَنَا

اونہ ریک ابن عبد اللہ ابن ابی نمر سے مثل اوپر کی حدیث کے × حدیث کی ہمسے

اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ اَنَا يَزِيْدُ بْنُ هٰرُوْنَ عَنْ حَمَّادِ

احمد ابن منیع نے کہا خبردی ہمکو یزید ابن ہارون نے اونسے سنا حماد

بْنِ سَلَمَةَ قَالَ رَاَيْتُ ابْنَ اَبِيْ رَافِعٍ يَتَخَتَّمُ

ابن سلمہ سے لوونسے کہا دیکھا مینے ابن ابی رافع کو کہ پہنتے تھے انگوٹھی

فِي يَمِينِهِ فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ رَأَيْتُ

اپنے داہنے ہاتہہ مین تب پوچہا مینے اوسے سبب اوسکا تب کہا کہ دیکہا مین نے

عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ يَتَخَتَّمُ فِي يَمِينِهِ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ

عبد اللہ ابن جعفر کو وہ پہنتے تہے اپنے داہنے ہاتہہ مین اور کہا عبد اللہ

بْنُ جَعْفَرٍ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَتَّمُ فِي

ابن جعفر نے کہ تہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم انگوٹہی پہنتے اپنے

يَمِينِهِ ❊ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ يَحْيَى أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ

داہنے ہاتہہ مین ❊ حدیث کی ہمسے موسی ابن یحیی نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ

بْنُ نُمَيْرٍ أَنْبَأَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

ابن نمیر نے کہا خبر دی ہمکو ابراہیم ابن فضل نے اوسنے سنا عبد اللہ ابن

مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ أَنَّ النَّبِيَّ

محمد ابن عقیل سے اوسنے سنا عبد اللہ ابن جعفر سے کہ بیشک نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِي يَمِينِهِ ❊ حَدَّثَنَا

صلے اللہ علیہ وسلم تہے انگوٹہی پہنتے اپنے داہنے ہاتہہ مین ❊ حدیث کہی ہمسے

أَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْمُونٍ

ابو الخطاب زیاد ابن یحیی نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ ابن میمون نے

ف
یعنی پوچہا کہ
داہنے ہاتہہ مین
انگوٹہی کیون
پہنے ہو ۱۲

عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ

اونسے سنا جعفر ابن محمد سے اونسے سنا اپنے باپ سے اونسے سنا جابر ابن عبد اللہ سے

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهٖ *

کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ وسلم تھے انگوٹھی پہنتے اپنے داہنے ہاتھہ میں

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدِنِ الرَّازِيُّ ثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ

حدیث کی ہمسے محمد ابن حمید رازی نے کہا حدیث کی ہمسے جریر نے اونسے سنا

مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنِ الصَّلْتِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ كَانَ

محمد ابن اسحاق سے اونسے سنا صلت ابن عبد اللہ سے اونسے کہا کہ تھے

اِبْنُ عَبَّاسٍ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهٖ وَلَا اِخَالُهٗ اِلَّا قَالَ

عبد اللہ ابن عباس انگوٹھی پہنتے اپنے داہنے ہاتھہ مین مجکو نہیں خیال آتا مگر یہی کہ کہا ابن

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَتَّمُ فِيْ

عباس نے کہ تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم انگوٹھی پہنتے اپنے

يَمِيْنِهٖ * حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ اَنَا سُفْيَانُ

داہنے ہاتھہ مین * حدیث کی ہمسے ابی عمر نے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے

عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ

اونسے سنا ایوب ابن موسے سے اونسے سنا نافع سے اونسے سنا ابن عمر سے کہ بیشک

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بنوائی انگوٹھی چاندی کے

وَجَعَلَ فَصَّهٗ مِمَّا يَلِيْ كَفَّهٗ وَنَقَشَ فِيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اور کیا اوسکا نگینہ اپنی ہتیلی کی طرف اور کہدا اتھا اوسمین محمد رسول اللہ

وَنَهٰى اَنْ يَّنْقُشَ اَحَدٌ عَلَيْهِ وَهُوَ الَّذِيْ سَقَطَ مِنْ

اور منع فرمایا اس بات کو کہ کہدواے کوئی اپنی انگوٹھی پر یہہ ف۱ اور یہہ وہی انگوٹھی ہی کہ گری

مُعَيْقِيْبٍ فِيْ بِئْرِ اَرِيْسٍ * حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ

معیقیب کے ہاتھ سے کوئین میں اریس کے ف۲ حدیث کی ہمسے قتیبہ ابن سعید نے

قَالَ اَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ

اوسنے کہا خبر دی ہمکو حاتم ابن اسماعیل نے اوسنے سنا امام جعفر صادق بیٹے امام محمد باقر

اَبِيْهِ قَالَ كَانَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

اپنے باپ سے اونہوں نے کہا کہ تہے امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما

يَتَخَتَّمَانِ فِيْ يَسَارِهِمَا * حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ

انگوٹھی پہنتے اپنے بائیں ہاتھ میں * ف۳ حدیث کی ہمسے عبد اللہ ابن عبد

الرَّحْمٰنِ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى وَهُوَ ابْنُ الطَّبَّاعِ ثَنَا

الرحمن نے کہا خبر دی ہمکو محمد ابن عیسے نے اہنین کا نام ابن طباع ہی اوسنے کہا حدیث کی ہمسے

عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ

عباد ابن عوامؓ اونسے سنا سعید ابن ابی عروبہ سے اونسے سنا قتادہ سے

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَخَتَّمَ فِي

اونسے سنا انس ابن مالک سے کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ وسلم انگوٹھی پہنتے تھے

يَمِينِهٖ قَالَ اَبُو عِيسٰى هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ لَا نَعْرِفُهُ

اپنے داہنے ہاتھہ مین کہا ابو عیسی نے یہ حدیث غریب ہی ہم نہین پہچانتے

مِنْ حَدِيثِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ

اسکو حدیث سعید ابن ابی عروبہ سے جو روایت کیا قتادہ سے اونسے

اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا اِلَّا مِنْ هٰذَا

انس سے اونسے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اس حدیث کے مگر اسی سند سے

الْوَجْهِ وَرَوٰى بَعْضُ اَصْحَابِ قَتَادَةَ عَنْ قَتَادَةَ

اور جو روایت کیا بعض راویوں نے قتادہ کے قتادہ سے

عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَخَتَّمَ فِي

اونسے انس سے اونسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حضرت انگوٹھی پہنتے تھے

يَسَارِهٖ وَهُوَ حَدِيثٌ لَا يَصِحُّ اَيْضًا * حَدَّثَنَا

اپنی بائین ہاتھہ مین سو وہ حدیث بھی صحیح نہین ہی * ف۱ * حدیث کی ہمسے

مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ الْمُحَارِبِيُّ ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي

محمد ابن عبید اللہ محاربی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن ابی

حَازِمٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

حازم نے اونسے سنا موسی ابن عقبہ سے اونسے سنا نافع سے اونسے سنا ابن عمر

قَالَ اتَّخَذَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا مِنْ

لونسے کہا کہ بنوائی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے انگوٹھی

ذَهَبٍ فَكَانَ يَلْبَسُهُ فِي يَمِينِهِ فَاتَّخَذَ النَّاسُ

سونے کی پھر تھے پہرتے اوسکو اپنے داہنے ہاتھ مین تب بنوائی لوگون نے

خَوَاتِيمَ مِنْ ذَهَبٍ فَطَرَحَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

اپنی انگوٹھیان سونے کی پھر پہینک دیا اوسکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ وَقَالَ لَا اَلْبَسُهُ اَبَدًا فَطَرَحَ النَّاسُ

وسلم نے اور فرمایا کہ نہ پہنونگا مین اوسکو کبھی پھر پہینک دیا لوگون نے بھی اپنی

خَوَاتِيمَهُمْ ✤ بَابُ مَا جَاءَ فِي صِفَةِ سَيْفِ

انگوٹھیان ✤ ف اس باب مین وہ حدیث ہین جو آئی ہین بیان مین تلوار

رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ✤ حَدَّثَنَا

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ✤ حدیث کی ہمسے

مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ اَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ اَنْبَا اَبِىْ

محمد ابن بشار نے کہا خبردی ہمکو وہب ابن جریر نے کہا خبردی مجکو میرے باپ نے

عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ قَبِيْعَةُ سَيْفِ رَسُوْلِ

اوسنے سنا قتادہ سے اوسنے انس سے انس نے کہا کہ تہا قبیعہ تلوار رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِضَّةٍ * حَدَّثَنَا

الله صلے الله علیه وسلم کا چاندی کا ×ف۱ حدیث کی ہمسے

مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ اَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ

محمد ابن بشار نے کہا خبردی ہمکو معاذ ابن ہشام نے کہا حدیث کی مجھسے میرے باپ نے

عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِى الْحَسَنِ قَالَ كَانَتْ

اوسنے سنا قتادہ سے اوسنے سنا سعید ابن ابی حسن سے ×ف۲ کہا کہ تہا

قَبِيْعَةُ سَيْفِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قبیعہ تلوار رسول الله صلے الله علیه وسلم کا

مِنْ فِضَّةٍ * حَدَّثَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ

چاندی سے بنا × حدیث کی ہمسے ابو جعفر محمد ابن صدران ×

الْبَصْرِىُّ اَنَا طَالِبُ بْنُ حُجَيْرٍ عَنْ هُوْدٍ وَهُوَ ابْنُ

بصری نے کہا خبردی ہمکو طالب ابن حجیر نے اوسنے سنا ہود سے جو بیٹے

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ
زرہ کے ہتیار میں چاندی کا
زیور لگانا درست ہی

حسن کا قول بخاری
حضرت حسن بصری کے
بھائی ہیں اور تابعین
میں سے ہیں ۱۲

عبد الله

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ
عبد الله ابن سعید کے ہیں اونسے سنا اپنے دادا سے کہا کہ تشریف لائے رسول
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَعَلٰى سَيْفِهٖ
الله صلے الله علیہ وسلم مکہ میں مکہ کی فتح کے دن اور اونکی تلوار پر تہا
ذَهَبٌ وَفِضَّةٌ قَالَ طَالِبٌ فَسَأَلْتُهٗ عَنِ الْفِضَّةِ
سونا اور چاندی کہا طالب نے پہر پوچہا میں نے ہود سے چاندی کا حال ف١
فَقَالَ كَانَتْ قَبِيْعَةُ السَّيْفِ فِضَّةً * حَدَّثَنَا
تب کہا تہا قبیعہ تلوار کا چاندی کا * حدیث کی ہمسے
مُحَمَّدُ بْنُ شُجَاعٍ الْبَغْدَادِيُّ اَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ
محمد ابن شجاع بغدادی نے کہا خبر دی ہمکو ابو عبیدہ حداد نے
عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ صَنَعْتُ
اونسے سنا عثمان ابن سعد سے اونسے سنا ابن سیرین سے اونسے کہا بنوائی میں نے
سَيْفِيْ عَلٰى سَيْفِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ وَزَعَمَ
اپنی تلوار مثل تلوار سمرہ ابن جندب کے اور کہا سمرہ نے
سَمُرَةُ اَنَّهٗ صَنَعَ سَيْفَهٗ عَلٰى سَيْفِ رَسُوْلِ اللّٰهِ
کہ میں نے بنوائی اپنی تلوار مثل تلوار رسول الله

ف١ یعنے چاندی کہاں تھی ۱۲

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ حَنَفِيًّا حَدَّثَنَا عُقْبَةُ
صلے اللہ علیہ وسلم کے اور حنفی تہے * ف۱ حدیث کی ہمسے عقبہ
بْنُ مُكْرَمٍ نِ الْبَصْرِيُّ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ عَنْ
ابن مکرم بصری نے کہا حدیث کی ہمسے محمد ابن بکر نے اوسے سنا
عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ بِهٰذَا الْاِسْنَادِ نَحْوَهٗ * بَابُ
عثمان ابن سعد سے اوسی اوپر کی سند کا سا مضمون * یہ باب ہی
مَا جَاءَ فِي صِفَةِ دِرْعِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
اون حدیثوں کا جو آئی ہیں بیچ بیان زرہ رسول اللہ صلے اللہ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ
علیہ وسلم کے * حدیث کی ہمسے ابو سعید عبد اللہ ابن
سَعِيْدٍ نِ الْاَشَجُّ اَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ
سعید اشج نے کہا خبر دی ہکو یونس ابن بکیر نے اوسے سنا
مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ
محمد ابن اسحاق سے اوسنے سنا یحیی ابن عباد ابن عبد اللہ
بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ
ابن زبیر سے اوسنے سنا اپنی باپ سے اونسے اپنے دادا عبد اللہ ابن

ف۱ یعنے بنی حنیفہ کی قوم کی نابالکہ بصری تہی اور وہ لوگ تلوار بنانے میں مشہور ہیں ۱۲

الزبیر

الزُّبَيرِ عَنِ الزُّبَيرِ بنِ العَوَّامِ قَالَ كَانَ عَلَى النَّبِيِّ

زبیر سے اوسنے سنا زبیر ابن عوام سے اوسنے کہا کہ تہیں نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَومَ اُحُدٍ دِرعَانِ

صلی اللہ علیہ وسلم پر دن جنگ احد کے دو زرہیں ؁

فَنَهَضَ اِلَى الصَّخرَةِ فَلَم يَستَطِع فَاَقعَدَ

پہر کہڑی ہوے بڑے پتہر کیطرف * ف۱ پہر چڑہ نہ سکے * ف۲ تب بٹہلایا

طَلحَةَ تَحتَهُ فَصَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ

طلحہ کو اپنے قدم تلے اور اونکی پیٹہ پر پاؤں رکہ کے چڑہ گئی نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ حَتَّى استَوَى عَلَى الصَّخرَةِ قَالَ فَسَمِعتُ

وسلم یہانتک کہ برابر جا کے کہڑی ہوئے پتہر پر زبیر ابن عوام نے کہا کہ تب سنا میں نے

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اَوجَبَ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تہے کہ واجب کیا اپنے اوپر

طَلحَةُ * حَدَّثَنَا ابنُ اَبِي عُمَرَ نَا سُفيٰنُ

طلحہ نے * ف۳ * حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان

بنُ عُيَينَةَ عَن يَزِيدَ بنِ خُصَيفَةَ عَنِ السَّائِبِ

ابن عیینہ نے اوسنے سنا یزید ابن خصیفہ سے اوسنے سنا سائب

بْنِ یَزِیْدَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
ابن یزید سے کہ بیشک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
کَانَ عَلَیْهِ یَوْمَ اُحُدٍ دِرْعَانِ قَدْ ظَاهَرَ
تہین اون پر دن جنگ اُحد کے دو زرہین بیشک تلی اوپر پہنے تہے
بَیْنَهُمَا * بَابُ مَا جَآءَ فِیْ مِغْفَرِ
دونونکو * یہ باب ہی اون حدیثون کا جو آئے ہین بیچ بیان خود
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حدیث کی ہمسے
قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ ثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ
قتیبہ ابن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے مالک ابن انس نے اونسے سنا
ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِیَّ
ابن شہاب سے اونسے سنا انس ابن مالک سے کہ بیشک نبی
صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ وَعَلَیْهِ
صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائی مکہ مین اور اونکے سر پر
مِغْفَرٌ فَقِیْلَ لَهُ هٰذَا ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِاَسْتَارِ
خود تہا تب لوگون نے عرض کیا کہ یہ دیکہو ابن خطل پکڑی کہڑا ہی پردہ

ف: اس حدیث سے
معلوم ہوا کہ زرہ پہننا
اور مغفر وغیرہ سے بچاؤ
کرنا توکل کے خلاف
نہین ہے ۱۲

الكعبة

الْكَعْبَةِ فَقَالَ اقْتُلُوهُ * حَدَّثَنَا عِيسَى ابْنُ أَحْمَدَ

کعبہ کا تب حضرت نے فرمایا اسکو قتل کرو * ف۱ حدیث کی ہمسے عیسے ابن احمد نے

ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ ثَنِي مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ

کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ ابن وہب نے کہا حدیث کی مجہسے مالک ابن انس نے اوسنے سنا

ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

ابن شہاب سے اوسنے سنا انس ابن مالک سے کہ بیشک رسول اللہ صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ وَعَلَى رَأْسِهِ

اللہ علیہ وسلم تشریف لائے مکہ میں مکہ کے فتح کے سال اور اونکے سر پر تہا

الْمِغْفَرُ قَالَ فَلَمَّا نَزَعَهُ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ

خود کہا انس نے پہر جب اوتارا خود کو آیا اونکے پاس ایک مرد پہر عرض کیا

ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ اقْتُلُوهُ

کہ ابن خطل پکڑے کہڑا ہی پردہ کعبہ کا تب فرمایا اوسکو قتل کرو * ف۲

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَبَلَغَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

کہا ابن شہاب نے اور خبر پہونچی مجہکو کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَوْمَئِذٍ مُحْرِمًا * بَابٌ

علیہ وسلم نہ تہے اوسدن احرام باندہے * یہ باب ہے

ف۱ ابن خطل مسلمان تها پھر مرتد ہو گیا تها اور ایک مسلمان کو جو آنحضرت کا خادم تها قتل کیا تها اور حضرت اور مسلمانوں کی ہجو کرتا تها اور بیت خوانیں اوسکی باندی ہی ۱۲

ف۲ ابن خطل نے غلاف کعبہ کا پردہ ... حضرت ... مسلمان کا خون ناحق کیا تها اور مسلمانوں کی ہجو کرتا تها آنحضرت نے حکم شرعی سے اوسکو قتل کیا ۱۲

مَا جَاءَ فِی عِمَامَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ

ان حدیثوں کا جو آئی ہیں بیچ بیان دستار مبارک نبی صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ ٭ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

وسلم کے ٭ حدیث کی ہمسے محمد ابن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن

بْنُ مَهْدِیٍّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ ح وَثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ

ابن مہدی نے اونسے سنا حماد ابن سلمہ سے اور حدیث کی ہمسے محمود ابن

غَیْلَانَ ثَنَا وَکِیْعٌ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ

غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اونسے سنا حماد ابن سلمہ سے اونسے

اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ دَخَلَ النَّبِیُّ صَلَّی

ابی زبیر سے اونسے جابر سے کہا جابر نے داخل ہوئے نبی صلی

اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَکَّةَ یَوْمَ الْفَتْحِ عَلَیْهِ عِمَامَةٌ

اللہ علیہ و سلم مکہ مین فتح کے دن اور اونکے سر مبارک پر پگڑی تھی

سَوْدَاءُ ٭ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی عُمَرَ ثَنَا سُفْیٰنُ

سیاہ ٭ ف حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے

عَنْ مُسَاوِرٍ الْوَرَّاقِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ

اونسے سنا مساور وراق سے اونسے سنا جعفر ابن عمرو بن

حریث

حُرَيْثٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ

حریث سے اوسنے سنا اپنے باپ سے اوسنے کہا دیکھا مینے سر پر رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِمَامَةً سَوْدَاءَ * حَدَّثَنَا

صلے اللہ علیہ وسلم کے عمامہ سیاہ * حدیث کی ہمسے

مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ وَيُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى قَالَا

محمود ابن غیلان اور یوسف ابن عیسے نے دونوں نے کہا

ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ مُسَاوِرِنِ الْوَرَّاقِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ

حدیث کی ہمسے وکیع نے اوسنے سنا مساور وراق سے اوسنے جعفر ابن

عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

عمرو ابن حریث سے اوسنے سنا اپنے باپ سے کہ بیشک نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ

علیہ وسلم نے خطبہ فرمایا لوگونکے واسطے اور اونکے سر پر عمامہ

سَوْدَاءُ * حَدَّثَنَا هٰرُوْنُ بْنُ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيُّ

سیاہ تہا * حدیث کی ہمسے ہارون ابن اسحاق ہمدانی نے

ثَنَا يَحْيٰى بْنُ مُحَمَّدِنِ الْمَدَنِيُّ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ

کہا حدیث کی ہمسے یحیی ابن محمد مدنی نے اوسنے سنا عبد العزیز

بن محمد عن عبید اللہ بن عمر عن نافع عن ابن

ابن محمد سے اوسنے عبید اللہ ابن عمر سے اوسنے نافع سے اوسنے ابن

عمر قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا

عمر سے اوہنوں نے کہا تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب

اعتم سدل عمامتہ بین کتفیہ قال نافع

عمامہ باندھتے لٹکاتے اپنے عمامہ کو دونو کندھوں کے بیچ میں × ف۱ کہا نافع نے

وکان ابن عمر یفعل ذلک قال عبید اللہ ورأیت

اور تھے ابن عمر کرتے ایسا ہی کہا عبید اللہ نے اور دیکھا مین نے

القاسم بن محمد وسالماً یفعلان ذلک * حدثنا

قاسم ابن محمد کو اور سالم کو دونو کرتے تھے ایسا × ف۲ حدیث کی ہمسے

یوسف بن عیسی ثنا وکیع ثنا ابو سلیمان

یوسف ابن عیسے نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابوسلیمان نے

وھو ابن عبد الرحمن ابن الغسیل عن عکرمۃ

اور وہ بیٹے عبد الرحمن ابن غسیل کے ہین اوسنے سنا عکرمہ سے

عن ابن عباس رضی اللہ عنہما ان النبی صلی اللہ

اوسنے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ بیشک نبی صلے اللہ

ف۱ [illegible]

ف۲ [illegible] ۱۲

علیہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ النَّاسَ وَعَلَیْهِ عِصَابَةٌ دَسْمَاءُ

علیہ وسلم نے خطبہ پڑھا لوگونکے واسطے اور اونکے سر پر پگڑی تھی میلی ف ۱

بَابُ مَا جَاءَ فِی اِزَارِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

یہ باب ہی اون حدیثونکا جو آئی ہیں بیچ بیان تہبند رسول اللہ صلے اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ؛ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ ثَنَا

علیہ وسلم کے ؛ حدیث کی ہمسے احمد ابن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے

اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ ثَنَا اَیُّوْبُ عَنْ حُمَیْدِ بْنِ

اسماعیل ابن ابراہیم نے کہا حدیث کی ہمسے ایوب نے اونسے سنا حمید ابن

هِلَالٍ عَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ قَالَ اَخْرَجَتْ اِلَیْنَا عَائِشَةُ

ہلال سے لونسے ابی بردہ سے اونسے کہا کہ نکالی ہماری دکہانیکو حضرت عایشہ

رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا کِسَاءً مُلَبَّدًا وَاِزَارًا غَلِیْظًا فَقَالَتْ

رضی اللہ عنہا نے ایک چادر پیوند لگی اور ایک تہبند موٹا اور کہا کہ

قُبِضَ رُوْحُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ هٰذَیْنِ

ف ۲ قبض کی گئی روح پاک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ان دو کپڑوں مین

* حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ اَنَا اَبُوْدَاوُدَ عَنْ

حدیث کی ہمسے محمود ابن غیلان نے کہا خبر دی ہمکو ابوداود نے اونسے سنا

ف ۱ [illegible]

ف ۲ [illegible]

شُعْبَةَ عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ سُلَيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ عَمَّتِي

شعبہ سے اونسے اشعث ابن سلیم سے اونسے کہا کہ سنا مینے اپنی پھوپھی سے

تُحَدِّثُ عَنْ عَمِّهَا قَالَ بَيْنَمَا اَنَا اَمْشِي بِالْمَدِيْنَةِ

وہ حدیث کرتی تھی اپنے چچا سے اونسے کہا کہ ایکوقت مین چلا جاتا تھا مدینہ مین

اِذَا اِنْسَانٌ خَلْفِي يَقُوْلُ اِرْفَعْ اِزَارَكَ فَاِنَّهُ اَتْقٰى

یکایک ایک آدمی میرے پیچھے سے کہنے لگا اوٹھالے اپنا تہبند ف پھر بیشک اونچا کرنی مین بہت تقوی ہی

وَاَبْقٰى فَالْتَفَتُّ فَاِذَا هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور بہت باقی رہتا ہی ف پھر آنکہہ جو پھیرا تو دیکھتا کیا ہون کہ وہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّمَا هِيَ بُرْدَةٌ مَلْحَاءُ

وسلم ہین تب کہا مینے یا رسول اللہ یہ اور تو کچھہ نہین ہی مگر یہی کہ ایک چادر ہی سفید سیاہ

قَالَ اَمَا لَكَ فِيَّ اُسْوَةٌ فَنَظَرْتُ فَاِذَا اِزَارُهُ اِلٰى

فرمایا کیا نہین ہی تجکو میری پیروی کرنی ف پھر نظر جو کیا مینے تو دیکھتا ہون کہ تہبند اونکا

نِصْفِ سَاقَيْهِ * حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ

آدہی پنڈلیون تک ہی ف حدیث کی ہمسے سوید ابن نصر نے

ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ

کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ ابن مبارک نے اونسے سنا موسی ابن عبیدہ سے

عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ

اوسنے سنا ایاس ابن سلمہ ابن اکوع سے اوسنے اپنے باپ سے اوسنے کہا

كَانَ عُثْمَانُ يَتَّزِرُ اِلَى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ وَقَالَ

کہ تہے عثمان تہبند باندہتے اپنی آدہی پنڈلیوں تک اور کہتے تہے

هٰكَذَا كَانَتْ اِزْرَةُ صَاحِبِيْ يَعْنِى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

ایسا ہی تہا تہبند میرے صاحب کا یعنے نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ اَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ

علیہ وسلم کا حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا خبر دی ہمکو ابو احوص نے

عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ نَذِيْرٍ عَنْ حُذَيْفَةَ ابْنِ

اوسنے سنا ابی اسحاق سے اوسنے مسلم ابن نذیر سے اوسنے حذیفہ ابن

الْيَمَانِ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَضَلَةِ

یمان سے اوسنے کہا کہ پکڑا رسول صلے اللہ علیہ وسلم نے گوشت میری

سَاقِىْ اَوْسَاقِهٖ فَقَالَ هٰذَا مَوْضِعُ الْاِزَارِ

پہیلی کا یا کہا کہ گوشت اپنی پہیلی کا اور فرمایا کہ یہ جگہہ ہی ازار کی ف ۱ ×۱۴

فَاِنْ اَبَيْتَ فَاَسْفَلَ فَاِنْ اَبَيْتَ فَلَاحَقَّ لِلْاِزَارِ

پہر اگر تو قبول نکرے تو تہوڑا سا نیچا کر ف ۲ پہر اگر یہ بہی قبول نکرے تو نہیں درست ہی تہبند

في الكعبين * باب ما جاء في مشية

ٹخنوں پر لگتا ہا ف یہ باب ہی اون حدیثوں کا جو آئی ہیں بیچ بیان راہ چلنے

رسول الله صلى الله عليه وسلم * حدثنا

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے * حدیث کی ہمسے

قتيبة بن سعيد انا ابن لهيعة عن ابي يونس

قتیبہ ابن سعید نے کہا خبر دی ہمکو ابن لہیعہ نے اونسے سنا ابی یونس سے

عن ابي هريرة قال ما رايت شيئا احسن من رسول

اونسے سنا ابو ہریرہ سے اونسے کہا نہین دیکہا مینے کسی چیز کو پیاری زیادہ رسول

الله صلى الله عليه وسلم كان الشمس تجري في وجهه

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے گویا کہ آفتاب جاری ہوتا تہا اونکے چہرے مین ف

وما رايت احدا اسرع في مشيته من رسول الله

اور نہین دیکہا مینے کسیکو جلدی کرنیوالا زیادہ اپنے چلنے مین رسول اللہ

صلى الله عليه وسلم كانما الارض تطوى له انا

صلے اللہ علیہ وسلم سے گویا کہ زمین لپیٹے جاتی تہی اونکے واسطے ف بیشک ہم لوگ

لنجهد انفسنا وانه لغير مكترث * حدثنا

محنت مین ڈالتی تہے اپنی جان کو اور بیشک حضرت بی پروا چلتے تہے ف حدیث کی ہمسے

عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوا ثَنَا عِیْسَی بْنُ

علی ابن حجر اور بہت لوگوں نے سیہوں نے کہا حدیث کی ہمسے عیسے ابن

یُوْنُسَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ مَوْلٰی غُفْرَۃَ ثَنِیْ

یونس نے اوسنے سنا عمر ابن عبد اللہ غلام آزاد کئی غفرہ سے کہا حدیث کی ہمسے

اِبْرَاھِیْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ مِنْ وَلَدِ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ

ابراہیم ابن محمد نے جو اولاد میں علی ابن ابی طالب

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ کَانَ عَلِیٌّ اِذَا وَصَفَ النَّبِیَّ

رضی اللہ عنہ کے ہیں کہا کہ تھے حضرت علی جب صفت کرتے نبی

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا مَشٰی تَقَلَّعَ کَاَنَّمَا

صلی اللہ علیہ وسلم کی فرماتے کہ حضرت راہ چلتے تو قوت سے چلتے گویا کہ

یَنْحَطُّ فِیْ صَبَبٍ * حَدَّثَنَا سُفْیٰنُ بْنُ وَکِیْعٍ

بلندی سے پستی میں اوترتے ہیں * حدیث کی ہمسے سفیان ابن وکیع نے

قَالَ اَنَا اَبِیْ عَنِ الْمَسْعُوْدِیِّ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُسْلِمِ

کہا خبر دی مجکو میرے باپ نے اوسنے سنا مسعودی سے اوسنے سنا عثمان ابن مسلم

بْنِ ھُرْمُزَ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ

ابن ہرمز سے اوسنے سنا نافع ابن جبیر ابن مطعم سے اوسنے سنا

عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ
علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے انہوں نے کہا کہ تھے
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَشٰی تَكَفَّا
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب راہ چلتے تو آگے کو جھکے لگتے
تَكَفُّؤًا كَاَنَّمَا یَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ * بَابُ
بھلا لگتا وہ جھکنا گویا کہ اونچے سے نیچے کو اترتے تھے * یہ باب ہی
مَا جَآءَ فِی تَقَنُّعِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
اون حدیثوں کا جو آئی ہیں بیچ بیان سر پر قناع رکھنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ عِیْسٰی اَنَا وَكِیْعٌ
وسلم کے حدیث کی ہمسے یوسف ابن عیسی نے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے
اَنَا الرَّبِیْعُ بْنُ صَبِیْحٍ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبَانَ عَنْ اَنَسِ
کہا خبر دی مجھکو ربیع ابن صبیح نے اوسنے سنا یزید ابن ابان سے اوسنے سنا انس
بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
ابن مالک سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وَسَلَّمَ یُكْثِرُ الْقِنَاعَ كَانَ ثَوْبُهٗ ثَوْبُ زَیَّاتٍ
وسلم بہت رکھتے سر پر قناع کو * ف گویا کہ وہی سر کا رومال اونکا مثل کپڑے تیلی کا تھا

بَابُ مَا جَآءَ فِیْ جِلْسَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

یہ باب ہی اون حدیثون کا جو آئی ہین بیان مین بیٹھنے رسول اللہ

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ

صلے اللہ علیہ وسلم کے * حدیث کی ہمسے عبد ابن حمید نے

اَنْبَاَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَسَّانٍ

کہا خبردی ہمکو عفان ابن مسلم نے کہا خبردی ہمکو عبد اللہ ابن حسان نے

عَنْ جَدَّتَیْهِ عَنْ قَیْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ اَنَّهَا رَاَتْ

اوسنے سنا اپنے دونو دادا سے اوسنے سنا قیلہ بنت مخرمہ سے بیشک اوسنے دیکھا

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْجِدِ وَهُوَ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو مسجد مین جس حال مین

قَاعِدٌ الْقُرْفُصَاءَ قَالَتْ فَلَمَّا رَاَیْتُ رَسُوْلَ

کو وہ بیٹھنے والے تھے اکڑو سر جھکاے کہا قیلہ نے جب دیکھا مین نے رسول

اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَخَشِّعَ فِی الْجِلْسَةِ

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو عاجزی کرنیوالے اپنے بیٹھنے مین

اُرْعِدْتُ مِنَ الْفَرَقِ * حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ

ف ۱

کپکپا گئی مین خوف اور بیقراری سے * حدیث کی ہمسے سعید ابن

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ وَغَیْرُ وَاحِدٍ قَالُوْٓا اَنَا

عبد الرحمن مخزومی نے اور بہت لوگون نے سبنے کہا خبر دی ہمکو

سُفْیٰنُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِیْمٍ عَنْ عَمِّهٖٓ

سفیان نے اوسنے سنا زہری سے اونہے سنا عباد ابن تمیم سے اونسے سنا اپنے چچا سے

اَنَّهٗ رَاَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَلْقِیًا فِی

بیشک اوسنے دیکھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو جب لیٹ تے تہے

الْمَسْجِدِ وَاضِعًا اِحْدٰی رِجْلَیْهِ عَلَی الْاُخْرٰی *

مسجد مین رکہے تہے ایک پاؤن اپنا دوسرے پاؤن پر *

حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِیْبٍ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حدیث کی ہمسے سلمہ ابن شبیب نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ ابن

اِبْرَاهِیْمَ الْمَدَنِیُّ اَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُحَمَّدِ نِ الْاَنْصَارِیُّ

ابراہیم مدنی نے کہا خبر دی ہمکو اسحاق ابن محمد انصاری نے

عَنْ رُبَیْحِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی سَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْهِ

ربیح ابن عبد الرحمن ابن ابی سعید سے اوسنے سنا اپنے باپ سے

عَنْ جَدِّهٖٓ اَبِی سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ قَالَ كَانَ

اوسنے سنا اپنے دادا ابی سعید خدری سے کہا کہ تہے

رسول

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا جَلَسَ فِی الْمَسْجِدِ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے مسجد مین

اِحْتَبٰی بِیَدَیْہِ * بَابُ مَا جَآءَ فِیْ

گوٹ مارتے اپنے دونو ہاتھونسے ف ا * یہ باب ہی اون حدیثونکا جو آئی ہین بیان مین

تُکَاۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ *

تکیہ لگانے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے *

حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ نِ الدُّوْرِیُّ الْبَغْدَادِیُّ

حدیث کی ہمسے عباس ابن محمد دورے بغدادی نے

اَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِسْرَآئِیْلَ عَنْ سِمَاکِ بْنِ

کہا خبر دی ہمکو اسحاق ابن منصور نے اونسے سنا اسرائیل سے اونسے سنا سماک ابن

حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ

حرب سے اونسے سنا جابر ابن سمرہ سے اونسے کہا دیکھا مینے رسول اللہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُتَّکِئًا عَلٰی وِسَادَۃٍ عَلٰی

صلے اللہ علیہ وسلم کو تکیہ لگانے والے تھے ایک تکیہ پر جو رکھی تھے

یَسَارِہٖ * حَدَّثَنَا حُمَیْدُ بْنُ مَسْعَدَۃَ اَنَا بِشْرُ

بائین طرف اونکے * حدیث کی ہمسے حمید ابن مسعدہ نے کہا خبر دی ہمکو بشر

ف ا احتبا اسکو کہتے ہین اصطلاح مین
بیٹھنا آدمی کا سرین پر اور کھڑے کرنا دونو
زانو کا اور لپیٹنا ہاتھونکا اور
دونو پاؤنکو ہاتھوں سے باندھنا
اور کبھی کپڑے وغیرہ سے باندھتے ہین ۱۲

بْنُ الْمُفَضَّلِ اَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي
ابن مفضل نے کہا خبر دی ہمکو جریری نے اونسے سنا عبد الرحمن ابن ابی
بَكْرَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
بکرہ سے اونسے سنا اپنے باپ سے اونسے کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وَسَلَّمَ اَلَا اُحَدِّثُكُمْ بِاَكْبَرِ الْكَبَائِرِ قَالُوْا بَلٰى
وسلم نے کہ بھلا نہ خبر دوں مین تمکو سب گناہونسے بڑی گناہ کی صحابہ بولے کہ ہان
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْاِشْرَاكُ
یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرما دیجیئے فرمایا شریک ٹھہرانا
بِاللّٰهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ قَالَ وَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
اللہ کا ÷ف÷ اور نافرمانی کرنا مان باپ کی ÷ف÷ کہا ابو بکرہ نے اور بیٹھے رسول اللہ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ مُتَّكِئًا قَالَ وَشَهَادَةُ
صلے اللہ علیہ وسلم جس حال مین کہ تکیہ لگائے تھے فرمایا اور گواہی دینا
الزُّوْرِ اَوْ قَوْلُ الزُّوْرِ قَالَ فَمَا زَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
جھوٹی یا فرمایا کہ بولنا جھوٹ ÷ت÷ کہا ابو بکرہ نے کہ پھر ہمیشہ تھے رسول اللہ صلے
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُهَا حَتّٰى قُلْنَا لَيْتَهُ سَكَتَ
اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے یہی بات یہان تک کہ کہا ہم لوگون نے خوب ہو جو حضرت خاموش ہوتے

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا شَرِيكٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ

ف

حدیث کی ہمسے قتیبہ ابن سعید نے کہا خبردی ہمکو شریک نے اوسنے سنا علے ابن

الْأَقْمَرِ عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

اقمر سے اوسنے سنا ابی جحیفہ سے اوسنے کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا أَنَا فَلَا آكُلُ مُتَّكِئًا * حَدَّثَنَا

علیہ وسلم نے سن رکھو میں نہیں کھانا کھاتا تکیہ لگائے * ف۲ حدیث کی ہمسے

مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ أَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ

محمد ابن بشار نے کہا خبردی ہمکو سفیان نے اوسنے سنا علی ابن اقمر سے

قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

اوسنے کہا سنا مینے ابو جحیفہ سے وہ کہتے تھے فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا آكُلُ مُتَّكِئًا * حَدَّثَنَا

صلے اللہ علیہ وسلم نے میں نہیں کھاتا تکیہ لگائے * حدیث کی ہمسے

يُوسُفُ بْنُ عِيسَى نَا وَكِيعٌ نَا إِسْرَائِيلُ عَنْ

یوسف ابن عیسے نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے اوسنے سنا

سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ رَأَيْتُ

سماک ابن حرب سے اوسنے سنا جابر ابن سمرہ سے اوسنے کہا دیکھا مینے

ف ۱ مراد اس سے آرزو کرنا کہ حضور
بار بار زانو بالکل بیٹھیں تکلیف سے
ہی کھانا کھاوینگے بیٹھنا حضور بیٹھنا ہم
اور تکلیف و تکبر اور تکلیف سے بیٹھیں
دوزانو ایک ہی بار زانو بالکل
مانگیں دو دستر خوان پر
کہ کیفیت کوئی ایسی بات
جو زبان مبارک سے نکل جاوے
کہ عذاب اور تکبر ہے
لوگوں پر ۱۲

ف ۲ تکیہ لگا کر کھانا کھانا
تکبر کی نشانی ہے
یا تو جھکا کر یا دیوار سے
پہلو یا پیٹھ لگا کے کھانا
کھاتے ہیں زمین پر
ہاتھ رکھ کر ۱۲

اَلنَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ مُتَّکِئًا عَلٰی وِسَادَۃٍ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو تکیہ لگائے تھے ایک تکیہ پر ۱۴

قَالَ اَبُوۡ عِیۡسٰی لَمۡ یَذۡکُرۡ وَکِیۡعٌ عَلٰی یَسَارِہٖ وَھٰکَذَا

کہا ابو عیسی نے نہ ذکر کیا وکیع نے بائین کروٹ کا اور ایساہی

رَوٰی غَیۡرُ وَاحِدٍ عَنۡ اِسۡرَآئِیۡلَ نَحۡوَ رِوَایَۃِ وَکِیۡعٍ

روایت کیا بہت لوگون نے اسرائیل سے مانند روایت وکیع کے

وَلَا نَعۡلَمُ اَحَدًا رَوٰی فِیۡہِ عَلٰی یَسَارِہٖ اِلَّا مَا

اور نہین جانتے ہم کسیکو کہ روایت کیا ہو اس حدیث مین بائین کروٹ کی مگر جو

رَوٰی اِسۡحٰقُ بۡنُ مَنۡصُوۡرٍ عَنۡ اِسۡرَآئِیۡلَ ❊ بَابُ

روایت کیا اسحاق ابن منصور نے اسرائیل سے ❊ یہ باب ہی ان حدیثونکا

مَا جَآءَ فِیۡ اِتِّکَآءِ رَسُوۡلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

جو آئی ہین بیان مین کسی آدمی پر ٹیک دینے رسول اللہ صلے اللہ

عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ ❊ حَدَّثَنَا عَبۡدُ اللّٰہِ بۡنُ عَبۡدِ الرَّحۡمٰنِ

علیہ وسلم کے ❊ حدیث کی ہمسے عبد اللہ ابن عبد الرحمن نے

اَنَا عَمۡرُوۡ بۡنُ عَاصِمٍ اَنَا حَمَّادُ بۡنُ سَلَمَۃَ عَنۡ

کہا خبر دی ہمکو عمرو ابن عاصم نے کہا خبر دی ہمکو حماد ابن سلمہ نے اسنے سنا

حُمَیدٍ عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ

حمید سے اوسنے سنا انس رضی اللہ عنہ سے کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ کَانَ شَاکِیًا فَخَرَجَ یَتَوَکَّأُ عَلٰی اُسَامَۃَ وَعَلَیْہِ

وسلم تہے بیمار پہر نکلے ٹیک دیے ہوئے اسامہ پر اور اون پر تہا

ثَوْبٌ قِطْرِیٌّ قَدْ تَوَشَّحَ بِہٖ فَصَلّٰی بِہِمْ * حَدَّثَنَا

ایک کپڑا قطری بیشک توشح کئے تہے اوس کپڑی سے تب نماز پڑہی اونکو حدیث کی ہمسے

عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ

عبد اللہ ابن عبد الرحمن نے کہا خبر دی ہمکو محمد ابن مبارک نے

ثَنَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ نِ الْخَفَّافُ الْحَلَبِیُّ اَنَا

کہا حدیث کی ہمسے عطا ابن مسلم خفاف حلبی نے کہا خبر دی ہمکو

جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ عَنِ الْفَضْلِ

جعفر ابن برقان نے اوسنے سنا عطا ابن ابی رباح سے اوسنے فضل

بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

ابن عباس سے اوسنے کہا آیا مین رسول اللہ صلے اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ مَرَضِہِ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْہِ وَعَلٰی رَاْسِہٖ

علیہ وسلم کے پاس اونکی بیماری مین جس بیماری مین حضرت کا وفات ہوا حال یہہ کہ اونکے سر پر

ف ا
توشح ایسے پہننے کو کہتے ہین
کہ چادر اوڑہ کر اوسکو
چادر داہنی بغل سے
نکال کر بائین کندہی
پر ڈالے اور
قطری ایک قسم کا کپڑا
تہا جسپر دہاریان
ہوتی ہے ۱۲

عِصَابَةٌ صَفْرَآءُ فَسَلَّمْتُ فَقَالَ يَا فَضْلُ قُلْتُ

ایک کپڑا تہا زرد رنگ پہر سلام کیا مینے تب بعد جواب سلام کے فرمایا کہ ای فضل مین نے کہا

لَبَّيْكَ يَارَسُولَ اللّٰهِ قَالَ اشْدُدْ بِهٰذِهِ الْعِصَابَةِ

کہ حاضر ہون یا رسول اللہ فرمایا کس کے باندہ دے اس کپڑے سے میرا

رَاسِي قَالَ فَفَعَلْتُ ثُمَّ قَعَدَ فَوَضَعَ كَفَّهُ عَلٰى مَنْكِبِي

سر کہا فضل نے پہر باندہ دیا مینے تب حضرت بیٹھے اور رکہا اپنی ہتھیلی کو میرے مونڈہے پر

ثُمَّ قَامَ وَدَخَلَ فِي الْمَسْجِدِ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ

بعد اسکے کہڑے ہوے اور تشریف لاے مسجد مین اور اس حدیث مین قصہ ہی طول

بَابُ مَا جَآءَ فِي صِفَةِ اَكْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ

یہ باب ہی اون حدیثونکا جو آئی ہین بیان مین کہانا کہانے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ

صلے اللہ علیہ وسلم کے * حدیث کی ہمسے محمد ابن بشار نے

ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيٰنَ عَنْ سَعْدِ

کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن ابن مہدی نے اوسنے سنا سفیان سے اوسنے سنا سعد

بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنٍ لِكَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْهِ

ابن ابراہیم سے اوسنے ایک بیٹے کعب ابن مالک سے اوسنے سنا اپنے باپ سے

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَلْعَقُ أَصَابِعَهُ
کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ وسلم تھے چاٹتے اپنی انگلیاں
ثَلٰثًا قَالَ أَبُو عِيسٰى وَرَوٰى غَيْرُ مُحَمَّدِ بْنِ بَشَّارٍ هٰذَا
تین مرتبہ کہا ابو عیسے نے اور روایت کیا لوگوں نے سوائے محمد ابن بشار کے اسی
الْحَدِيثَ قَالَ كَانَ يَلْعَقُ أَصَابِعَهُ الثَّلٰثَ * حَدَّثَنَا
حدیث کو اسمیں یہ کہا کرتے تھے چاٹتے اپنی تین انگلیوں کو * حدیث کی ہمسے
الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ ثَنَا عَفَّانُ ثَنَا حَمَّادُ
حسن ابن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے عفان نے کہا حدیث کی ہمسے حماد
بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى
ابن سلمہ نے اونسے سنا ثابت نے اونسے سنا انس سے کہا انس نے تھے نبی صلے
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ طَعَامًا لَعِقَ أَصَابِعَهُ
اللہ علیہ وسلم جب کہاتے کہانا چاٹتے اپنی انگلیاں
الثَّلٰثَ * حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ
تینوں * ف۱ حدیث کی ہمسے حسین ابن علی ابن یزید
الصُّدَائِيُّ الْبَغْدَادِيُّ ثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحٰقَ
صدائی بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے یعقوب ابن اسحاق

ف۱ یعنی انگوٹھا اور کلمہ کی انگلی اور بیچ کی انگلی پہلے بیچ کی انگلی چاٹتے تھے پھر کلمہ کی انگلی پھر انگوٹھا اور اوس انگلی کا چاٹنا اول سے پہلے نہایہ میں بروایت طبرانی کی روایت کا مضمون خلاصہ ۱۲

الحضرمی انا شعبة عن سفين الثوری عن علی

حضرمی نے کہا خبر دی ہکو شعبہ نے اونسے سنا سفیان ثوری سے اونسے علی

بن الاقمر عن ابی جحیفة قال قال النبی صلی الله علیه

ابن اقمر سے اونسے ابی جحیفہ سے اونسے کہا فرمایا نبی صلے اللہ علیہ

وسلم اما انا فلا اکل متکئا * حدثنا

وسلم نے سن رکھو میں نہیں کہاتا تکیہ لگائے ہوئے حدیث کی ہمسے

محمد بن بشار ثنا عبد الرحمن بن مهدی ثنا

محمد ابن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن ابن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے

سفين عن علی بن الاقمر نحوه * حدثنا

سفیان نے اونسے سنا علی ابن اقمر سے ایسا ہی مضمون * حدیث کی ہمسے

هرون بن اسحق الهمدانی * ثنا عبدة بن سليمان

ہارون ابن اسحاق ہمدانی نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ ابن سلیمان نے

عن هشام بن عروة عن ابن لكعب بن مالك

اونسے سنا ہشام ابن عروہ سے اونسے سنا کسی ایک بیٹے سے کعب ابن مالک کے

عن ابيه قال كان رسول الله صلى الله عليه

اونسے سنا اپنے باپ سے اونسے کہا کرتے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ يَأْكُلُ بِأَصَابِعِهِ الثَّلٰثِ وَيَلْعَقُهُنَّ * حَدَّثَنَا

وسلم کہاتے اپنی تینوں انگلیوں سے اور چاٹتے اون تینوں کو × ف۱ حدیث کی ہمسے

اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ ثَنَا الْفَضْلُ ابْنُ دُكَيْنٍ ثَنَا مُصْعَبُ

احمد ابن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے فضل ابن دکین نے کہا حدیث کی ہمسے مصعب

بْنُ سُلَيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ اُتِيَ

ابن سلیم نے اوسنے کہا سنا مینے انس ابن مالک سے وہ کہتے تہے کہ کوئی لایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ فَرَاَيْتُهُ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کہجور تازی پہر دیکہا مینے اوکو

يَاْكُلُ وَهُوَ مُقْعٍ مِنَ الْجُوْعِ × بَابُ

کہاتے ہوے جس حال مین کہ دونو پہیلی کہڑی کئی سرین پر بیٹہے تہے بہوک سے × ف۲ یہ باب ہی اون حدیثونکا

مَا جَاءَ فِيْ صِفَةِ خُبْزِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

جو آئی ہین بیان مین روٹی رسول اللہ صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى

اللہ علیہ وسلم کے حدیث کی ہمسے محمد ابن مثنی

وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا

اور محمد ابن بشار نے دونو بولے حدیث کی ہمسے محمد ابن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے

ف۱ چاٹنا انگلیوں کا اور کہانا تین انگلیوں سے یعنی انگوٹہے اور کلمہ کی انگلی اور بیچکی انگلی سے کہانا کہانے سے پہلے اور تینوں انگلیوں کو چاٹنا سنت ہے اور بعضوں نے کہا ہے کہ بیچ کی انگلی پہلی چاٹے اور بعضی حدیث مین آیا ہے کہ پانچوں انگلیوں سے بہی کہایا ہے یعنی کہ کبہی کبہی اور بعضی روایتوں مین آیا ہے کہ چوتہی انگلی بہی لگاتے تہے یعنی تو اوس سے معلوم ہوا کہ تین انگلیوں سے کہانا ضروری نہین اور یہ بات معلوم ہی کہ ایک انگلی سے کہانا منع ہے اور فرمایا ہے کہ شیطان ایک انگلی سے کہاتا ہی اور دو انگلی سے کہانا تکبر ہے اور انبیا کی عادت ہی ۱۲

ف۲ اس طرحکا بیٹہنا نماز مین منع ہی مگر کہانے کے وقت نہین بلکہ ایک عاجزی کی صورت نکلتی ہی ۱۲

شُعْبَةُ عَنْ اَبِی اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ

شعبہ نے اونسے سنا ابی اسحٰق سے اونسے کہا سنا مینے عبد الرحمن ابن

یَزِیْدَ یُحَدِّثُ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ یَزِیْدَ عَنْ عَآئِشَةَ

یزید سے وہ حدیث کرتے تھے اسود ابن یزید سے وہ حضرت عائشہ

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا اِنَّہَا قَالَتْ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ

رضی اللہ عنہا سے بیشک وہ بولین کہ بہر پیٹ کہایا اہل بیت محمد

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ خُبْزِ الشَّعِیْرِ یَوْمَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ

صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کی روٹی دو دن برابر **

حَتّٰی قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا

یہانتک کہ قبض کی گئی روح پاک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ف حدیث کی ہمسے

عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ نِ الدُّوْرِیُّ ثَنَا یَحْیَی بْنُ اَبِی

عباس ابن محمد دوری نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی ابن ابی

بُکَیْرٍ ثَنَا حَرِیْزُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ سُلَیْمِ بْنِ عَامِرٍ

بکیر نے کہا حدیث کی ہمسے حریز ابن عثمان نے اونسے سنا سلیم ابن عامر سے

قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ الْبَاهِلِیَّ یَقُوْلُ مَا کَانَ

اونسے کہا سنا مینے ابا امامہ باہلی کو وہ کہتے تہے نہ تہی

ف [illegible]

يَفْضُلُ عَنْ اَهْلِ بَيْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بچ رہتی اہل بیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے

خُبْزُ الشَّعِيْرِ * حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ

روٹی جو کی * حدیث کی ہمسے عبد اللہ ابن معاویہ

الْجُمَحِيُّ ثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ

جمحی نے کہا حدیث کی ہمسے ثابت ابن یزید نے اونسے سنا ہلال ابن خباب سے

عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ

اونسے سنا عکرمہ سے اونسے سنا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اونسے کہا

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبِيْتُ اللَّيَالِيَ

کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ گذارتے تھے راتونکو

الْمُتَتَابِعَةَ طَاوِيًا هُوَ وَاَهْلُهُ لَا يَجِدُوْنَ

پے ہم خالی پیٹ وہ اور اہل بیت اونکے نہ پاتے رات کا

عَشَاءً وَكَانَ اَكْثَرُ خُبْزِهِمْ خُبْزَ الشَّعِيْرِ *

کھانا اور تھی اکثر روٹی اونکی روٹی جو کے *

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ

حدیث کی ہمسے عبد اللہ ابن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ

[illegible] ۱۲

بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْحَنَفِيُّ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَهُوَ ابْنُ

ابن عبد المجید حنفی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن نے اور وہ بیٹے ہین

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ ثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ

عبد اللہ ابن دینار کے کہا حدیث کی ہمسے ابو حازم نے اونسے روایت کی سہل ابن

سَعْدٍ اَنَّهُ قِيْلَ لَهُ اَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

سعد سے کہ بیشک لوگون نے کہا اونسے کہ بہلا کہایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ النَّقِيَّ يَعْنِي الْحُوَّارٰى فَقَالَ سَهْلٌ مَا رَاٰى

وسلم نے روٹی بی جو کر کے یعنی سفید میدے کی تب کہا سہل نے نہ دیکھا ۱۴

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ حَتّٰى لَقِيَ اللّٰهَ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میدہ یہان تک کہ ملاقات کیا اللہ

تَعَالٰى فَقِيْلَ لَهٗ هَلْ كَانَتْ لَكُمْ مَنَاخِلُ عَلٰى عَهْدِ

تعالی کی تب لوگون نے کہا اونسے کہ بہلا تہے تم لوگون کے پاس چلنیان زمانہ مین

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا كَانَتْ لَنَا

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے کہا نہ تہین ہم لوگون کے پاس

مَنَاخِلُ فَقِيْلَ كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ بِالشَّعِيْرِ قَالَ

چلنیان پہر لوگون نے کہا کسطرح تہے تم لوگ بناتے جو کا آٹا کہا ۱۲

كُنَّا نَنْفُخُهُ فَيَطِيرُ مِنْهُ مَا طَارَ ثُمَّ نَعْجِنُهُ *

تہے ہم پہونک دیتے اوسکو پہر اوڑتا اوس سے جو اوڑنیکو ہوتا بعد اسکی گوندہتی تہی اوسکو ف۱

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ اَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ

حدیث کی ہمسے محمد ابن بشار نے کہا خبر دی ہمکو معاذ ابن ہشام نے

قَالَ ثَنِي اَبِي عَنْ يُونُسَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ

کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے اونسے سنا یونس سے اونسے قتادہ سے اونسے انس

بْنِ مَالِكٍ قَالَ مَا اَكَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابن مالک سے اونسے کہا کہ نہ کہایا نبی اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

عَلَى خِوَانٍ وَلَا فِي سُكُرُّجَةٍ وَلَا خُبِزَ لَهُ مُرَقَّقٌ

چوکی کے اوپر اور نہ چہوٹی تشتری میں * اور نہ پکائی گئی اونکے لیے چپاتی ف۲

قَالَ فَقُلْتُ لِقَتَادَةَ فَعَلَى مَا كَانُوا يَاكُلُونَ قَالَ

کہا یونس نے پہر کہا مینے قتادہ سے تب کسپر کہاتے تہے وہ لوگ * کہا ف۳

عَلَى هٰذِهِ السُّفَرِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ يُونُسُ هٰذَا

یہی دسترخوانوں پر کہا محمد ابن بشار نے یہ یونس وہی ہے

الَّذِي رَوَى عَنْ قَتَادَةَ هُوَ يُونُسُ الْاِسْكَافُ *

جسنے روایت کیا قتادہ سے اور وہ یونس کفش دوز تہے

ف۱ یعنی جو کو پیسکر اسکی بھوسی پھونک دیتے تھے اور باقی بھوسی اور جو کی گوندہ کے روٹی پکاتے تھے ۱۲

ف۲ یعنی حضرت نے جو کبھی زمین پر رکھ کر کھایا اور طرح طرح کا کھانا نہیں کھایا اور نہ چھوٹی چھوٹی طشتری میں کھایا اور نہ میدہ کی روٹی کھائی ۱۲

ف۳ یعنی حضرت اور اصحاب لوگ ۱۲

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ ثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ ۲

حدیث کی ہمسے احمد ابن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے عباد ابن عباد

الْمُهَلَّبِيُّ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ

مہلبی نے اوسنے سنا مجالد سے اوسنے شعبی سے اوسنے مسروق سے

قَالَ دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَدَعَتْ لِي بِطَعَامٍ وَقَالَتْ

اوسنے کہا آیا مین حضرت عایشہ کے پاس پہر منگایا اونہون نے میرے واسطے کہانا اور کہا کہ مین

مَا اَشْبَعُ مِنْ طَعَامٍ فَاَشَاءُ اَنْ اَبْكِيَ اِلَّا بَكَيْتُ ف ۱

نہین پیٹ بہر کہاتی کوئی کہانا پہر چاہتی ہون کہ روؤن مگر روتی ہون *

قَالَ قُلْتُ لِمَ قَالَتْ اَذْكُرُ الْحَالَ الَّتِي فَارَقَ عَلَيْهَا

کہا مسروق نے کہا مین نے کسواسطے فرمایا یاد کرتی ہون اوس حالت کو کہ جدا ہوئے جس حالت مین

رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدُّنْيَا وَاللهِ مَا شَبِعَ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دنیا سے قسم اللہ کی پیٹ بہر نکہایا

مِنْ خُبْزٍ وَلَا لَحْمٍ مَرَّتَيْنِ فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ * حَدَّثَنَا

روٹی اور نہ گوشت دوبار ایک دن مین * حدیث کی ہمسے

مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا اَبُو دَاوُدَ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ

محمود ابن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے اوسنے سنا ابی اسحاق سے

ف ۱ یعنی کوئی کہانا پیٹ بہر نہین کہاتی مگر روتی ہون ۱۲

قال

قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ يُحَدِّثُ عَنِ الْاَسْوَدِ

اوسنے کہا سنا مینے عبد الرحمن ابن یزید سے وہ حدیث روایت کرتے ہیں اسود

بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا شَبِعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ابن یزید سے اوسنے سنا حضرت عایشہ سے اوسنے کہا کہ پیٹ بہر نکہایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خُبْزِ شَعِيْرٍ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ حَتّٰى قُبِضَ

علیہ وسلم نے روٹی جو کی دو دن پی ہم یہانتک کہ وفات کیے گئے

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حدیث کی ہمسے عبد اللہ ابن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ ابن

عَمْرٍو اَبُوْ مَعْمَرٍ ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ

عمرو ابو معمر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوارث نے سعید ابن ابی

عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا اَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

عروبہ سے اوسنے قتادہ سے اوسنے انس سے اوسنے کہا نہین کہایا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى خِوَانٍ وَّلَا اَكَلَ خُبْزًا مُرَقَّقًا

صلے اللہ علیہ وسلم نے چوکی پر اور نہ کہایا روٹی پتلی

حَتّٰى مَاتَ * بَابُ مَا جَاءَ فِيْ صِفَةِ

یہانتک کہ وفات پائی * یہ باب ہی ان حدیثوں کا جو آئی ہین بیان مین

إِدَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سالن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ

حدیث کی ہمسے محمد ابن سہل ابن عسکر اور عبید اللہ ابن عبد

الرَّحْمٰنِ قَالَا ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ

الرحمن نے دونو بولے حدیث کی ہمسے یحیٰی ابن حسان نے کہا حدیث کی ہمنے سلیمان ابن

بِلَالٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ

بلال نے ہشام ابن عروہ سے اونسے اپنے باپ سے اونسے حضرت عائشہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رضی اللہ عنہا سے کہ بیشک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

قَالَ نِعْمَ الْإِدَامُ الْخَلُّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

فرمایا اچھا سالن ہی سرکا ہے ف ا کہا عبد اللہ نے ابن عبد الرحمن نے

فِي حَدِيثِهِ نِعْمَ الْأُدُمُ أَوِ الْإِدَامُ الْخَلُّ * ۱۴

اپنی حدیث میں اچھا سالنونمیں یا کہا اچھا سالن سرکا ہے

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ ثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ سِمَاكِ بْنِ

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے سماک ابن

ف ا یعنی سرکہ اچھی چیز ہے
فرمایا کہ سالن عمدہ چیز ہے
اسلیے کہ میسر ہوتا ہے اور
بہت چیزوں کو مفید ہے اور
صفرا کو دفع کرتا ہے اور
گرمی اور بلغم دونوں کی
چیزوں کو مفید ہے ۱۲

حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ يَقُوْلُ اَلَسْتُمْ فِيْ

حرب سے کہا سنا مینے نعمان ابن بشیر سے وہ کہتے تھے کیا نہیں ہو تم لوگ

طَعَامٍ وَشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ لَقَدْ رَاَيْتُ نَبِيَّكُمْ وَمَا

کہانے اور پینے مین جسقدر چاہو ف قسم خدا کی بیشک دیکہا مینے تمہارے نبی کو اس حال

يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَاُ بَطْنَهُ * حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ

کہ پاتے تھے ناکاری کہجور وے اسقدر کہ بہرین پیٹ اپنا ف حدیث کی ہمسے عبدہ ابن

عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ سُفْيٰنَ

عبد اللہ خزاعی نے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ ابن ہشام نے سفیان سے

عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ

اونسے محارب ابن دثار سے اونسے جابر ابن عبد اللہ سے اونسے کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اچہا سالن ہی سرکا *

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيٰنَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ

حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اونسے ایوب سے اونسے

اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ قَالَ كُنَّا عِنْدَ اَبِيْ

ابی قلابہ سے اونسے زہدم جرمی سے اونسے کہا تھے ہم نزدیک ابو

مُوسَى فَأُتِيَ بِلَحْمِ دَجَاجٍ فَتَنَحَّى رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَقَالَ

موسی کے پہر لایا گیا گوشت مرغی کا پہر کنارے ہوا ایک مرد جماعت مین سے (ف۱) تب ابو موسی نے کہا

مَا لَكَ قَالَ إِنِّي رَأَيْتُهَا تَأْكُلُ شَيْئًا نَتْنًا فَحَلَفْتُ

تجکو کیا ہوا ہی اوسنے کہا بیشک مین نے دیکہا اوسکو کہاتی ہی چیزین گندی پہر قسم کہائی مین نے

أَنْ لَا آكُلَهَا قَالَ اُدْنُ فَإِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

کہ نہ کہاؤنگا اسکو کہا ابو موسی نے نزدیک آ پہر بیشک مینے دیکہا ہی رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ لَحْمَ دَجَاجٍ * حَدَّثَنَا

صلے اللہ علیہ وسلم کو کہاتے ہوئے گوشت مرغی کا (ف۲) * حدیث کی ہمسے

الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْأَعْرَجُ الْبَغْدَادِيُّ ثَنَا إِبْرَاهِيمُ

فضل ابن سہل اعرج بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم

بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِيٍّ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُمَرَ بْنِ

ابن عبد الرحمن ابن مہدی نے ابراہیم ابن عمر ابن

سَفِينَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ أَكَلْتُ مَعَ رَسُولِ

سفینہ سے اوسنے اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے اوسنے کہا کہایا مینے ساتھ رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمَ حُبَارَى * حَدَّثَنَا

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے گوشت چکی ہکوا کا (ف۳) حدیث کی ہمسے

علی

عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ نَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَيُّوْبَ

علی ابن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل ابن ابراہیم نے ایوب سے

عَنِ الْقَاسِمِ التَّمِيْمِيِّ عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ قَالَ كُنَّا

اونسے قاسم تمیمی سے اونسے زہدم جرمی سے اونسے کہا کہ تھے ہم

عِنْدَ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ فَقُدِّمَ طَعَامُهٗ وَقُدِّمَ فِيْ طَعَامِهٖ

نزدیک ابی موسے کے کہا زہدم نے پھر آگے لایا گیا اُنکا کہانا اور لایا گیا اونکے کہانے مین

لَحْمُ دَجَاجٍ وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ تَيْمِ اللّٰهِ اَحْمَرُ

گوشت مرغی کا اور اوس جماعت مین ایک مرد تیم اللہ کے فرزندون مین سے سرخ رنگ

كَاَنَّهٗ مَوْلًى قَالَ فَلَمْ يَدْنُ فَقَالَ لَهٗ اَبُوْ مُوْسٰى

کا تھا گویا کہ وہ اپنی قوم کا پیشوا تھا * ف۱ کہا زہدم نے پھر نزدیک آیا وہ تب کہا اوسکو ابو موسی نے

اُدْنُ فَاِنِّيْ قَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور حال یہ کہ کہڑے تہے حدیث کی ہم سے ابو کریب محمد ابن علاء

وَمُحَمَّدُ بْنُ طَرِيفِ نِ الْكُوفِيُّ قَالَا اَنْبَاَ ابْنُ الْفُضَيْلِ

اور محمد ابن طریف کوفی نے دونو نے کہا خبر دی ہکو ابن فضیل نے

ف: جو دوسری حدیث میں جو کہڑے ہو کر پانی پینا منع آیا ہی تو ادب اور بیان جواز کے واسطے اور بیان جو حضرت نے کہڑے ہو کر پانی پیا ہی تو جواز کے بیان کے واسطے ١٢

عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنِ النَّزَّالِ

اعمش سے اوسنے عبد الملک ابن میسرہ سے اوسنے نزال

بْنِ سَبْرَةَ قَالَ اُتِيَ عَلِيٌّ بِكُوْزٍ مِنْ مَّاءٍ وَهُوَ فِي الرَّحْبَةِ

ابن سبرہ سے اوسنے کہا لایا گیا روبرو حضرت علی کے ایک کوزہ پانی کا اور حال یہ کہ وہ بیٹھے تھے رحبہ میں

فَاَخَذَ مِنْهُ كَفًّا فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ

فے بہر لیا کوزہ میں سے ایک چلو اور دہویا دونو ہاتہہ اپنے اور کلی کیا اور ناک میں پانی دیا

وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ وَرَاْسَهُ ثُمَّ شَرِبَ مِنْهُ

اور مسح کیا اپنے موہنہ کو اور دونو ہاتہوںکو اپنے اور اپنے سرکو پہر پیا اوسمیں سے

وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ قَالَ هٰذَا وُضُوْءُ مَنْ لَّمْ يُحْدِثْ

اور حال یہ کہ کہڑے تہے بعد اسکے فرمایا یہ وضو ہی اوس شخص کا کہ نہ ٹوٹا ہو وضو اوسکا

هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ

اسیطرح دیکہا مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو کرتے

* حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَيُوْسُفُ بْنُ حَمَّادٍ

حدیث کی ہمسے قتیبہ ابن سعید نے اور یوسف ابن حماد نے دونو نے

قَالَا ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ عِصَامٍ عَنْ

کہا حدیث کی ہمسے عبد الوارث ابن سعید نے ابی عصام سے اوسنے

رحبہ ایک چبوترہ ہے کوفہ کی مسجد میں حضرت امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ وہاں بیٹھ کر لوگوں کو وعظ کرتے تہے اور فیصلہ ۱۲ منہ

اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ

انس ابن مالک سے کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ وسلم تہے

يَتَنَفَّسُ فِي الْاِنَاءِ ثَلٰثًا اِذَا شَرِبَ وَيَقُوْلُ هُوَ اَمْرَاُ

دم لیتے برتن مین تین بار جب پانی پیتے ف ا اور فرماتے کہ اسطرح پینا بہت بچتا ہی

وَاَرْوٰى * حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ اَنْبَاَنَا عِيْسَى بْنُ

اور پیاس خوب جاتی ہی حدیث کی ہمسے علی ابن خشرم نے کہا خبر دی ہمکو عیسے ابن

يُوْنُسَ عَنْ رِشْدِيْنَ بْنِ كُرَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

یونس نے رشدین ابن کریب سے اونسے اپنے باپ سے اونسے ابن عباس سے

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا شَرِبَ تَنَفَّسَ

کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ وسلم تہے جب پیتے دم لیتے

مَرَّتَيْنِ * حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عُمَرَ ثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ يَزِيْدَ

دو بار حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے یزید

بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ عَنْ

ابن یزید ابن جابر سے اونسے عبد الرحمن ابن ابی عمرہ سے اونسے

جَدَّتِهٖ كَبْشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

اپنی دادی کبشہ سے اونسے کہا کہ تشریف لائے میرے پاس رسول اللہ صلے

ف ا یعنی برتن کے باہر سانس
تین بار برتن کے اندر دم
لینا ابرکر دوسری
دفعہ برتن کے اندر
دم لینا منع
فرمایا ہی ۱۲

الله

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَرِبَ مِنْ فِيْ قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ قَائِمًا

الله علیه وسلم پہر پیا موہنہ سے مشک کے جو لٹکی تہی اور حال یہہ کہ کہڑے تہے

فَقُمْتُ اِلٰی فِیْهَا فَقَطَعْتُهُ * حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ

پہر کہڑی ہوئی مین مشک کے موہنہ کے پاس اور کاٹ لیا اسکو × حدیث کی ہمسے محمد ابن بشار نے

اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ اَنْبَاَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ

کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمن ابن مہدی نے کہا خبر دی ہمکو عزرہ ابن ثابت

الْاَنْصَارِيُّ عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ كَانَ اَنَسُ

انصاری نے اونسے ثمامہ ابن عبد الله سے اونسے کہا کہ تہے انس

بْنُ مَالِكٍ يَتَنَفَّسُ فِي الْاِنَاۤءِ ثَلٰثًا وَزَعَمَ اَنَسٌ اَنَّ

ابن مالک دم لیتے نزدیک برتن کے تین بار اور کہا انس نے کہ بیشک

النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَنَفَّسُ فِي الْاِنَاۤءِ ثَلٰثًا

نبی صلے الله علیه وسلم تہے دم لیتے نزدیک برتن کے تین بار ×

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنْبَاَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ

حدیث کی ہمسے عبد الله ابن عبد الرحمن نے کہا خبر دی ہمکو ابو عاصم نے

جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ عَنِ الْبَرَآءِ بْنِ زَيْدِ بْنِ ابْنَةِ

جریج سے اونسے عبد الکریم سے اونسے براء ابن زید ناتی ۱۲

أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ
انس ابن مالک سے اوسنے انس ابن مالک سے کہ بیشک نبی صلے اللہ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى أُمِّ سُلَيْمٍ وَقِرْبَةٌ مُعَلَّقَةٌ فَشَرِبَ
علیہ وسلم تشریف لائے ام سلیم کے پاس اور مشک لٹکی تہی پہر پیا حضرت نے
مِنْ فَمِ الْقِرْبَةِ وَهُوَ قَائِمٌ فَقَامَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ
موہنہ سے مشک کے اور حال یہ کہ حضرت کہڑی تہے تب کہڑی ہوی ام سلیم انس کی ما
إِلٰى رَأْسِ الْقِرْبَةِ فَقَطَعَتْهَا * حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ
مشک کے سر کے پاس اور کاٹ لیا اوسکو * حدیث کی ہمسے احمد ابن نصر
النَّيْسَابُورِيُّ أَنْبَأَ إِسْحٰقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَرْوِيُّ * حَدَّثَنَا
نیسا بوری نے کہا خبر دی ہمکو اسحاق ابن محمد فروی نے * کہا حدیث کی ہمسے
عُبَيْدَةُ بِنْتُ نَائِلٍ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدِ بْنِ أَبِي
عبیدہ بنت نایل نے عائشہ بنت سعد ابن ابی
وَقَّاصٍ عَنْ أَبِيهَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ
وقاص سے اوسنے اپنے باپ سے کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ وسلم تہے
يَشْرَبُ قَائِمًا وَقَالَ بَعْضُهُمْ عُبَيْدَةُ بِنْتُ نَابِلٍ *
پانی پیتے کہڑی ہوکر * ف اور بعضوں نے کہا کہ عبیدہ بنت نابل * *

بَابُ مَا جَآءَ فِیْ تَعَطُّرِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

یہ باب ہی اون حدیثونکا جو آئی ہین بیان مین خوشبو لگانے رسول اللہ صلے اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ

علیہ وسلم کے * حدیثکی ہمسے محمد ابن رافع نے اور بہت لوگون نے

قَالُوْا اَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَیْرِیُّ نَا شَیْبَانُ عَنْ عَبْدِ

سب نے کہا خبردی ہمکو ابو احمد زبیری نے کہا حدیثکی ہمسے شیبان نے عبد اللہ

اللّٰہِ بْنِ الْمُخْتَارِ عَنْ مُوْسَی بْنِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِیْہِ

ابن مختار سے اوسنے موسے ابن انس ابن مالک سے اوسنے اپنے باپ

قَالَ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سُكَّۃٌ

اوسنے کہا کہ تہے واسطے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سکہ

یَتَطَیَّبُ مِنْهَا * حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ اَنَا

کہ خوشبو لگاتے اوسے فا * حدیث کی ہمسے محمد ابن بشار نے کہا خبردی ہمکو

عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ اَنَا عَزْرَۃُ بْنُ ثَابِتٍ عَنْ

عبد الرحمن ابن مہدی نے کہا خبردی ہمکو عزرہ ابن ثابت نے ۱۲

ثُمَامَۃَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ كَانَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ لَا یَرُدُّ

ثمامہ ابن عبد اللہ سے اوسنے کہا کہ تہے انس ابن مالک نہین پہیرتے

فا سکہ ایک قسم کی خوشبو کا نام ہی کہ اوسمین دوسری خوشبوئین ملاکے اوسکا استعمال کرتے ہین ۱۲

الطِّيبَ وَقَالَ اَنَسٌ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ
خوشبوی کو ہدیہ [ف۱] اور کہا انس نے کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ و سلم تھے
لَا يَرُدُّ الطِّيبَ * حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ ثَنَا
نہ پھیرتے خوشبوی کو * حدیث کی ہمسے قتیبہ ابن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے
ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ جُنْدُبٍ
ابن ابی فدیک نے عبد اللہ ابن مسلم ابن جندب سے
عَنْ اَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ قَالَ
اوسنے اپنے باپ سے اوسنے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا کہ فرمایا
رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثٌ لَا تُرَدُّ الْوَسَائِدُ
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تین چیزیں ہیں کہ پھیری نہیں جاتی ہیں ایک تکیہ
وَالدُّهْنُ وَاللَّبَنُ * حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا
دوسرے تیل خوشبو تیسرے دود * حدیث کی ہمسے محمود ابن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے
اَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ عَنْ سُفْيٰنَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِي
ابو داود حفری نے اوسنے سفیان سے اوسنے جریری سے اوسنے ابی
نَضْرَةَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ
نضرت سے اوسنے ایکمرد سے اوسنے ابی ہریرہ سے اوسنے کہا کہ فرمایا رسول اللہ

ف۱ یعنی جب کوئی اسکو ہدیہ دیتا ۱۲

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طِيبُ الرِّجَالِ مَا ظَهَرَ رِيحُهُ وَخَفِيَ

صلے اللہ علیہ وسلم نے خوشبوئی مردونکی وہ ہی کہ ظاہر ہو بو اسکی اور چھپا ہو

لَوْنُهُ وَطِيبُ النِّسَاءِ مَا ظَهَرَ لَوْنُهُ وَخَفِيَ رِيحُهُ ٭

رنگ اوسکا اور خوشبوئی عورتونکی وہ ہی کہ ظاہر ہو رنگ اوسکا اور چھپی ہو بو اسکی ٭

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَنْبَأَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ عَنِ

حدیث کی ہمسے علی ابن حجر نے کہا خبر دی ہمکو اسمٰعیل ابن ابراہیم نے ۱۲

الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِي نَضْرَةَ عَنِ الطُّفَاوِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

جریری سے اوسنے ابو نضرہ سے اوسنے طفاوی سے اوسنے ابو ہریرہ سے

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ بِمَعْنَاهُ ٭ حَدَّثَنَا

اوسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے لفظ مثل اوپر کی حدیث کی اور یہی معنے ویسے ہی ٭ حدیث کی ہمسے

مُحَمَّدُ بْنُ خَلِيفَةَ وَعَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَا ثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ

محمد ابن خلیفہ اور عمر ابن علی نے دونو بولے حدیث کی ہمسے یزید ابن زریع نے

ثَنَا حَجَّاجٌ الصَّوَّافُ عَنْ حَنَّانٍ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ

کہا حدیث کی ہمسے حجاج صواف نے حنان سے اوسنے ابی عثمان نہدی سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُعْطِيَ اَحَدُكُمْ

اوسنے کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب دیا جاوے کوئی تم میں کا

كم الريحان فلا يرده فانه خرج من الجنة قال

پہول خوشبودار تو نہ پہیری اوسکو پہر بیشک وہ نکلا ہی جنت سے * ف۱ * کہا

ابو عيسى لا نعرف لحنان غير هذا الحديث وقال عبد

ابو عیسے نے ہم نہین پہچانتے حنان کے واسطے سوا اس حدیث کے اور کہا عبد

الرحمن بن ابي حاتم في كتب الجرح والتعديل حنان

الرحمن ابن ابے حاتم نے کتاب جرح اور تعدیل مین حنان

الاسدي من بني اسد بن شريك وهو صاحب الرقيق

اسدی فرزندوں مین سے اسد ابن شریک کے اور وہ یار ہین مسدد کے باپ کے

عم والد مسدد وروى عن ابي عثمان النهدي وروى

چچا کے یار کے اور اوسنے روایت کی ہی ابی عثمان نہدی سے اور روایت کی

عنه الحجاج بن ابي عثمن الصواف سمعت ابي يقول

اوسے حجاج ابن ابے عثمان صواف نے مین نے سنا اپنے باپ سے وہ کہتے تہے

ذلك * حدثنا عمر بن اسمعيل بن مجالد بن سعيد

ایسا ہی * حدیث کی ہمسے عمر ابن اسمعیل ابن مجالد ابن سعید

الهمداني انبأ ابي عن بيان عن قيس بن ابي حازم

ہمدانی نے کہا خبر دی مجکو میرے باپ نے اوسنے بیان سے اوسنے قیس ابن ابی حازم سے

ف۱ ریحان ایک گہاس ہی خوشبودار اور بعضے کہتے ہیں کہ ہر گہاس خوشبودار اور اسم جنس ہی ۱۲ منہ

عن

عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ عُرِضْتُ بَيْنَ يَدَيْ عُمَرَ بْنِ

اوسنے جریر ابن عبد اللہ سے لوسنے کہا حاضر کیا گیا میں روبرو حضرت عمر ابن

الْخَطَّابِ فَاَلْقٰى جَرِيْرٌ رِدَآءَهُ وَمَشٰى فِيْ اِزَارٍ فَقَالَ لَهٗ

خطاب کے پہر ڈال دیا جریر نے ف۱ اپنی چادر اور چلا فقط تہبند باندہے تب کہا اوسکو یعنی مجکو حضرت

خُذْ رِدَآءَكَ فَقَالَ عُمَرُ لِلْقَوْمِ مَا رَاَيْتُ رَجُلًا اَحْسَنَ

عمر نے لے لے اپنی چادر اور فرمایا عمر نے لوگوں سے کہ میں نے نہ دیکھا کسی مرد کو اچھا زیادہ

صُوْرَةً مِنْ جَرِيْرٍ اِلَّا مَا بَلَغَنَا مِنْ صُوْرَةِ يُوْسُفَ عَلَيْهِ

صورت میں جریر سے مگر جو خبر پہنچی ہی صورت یوسف علیہ

السَّلَامُ ٭ بَابُ كَيْفَ كَانَ كَلَامُ رَسُوْلِ

السلام ٭ ف۲ اس باب میں یہ بیان کہ کس طرح تہا کلام رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ٭ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا حدیث کی ہمسے حمید ابن

مَسْعَدَةَ الْبَصْرِيُّ ثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ عَنْ اُسَامَةَ

مسعدہ بصری نے کہا حدیث کی ہمسے حمید ابن اسود نے عن اسامہ

بْنِ زَيْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ

ابن زید سے اوسنے زہری سے اوسنے عروہ سے اوسنے عائشہ رضی اللہ

ف۱ [illegible]

ف۲ [illegible]

عَنْهَا قَالَتْ مَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْرُدُ

عنہا سے کہا کہ نہ تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جلدی جلدی

سَرْدَكُمْ هٰذَا وَلٰكِنَّهٗ كَانَ يَتَكَلَّمُ بِكَلَامٍ بَيِّنٍ

بات کرتے مثل جلدی بات کرنے تم لوگوں کے یہہ ولیکن حضرت تھے بات کرتے ساتھہ کلام صاف اور

فَصْلٍ يَحْفَظُهٗ مَنْ جَلَسَ اِلَيْهِ * حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى

جدا جدا کے کہ یاد کر لیتا اوسکو جو شخص کہ بیٹھا ہوتا انکے پاس * حدیث کی ہمسے محمد ابن یحیی نے

ثَنَا اَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُثَنّٰى

کہا حدیث کی ہمسے ابو قتیبہ سلم ابن قتیبہ نے عبد اللہ ابن مثنے سے

عَنْ ثُمَامَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

اوسنے ثمامہ سے اوسنے انس ابن مالک سے اوسنے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعِيْدُ الْكَلِمَةَ ثَلٰثًا لِتُعْقَلَ عَنْهُ *

اللہ علیہ وسلم دہرا دہرا کے کہتے بات تین مرتبہ تا کہ سمجھا جاوے وہ کلام اونسے

حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ بْنُ وَكِيْعٍ اَنْبَاَنَا جُمَيْعُ بْنُ عُمَرَ وَبْنِ عَبْدِ

حدیث کی ہمسے سفیان ابن وکیع نے کہا خبر دی ہمکو جمیع ابن عمر و ابن عبد

الرَّحْمٰنِ الْعِجْلِيُّ ثَنِيْ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ مِنْ وَلَدِ اَبِيْ هَالَةَ

الرحمن عجلی نے کہا حدیث کی مجھسے ایک مرد نے بنی تمیم میں سے اولاد میں سے ابی ہالہ کی

زَوْجِ خُدَیْجَۃَ یُکْنٰی اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ عَنِ ابْنٍ لِاَبِیْ ھَالَۃَ

جو زوج تھے خدیجہ کے پکاریجاتے تھے ابو عبد اللہ اونسے ایک بیٹے سے ابی ہالہ کے

عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ سَئَلْتُ خَالِیْ ھِنْدَ بْنَ اَبِیْ

اونسے حضرت امام حسن ابن علی سے انہوں نے فرمایا کہ پوچھا مینے اپنے ماموں ہند ابن ابی

ھَالَۃَ وَکَانَ وَصَّافًا فَقُلْتُ صِفْ اِیْ مَنْطِقَ

ہالہ سے اور وہ تھے صفت کرنیوالے حضرت کی کہا مینے کہ بیان کر مجھسے احوال بات کرنے

رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا کہا کہ تھے رسول اللہ صلے

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُتَوَاصِلَ الْاَحْزَانِ دَائِمَ الْفِکْرَۃِ لَیْسَتْ

اللہ علیہ وسلم ہمیشہ غم میں رہتے × ف۱ ہمیشہ فکر کرنیوالے × ف۲ نہ تھی اونکو

لَہٗ رَاحَۃٌ طَوِیْلَ السَّکْتِ لَا یَتَکَلَّمُ فِیْ غَیْرِ حَاجَۃٍ

دنیا میں راحت بہت چپ رہتے نہ بات کرتے بغیر حاجت کے

یَفْتَتِحُ الْکَلَامَ وَیَخْتِمُہٗ بِاَشْدَاقِہٖ وَیَتَکَلَّمُ بِجَوَامِعِ

شروع کرتے بات اور تمام کرتے اسکو اپنے گل بھر دونسے × ف۳ اور بات کرتے اسطرح پر کہ لفظ

الْکَلِمِ کَلَامُہٗ فَصْلٌ لَا فُضُوْلٌ وَلَا تَقْصِیْرَ

تھوڑے ہوں اور معنی بہت بات اونکی جدا کرنیوالی تھی × ف۴ نہ زیادہ نہ کم × نہ کم × ف۵ ×

لَيْسَ بِالْجَافِي وَلَا الْمُهِينِ يُعَظِّمُ النِّعْمَةَ وَاِنْ دَقَّتْ

نہ تھے ظلم کرنیوالے اور نہ حقیر کرنیوالے ف۱ بڑی جانتے نعمت کو اگرچہ تھوڑی ہوتی

لَا يَذُمُّ مِنْهَا شَيْئًا غَيْرَ اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَذُمُّ ذَوَاقًا

مذمت نہ کرتے اوس نعمت میں سے کسی چیز کو سوائے اسکی کہ آنحضرت نہ تھے مذمت کرتے کھانے پینے کی کسی چیز کو

وَلَا يَمْدَحُهُ وَلَا تُغْضِبُهُ الدُّنْيَا وَلَا مَا كَانَ لَهَا

اور نہ تعریف کرتے اوسکی ف۲ اور غصہ میں نہ لاتی اونکو دنیا اور نہ وہ چیز کہ ہی واسطے دنیا کے

فَاِذَا تُعُدِّيَ الْحَقُّ لَمْ يَقُمْ لِغَضَبِهِ شَيْءٌ حَتّٰى يَنْتَصِرَ

پھر جب عداوت کیا جاتا حق نہ تھامتی اونکے غصہ کو کوئی چیز جب تک کہ بدلا نہ لیتے

لَهُ لَا يَغْضَبُ لِنَفْسِهِ وَلَا يَنْتَصِرُ لَهَا اِذَا اَشَارَ

اوسکا ف۳ غصہ نہ فرماتے اپنی جان کے واسطے اور بدلا نہ لیتے اپنی جان کے واسطے جب اشارہ کرتے کسی چیز کی

اَشَارَ بِكَفِّهِ كُلِّهَا وَاِذَا تَعَجَّبَ قَلَبَهَا وَاِذَا

طرف اشارہ کرتے اپنی ساری ہتھیلی سے اور جب تعجب کرتے الٹ دیتے اسکو اور جب

تَحَدَّثَ اتَّصَلَ بِهَا وَضَرَبَ بِرَاحَتِهِ الْيُمْنٰى

بات کرتے نزدیک کرتے ہتھیلی اپنی اور مارتے اپنی ہتھیلی داہنی سے

بَطْنَ اِبْهَامِهِ الْيُسْرٰى وَاِذَا غَضِبَ اَعْرَضَ

پیٹ کو اپنے بائیں انگوٹھے کے اور جب غصہ ہوتے تو طرح دیجاتے

واشاح

وَاَشَاحَ وَاِذَا فَرِحَ غَضَّ طَرْفَهُ جُلُّ ضِحْكِهِ

اور زیادتی کرتے طرح دینے مین اور جب خوش ہوتے تو نیچے کرتے اپنی آنکھ کو بہت ہنسنا انکا

التَّبَسُّمُ يَفْتَرُّ عَنْ مِثْلِ حَبِّ الْغَمَامِ ٭ بَابُ

مسکرانا تہا پیاری ہنسی سے کہول دیتے جیسے اولے کے دانہ بدلی مین ٭ یہ باب ہی ان حدیثون کا

مَا جَاءَ فِيْ ضِحْكِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

جو آئی ہیں بیان میں ہنسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ ٭ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ ثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ

وسلم کے ٭ حدیث کی ہمسے احمد ابن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے عباد ابن عوام نے

اَنَا الْحَجَّاجُ وَهُوَ ابْنُ اَرْطَاةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ

کہا خبر دی ہمکو حجاج نے اور وہی ابن ارطاۃ ہی اونسے سماک ابن حرب سے

عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ فِيْ سَاقَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ

اونسے جابر ابن سمرہ سے کہا کہ تہی بیچ دونو پنڈلی رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُمُوْشَةٌ وَكَانَ لَا يَضْحَكُ

صلے اللہ علیہ وسلم کے باریک اور تہے نہ ہنستے

اِلَّا تَبَسُّمًا فَكُنْتُ اِذَا نَظَرْتُ اِلَيْهِ قُلْتُ اَكْحَلُ

مگر مسکرانا پہر تہا مین جب دیکہتا اونکی طرف تو کہتا سرمہ دی ہوئی ہین

ف یعنی ہنسنے مین دندان مبارک نکل آتے اور اونکی سفیدی اولے کی طرح بہت پیاری لگتی ۱۲

الْعَيْنَيْنِ وَلَيْسَ بِأَكْحَلَ * حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ
آنکھیں اور حال یہ کہ نہتیں سُرمہ دی ہوئی (ف۱) حدیث کی ہمسے قتیبہ ابن سعید نے
انا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ ابْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ
کہا خبر دی ہمکو ابن لہیعہ نے عبید اللہ ابن مغیرہ سے اوسنے
عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ قَالَ مَا رَأَيْتُ اَحَدًا
عبد اللہ ابن حارث ابن جزء سے کہا نہ دیکھا مینے کسیکو
اَكْثَرَ تَبَسُّمًا مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ * ۱۴
زیادہ مسکرانے مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے * ف۲
حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَلَّالُ ثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْحٰقَ
حدیث کی ہمسے احمد ابن خالد خلال نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ ابن اسحاق
السَّيْلَحَانِيُّ ثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي
سیلحانی نے اوسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث ابن سعد نے یزید ابن ابی
حَبِيبٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحٰرِثِ قَالَ مَا كَانَ ضِحْكُ
حبیب سے اوسنے عبد اللہ ابن حارث سے کہا کہ نہ تھا ہنسنا
رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا تَبَسُّمًا قَالَ اَبُو عِيسٰى
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مگر مسکرانا کہا ابو عیسے نے

ف۱ یہ سرمگینی بیچ حضرت کے بغیر سرمہ دینے کے ہی تھی مگر اونکی آنکھ حضرت کی ایسی تھی جیسے سرمہ دی لگی تھی ۱۲

ف۲ ہنسی بیچ حضرت کے زیادہ نہ تھی بلکہ ہنسی انکی مسکرانا تہا ۱۲

ہذا

هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ ✢

یہ حدیث غریب ہی حدیث لیث ابن سعد سے ×

حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ نِ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ اَنْبَاَ وَكِيْعٌ

حدیث کی ہمسے ابو عمار حسین ابن حریث نے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے

نَنَا الْاَعْمَشُ عَنِ الْمَعْرُوْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ

کہا حدیث کی ہمسے اعمش نے معرور ابن سوید سے اور سنے ابوذر رضی اللہ

عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ

عنہ سے کہا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک مین

لَاَعْلَمُ اَوَّلَ رَجُلٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَاٰخِرَ رَجُلٍ يَخْرُجُ مِنَ

خوب جانتا ہون پہلے مرد کو جو داخل ہوگا بہشت مین اور پچھلے مرد کو جو نکلے گا

النَّارِ يُؤْتٰى بِالرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُقَالُ اِعْرِضُوْا عَلَيْهِ

آگ سے لایا جاویگا ایک مرد دن قیامت کے پھر کہا جاویگا فرشتونکو کہ بیان کرو روبرو اسکے

صِغَارَ ذُنُوْبِهٖ وَتُخَبَّاُ عَنْهُ كِبَارُهَا فَيُقَالُ

چھوٹی گناہین اوسکی اور حال یہ کہ چھپائی جاویگی اوسے بڑی گناہین تب کہا جاویگا

لَهٗ عَمِلْتَ يَوْمَ كَذَا كَذَا وَكَذَا وَهُوَ مُقِرٌّ

اوسکو کہ کیا تو نے فلانے روز ایسا اور ایسا اور وہ اقرار کرنیوالا ہوگا

لَا يُنْكِرُ وَهُوَ مُشْفِقٌ مِنْ كِبَارِهَا فَيُقَالُ اَعْطُوهُ
انکار نکریگا اور حال یہ کہ وہ ڈرنیوالا ہوگا بڑے گناہونسے تب کہا جاویگا دو اوسکو

مَكَانَ كُلِّ سَيِّئَةٍ عَمِلَهَا حَسَنَةً فَيَقُولُ اِنَّ لِيْ ذُنُوْبًا
بجای ہر بدی کے جو اسنے کیا ہو ایک نیکی تب کہیگا بیشک میری اور گناہیں ہیں

مَا اَرَاهَا هٰهُنَا قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ فَلَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ
کہ نہیں دیکھتا ہوں اونکو اس جگہہ کہا ابو ذر نے پھر بیشک دیکھا میں نے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ
صلے اللہ علیہ وسلم کو ہنسے یہانتک کہ ظاہر ہوئے ہنسنے کے دانت اونکے

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو ثَنَا
حدیث کی ہمسے احمد ابن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ ابن عمر نے کہا حدیث کی ہمسے

زَائِدَةُ عَنْ بَيَانٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ جَرِيْرِ
زائدہ نے بیان سے اوسنے قیس ابن ابی حازم سے اوسنے جریر

بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَا حَجَبَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
ابن عبد اللہ سے اوسنے کہا کہ نہ منع کیا مجھکو پاس آنے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَاٰنِيْ اِلَّا ضَحِكَ × حَدَّثَنَا
وسلم نے جسوقت سے مسلمان ہوا میں اور نہ دیکھا مجھکو مگر ہنسے × حدیث کی ہمسے

ف نواجذ کہتے ہیں بیچ کے دانت کو اور فارسی میں اوسکو نیش دندان کہتے ہیں اور بعضے راوی کہتے ہیں اون دانتونکو جو کہ پیچھے ہیں اسیکو علی بن عثمان کہتے ہیں ۱۲

ف یعنی منع نکیا مجھکو حضرت صلعم نے ۱۲

أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ ثَنَا مُعٰوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو وَثَنَا زَائِدَةُ

احمد ابن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ ابن عمرو نے کہا حدیث کی ہمسے زایدہ نے

عَنْ اِسْمٰعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيرٍ قَالَ مَا

اسماعیل ابن ابی خالد سے اوسنے قیس سے اوسنے جریر سے اوسنے کہا نہ

حَجَبَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ

منع کیا مجکو پاس آنے سے رسول الله صلے الله علیہ وسلم نے جبوقت سے مسلمان ہوا مین

وَلَا رَاٰنِي اِلَّا تَبَسَّمَ * حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ

اور نہ دیکھا مجکو مگر مسکرائے حدیث کی ہمسے ہنا د ابن سری نے

ثَنَا اَبُو مُعٰوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ

کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اوسنے ابراہیم سے اوسنے

عُبَيْدَةَ السَّلْمَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ

عبیدہ سلمانی سے اوسنے عبد الله ابن مسعود رضی الله

عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّي

عنہ سے کہا فرمایا رسول الله صلے الله علیہ وسلم نے کہ بیشک مین

لَاَعْرِفُ اٰخِرَ اَهْلِ النَّارِ خُرُوجًا رَجُلٌ يَخْرُجُ مِنْهَا

پہچانتا ہون آخری سب دوزخیونکو آگ سے نکلنے مین وہ ایک مرد ہوگا کہ نکلیگا آگ سے

زَحْفًا فَيُقَالُ لَهُ انْطَلِقْ فَادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ فَيَذْهَبُ

گھٹنوں کے بل تب کہا جاویگا اوسکو چل اور داخل ہو بہشت مین فرمایا حضرت نے پہر جاویگا

لِيَدْخُلَ الْجَنَّةَ فَيَجِدُ النَّاسَ قَدْ اَخَذُوا الْمَنَازِلَ

تاکہ داخل ہو بہشت مین تب پاویگا لوگونکو کر بیشک لے لیا اپنے اپنے ٹھکانے

فَيَرْجِعُ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ قَدْ اَخَذَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ

تب پہر آویگا اور کہیگا کہ اے میرے رب بیشک لے لیا لوگون نے اپنا اپنا ٹھکانا

فَيُقَالُ لَهُ اَتَذْكُرُ الزَّمَانَ الَّذِيْ كُنْتَ فِيْهِ فَيَقُوْلُ

تب کہا جاویگا اوسکو کہ کیا یاد کرتا ہی تو وہ زمانہ کہ تہا تو اوسمین *ف ١ تب کہیگا

نَعَمْ قَالَ فَيُقَالُ لَهُ تَمَنَّ قَالَ فَيَتَمَنّٰى فَيُقَالُ لَهُ

کہ ہان یاد کرتا ہون تب کہا جاویگا اوسکو کہ آرزو کر *ف ٢ پہر آرزو کریگا تب کہا جاویگا اوسکو

فَاِنَّ لَكَ الَّذِيْ تَمَنَّيْتَ وَعَشَرَةَ اَضْعَافِ الدُّنْيَا

کہ بیشک تیرے واسطے ہی جو تونے آرزو کیا اور دس گونا دنیا کا

قَالَ فَيَقُوْلُ اَتَسْخَرُ بِيْ مِنِّيْ وَاَنْتَ الْمَلِكُ قَالَ

فرمایا حضرت نے پہر وہ کہیگا بہلا ہنسی کرتا ہی تو مجھسے اور حال یہ کہ تو بادشاہ ہی کہا عبد اللہ نے

فَلَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پہر بیشک دیکہا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو

ف ١ یعنی دوزخ یاد ہی ١٢

ف ٢ یعنی جو چاہو ١٢

ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ * حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ

کہ ہنسے یہانتک کہ ظاہر ہوئے ہنسی کے دانت انکے * حدیث کی ہمسے قتیبہ ابن سعید نے

اَنْبَاَ اَبُوالْاَحْوَصِ عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ رَبِیْعَةَ

کہا خبر دی ہمکو ابوالاحوص نے ابی اسحاق سے اونسے علی ابن ربیعہ سے

قَالَ شَهِدْتُ عَلِیًّا رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اُتِیَ بِدَابَّةٍ لِیَرْکَبَهَا

اونسے کہا حاضر ہوا مین حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس لائے گئے وہ ایک جانور تا کہ سوار ہوں اوس پر

فَلَمَّا وَضَعَ رِجْلَهٗ فِی الرِّکَابِ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ فَلَمَّا اسْتَوٰی

پھر جب رکھا پاؤں اپنا رکاب مین کہا بسم اللہ پھر جب سوار ہو چکے

عَلٰی ظَهْرِهَا قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ثُمَّ قَالَ سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ

اوسکی پیٹھ پر کہا الحمد للہ بعد اوسکے کہا ساتھہ پاکی کے یاد کرتا ہون اوس مالک کو کہ تابعدار کیا

لَنَا هٰذَا وَمَا کُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا

ہمارا اسکو اور نہ تھے ہم واسطے تابع کرنے اوسکے طاقت رکھنے والے اور بیشک ہم اپنے پروردگار کی طرف

لَمُنْقَلِبُوْنَ ثُمَّ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ثَلٰثًا وَاللّٰهُ اَکْبَرُ ثَلٰثًا

رجوع کرنیوالے ہین بعد اسکے کہا الحمد للہ تین بار اور اللہ اکبر تین بار

سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ

پاک ہی تو بیشک مینے ظلم کیا اپنی جان پر پھر بخش تو مجکو پھر بیشک حال یہہ ہی کہ کوئی نہین بخشتا

الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ ثُمَّ ضَحِكَ فَقُلْتُ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ ضَحِكْتَ

گناہونکو سوای تیرے پھر ہنسے تب کہا مینے کس چیز سے ہنسے آپ

يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

ای امیر المومنین فرمایا دیکہا مین نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ صَنَعَ كَمَا صَنَعْتُ ثُمَّ ضَحِكَ فَقُلْتُ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ

وسلم کو کیا جیسا کہ مینے کیا بعد اسکے ہنسے تب کہا مینے کس چیز سے

ضَحِكْتَ يَا رَسُوْلَ اللهِ قَالَ اِنَّ رَبَّكَ لَيَعْجَبُ مِنْ عَبْدِهٖ

ہنسے آپ یا رسول اللہ فرمایا بیشک رب تیرا خوش ہوتاہی اپنے بندے

اِذَا قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ يَعْلَمُ اَنَّهٗ لَا يَغْفِرُ

جب کہتاہی ای میرے رب بخش دے مجکو گناہیں میرے جانتاہی وہ کہ بیشک حال یہہ ہی کہ نہین بخشتا

الذُّنُوْبَ اَحَدٌ غَيْرِيْ * حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ

گناہونکو کوئی سوا میرے * حدیث کی ہمسے محمد ابن بشار نے

اَنْبَاَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْاَنْصَارِيُّ ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ

کہا خبر دی ہمکو محمد ابن عبداللہ انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے ابن عون نے

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ

محمد ابن محمد ابن اسود سے اونسے عامر ابن سعد سے کہا

قَالَ سَعْدٌ لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہ کہا سعدنے کہ بیشک دیکہا مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو

ضَحِكَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ قَالَ قُلْتُ كَيْفَ

ہنسے دن جنگ خندق کے یہانتک کہ ظاہر ہوے ہنسے کے دانت اوچکے کہا عامر کہا مینے سعد سے کیونکر

كَانَ قَالَ كَانَ رَجُلٌ مَعَهٗ تُرْسٌ وَكَانَ سَعْدٌ رَامِيًا

تہا ہنسنا کہا تہا ایک مرد اوسکے ساتھ تہی ڈہال اور تہے سعد تیر انداز

وَكَانَ يَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا بِالتُّرْسِ يُغَطِّي جَبْهَتَهٗ فَنَزَعَ لَهٗ

اور تہا وہ کافر اشارہ کرتا ایسے ایسے ڈہال سے چہپاتا تہا پیشانی اپنی پہر نکالی اوسکے واسطے

سَعْدٌ بِسَهْمٍ فَلَمَّا رَفَعَ رَاْسَهٗ رَمَاهُ فَلَمْ

سعدنے ایک تیر پہر جو ہین اوٹہایا اوسنے سر اپنا تیر مارا سعد اوسکو پہر نہ

يُخْطِئْ هٰذِهٖ مِنْهُ يَعْنِي جَبْهَتَهٗ وَانْقَلَبَ وَشَالَ

چوکا یہہ تیر اوسے یعنے اوسکی پیشانی مین جا پہنچا اور اولٹ گیا وہ کافر اور اٹہایا

بِرِجْلِهٖ فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى

اپنا پاؤن تب ہنسے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یہانتک

بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ قُلْتُ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ ضَحِكَ قَالَ مِنْ فِعْلِهٖ

کہ کہلے ہنسنے کے دانت اونکے کہا مینے کس چیز سے ہنسے کہا اوسکے اوس کام سے

ف جس طرح دونون
نادبا کر ایک جانب اسی طرح ہون
ایسے روشنا تہا ١٢

بِالرَّجُلِ * بَابُ مَا جَاءَ فِي مِزَاحِ رَسُولِ

پاو گئے تھین * یہ باب ہی اون حدیثونکا جو آئی ہین بیان مین خوش طبعی کرنے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ

الله صلی الله علیه وسلم کے * حدیث کی ہمسے محمود ابن

غَيْلَانَ اَنْبَأَ اَبُو اُسَامَةَ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ

غیلان نے کہا خبر دی ہمکو ابو اسامہ نے شریک سے اونسے عاصم احول سے

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اونسے انس ابن مالک سے اونسے کہا کہ بیشک نبی صلی الله علیه وسلم نے

قَالَ لَهُ يَا ذَا الْاُذُنَيْنِ يَعْنِي يُمَازِحُهُ * حَدَّثَنَا

فرمایا اوسکو کہ ای دو کان والے یعنے حضرت خوش طبعی کرتے تھے انسے (ف) حدیث کی ہمسے

هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ اَنْبَأَ وَكِيعٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ

ہناد ابن سری نے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے شعبہ سے اونسے ابی تیاح سے

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اونسے انس ابن مالک سے اونسے کہا کہ بیشک حال یہ ہی کہ تہے نبی صلی الله علیه

وَسَلَّمَ لَيُخَالِطُنَا حَتَّى يَقُولَ لِاَخٍ لِي صَغِيرٍ يَا اَبَا

وسلم رلے ملے رہتے ہم مین یہانتک کہ فرمانے لگے ہمارے چھوٹے بھائی سے کہ ای باپ

ف احتمال ہی کہ حضرت نے یہ
لفظ ازراہ خوش طبعی فرمایا
و خوش طبعی کے طور پر ہی کہ
کہ حضرت کی عادت تہی کہ
صحابہ سے خوش طبعی کرتے
تہے اس واسطے کہ انکو الفت
زیادہ ہو اور بعضے کہتے ہین
اور حضرت نے اسکا سبب یہ
اور مسئلہ پوچہنے مین
کہ اونکے کان بڑے تہے
سنکر ہر بات یاد رکہتے اور
میری بات سنا کرو اور
ہان لینا ہی تو گویا انکے
دو کان ظاہری اور
باطنی اور حقیقت مین دو کان
تو بڑے ہین تو حضرت نے
ایسا لفظ فرمایا کہ ایک
اور خوش طبعی نکلی اسطرح کی
خوش طبعی سنت اور
درست ہی ١٢

عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ قَالَ اَبُوْ عِيْسٰى وَفِقْهُ هٰذَا الْحَدِيْثِ
عمیر کے کیا کیا لال نے ف ١ کہا ابو عیسے نے کہ فقہ اس سے یہ نکلی
اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُمَازِحُ وَفِيْهِ اَنَّهُ
کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ وسلم تھے خوش طبعی کرتے اور اسمیں یہ نکلا کہ بیشک حضرت نے
كَنّٰى غُلَامًا صَغِيْرًا فَقَالَ لَهُ يَا اَبَا عُمَيْرٍ وَفِيْهِ اَنْ لَا
کنیت رکھی چھوٹے لڑکے کی اور کہا اوسکو کہ ای باپ عمیر کے ف ٢ اور اسمیں یہ نکلا کہ مضایقہ نہیں
بَاْسَ اَنْ يُّعْطَى الصَّبِيُّ الطَّيْرَ لِيَلْعَبَ بِهٖ وَاِنَّمَا قَالَ لَهُ
کہ دیا جاوے لڑکا چڑیا تاکہ کھیلے اوسکو اور نہ فرمایا اوسکو
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ
نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ای باپ عمیر کے کیا کیا لال نے
لِاَنَّهُ كَانَ لَهُ نُغَيْرٌ فَيَلْعَبُ بِهٖ فَمَاتَ فَحَزِنَ الْغُلَامُ
مگر اسواسطے کہ تھا اوسکے ایک لال اور کھیلتا تھا اوسکو سو وہ مرگیا تب غم میں ہوا لڑکا
عَلَيْهِ فَمَازَحَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا اَبَا
اوسپر تب خوش طبعی کیا اوس سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا کہ ای باپ
عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ * حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ
عمیر کے کیا کیا لال نے ف ٣ * حدیث کہی ہمسے عباس ابن محمد

الدُّوری قَالَ ثَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِیقٍ اَنْبَاَ عَبْدُ

دوری نے کہا حدیث کی ہمسے علی ابن حسن ابن شقیق نے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ

اللّٰہِ بْنُ الْمُبَارَکِ عَنْ اُسَامَۃَ بْنِ زَیْدٍ عَنْ سَعِیْدِ نِ

ابن مبارک نے اسامہ ابن زید سے اوسنے سعید

الْمَقْبُرِیِّ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّکَ

مقبری سے اوسنے ابو ہریرہ سے اوسنے کہا کہ لوگوں نے کہا یارسول اللہ بیشک آپ

تُدَاعِبُنَا قَالَ اِنِّیْ لَا اَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا تُدَاعِبُنَا

خوش طبعی کرتے ہیں ہم لوگوں سے فرمایا کہ مین نہین کہتا مگر سچ تداعبنا

یَعْنِیْ تُمَازِحُنَا ٭ حَدَّثَنَا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ ثَنَا

یعنے خوشطبعی کرتے ہو ہمسے ٭ حدیث کی ہمسے قتیبہ ابن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے

خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ حُمَیْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ اَنَّ

خالد ابن عبد اللہ نے حمید سے اوسنے انس ابن مالک سے کہ بیشک

رَجُلًا اِسْتَحْمَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ

ایک مرد نے سواری مانگی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے تب فرمایا

اِنِّیْ حَامِلُکَ عَلٰی وَلَدِ نَاقَۃٍ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ مَا

کہ مین تجکو سوار کرونگا بچے پر اونٹنی کے تب کہا کہ یارسول اللہ مین

أَصْنَعُ بِوَلَدِ النَّاقَةِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
کیا کرونگا بچہ اونٹنی کا تب فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وَسَلَّمَ وَهَلْ تَلِدُ الْاِبِلَ اِلَّا النُّوقُ * حَدَّثَنَا
وسلم نے اور نہیں جنتے اونٹ کو مگر اونٹنی * ف‍ا * حدیث کی ہمسے
اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُورٍ اَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنْبَأَنَا مَعْمَرٌ عَنْ
اسحاق ابن منصور نے کہا خبر دی ہمکو عبد الرزاق نے کہا خبر دی ہمکو معمر نے *
ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ
ثابت سے اونسے انس ابن مالک سے کہ بیشک ایک مرد گوئیں کا رہنے والا
كَانَ اِسْمُهُ زَاهِرًا وَكَانَ يُهْدِيْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
تہا نام اوسکا زاہر اور تہا وہ ہدیہ بہیجتا نبی صلے اللہ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدِيَّةً مِنَ الْبَادِيَةِ فَيُجَهِّزُهُ النَّبِيُّ
علیہ وسلم کے پاس تحفہ گوئیں کی چیزوں مین سے پہر سامان درست کردیتے تہے اوسکو نبی
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّخْرُجَ فَقَالَ النَّبِيُّ
صلی اللہ علیہ وسلم جب ارادہ کرتا وہ شہر سے باہر نکلنے کا پہر فرمایا نبی
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ زَاهِرًا بَادِيَتُنَا وَنَحْنُ
صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک زاہر دوست گوئیں کا رہنے والا ہمارا اور ہم

[illegible]

حَاضِرُوْهُ وَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

دوست نہ رکہنے والے اسکے ہیں اور تہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

يُحِبُّهُ وَكَانَ رَجُلًا دَمِيْمًا فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

دوست رکہتے اوسکو اور تہا وہ شخص بدشکل پہر تشریف لائے اوسکے پاس نبی صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ يَوْمًا وَهُوَ يَبِيْعُ مَتَاعَهُ وَاحْتَضَنَهُ مِنْ خَلْفِهِ

وسلم ایکروز اور وہ بیچ رہا تہا اسباب اپنا اور گود میں لے لیا اوسکو اوسکے پیچھے سے

وَلَا يُبْصِرُهُ فَقَالَ مَنْ هٰذَا اَرْسِلْنِيْ فَالْتَفَتَ فَعَرَفَ

اور وہ نہ دیکہتا تہا حضرت کو تب کہا کون ہی یہ چہوڑ دے مجکو تب پہر اسکے پہیر دیکہا تو پہچانا

النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ لَا يَأْلُوْ مَا اَلْصَقَ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو پہر شروع کیا کہ قصور نکرتا تہا لگانے میں اپنی

ظَهْرَهُ بِصَدْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ عَرَفَهُ

پیٹہ سینہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے جو قت کہ پہچانا

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو پہر شروع کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے

يَقُوْلُ مَنْ يَشْتَرِيْ هٰذَا الْعَبْدَ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُوْلَ اللهِ

فرمانا کہ کون خریدتا ہی اس غلام کو ف تب کہا اس مردنے یا رسول اللہ

ف یہ بیچنا بطور ہنسی کے تہا وہ غلام اسکا نہ تہا بلکہ سب بندے غلام اللہ کے ہیں ۱۲

اِذًا وَاللّٰهِ تَجِدُنِی كَاسِدًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

اب قسم اللہ کی پاؤ گے تم مجھکو ناکارا تب فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ لٰكِنْ عِنْدَ اللّٰهِ لَسْتَ بِكَاسِدٍ اَوْ قَالَ اَنْتَ عِنْدَ اللّٰهِ

وسلم نے لیکن نزدیک اللہ کے تو نہیں ہی ناکارا یا فرمایا کہ تو نزدیک اللہ کے ہی

غَالٍ ❊ حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ

گران قیمت ❊ حدیث کی ہمسے عبداللہ ابن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے مصعب ابن

الْمِقْدَامِ ثَنَا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اَتَتْ

مقدام نے کہا حدیث کی ہمسے مبارک ابن فضالہ نے حسن بصری سے اونسے کہا کہ آئے ایک

عَجُوْزٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

بڑھیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ یا رسول اللہ

اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ یُدْخِلَنِی الْجَنَّةَ فَقَالَ یَا اُمَّ فُلَانٍ اِنَّ الْجَنَّةَ

دعا کرو اللہ سے کہ داخل کرے مجھکو بہشت میں تب فرمایا اے ماں فلانیکے بیشک بہشت

لَا تَدْخُلُهَا عَجُوْزٌ قَالَ فَوَلَّتْ تَبْكِی فَقَالَ اَخْبِرُوْهَا

نہیں داخل ہوتی اوسمیں بڑھیا کہا حسن نے تب پھری بڑھیا روتی ہوئی پھر فرمایا خبر دو اوسکو

اَنَّهَا لَا تَدْخُلُهَا وَهِیَ عَجُوْزٌ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَقُوْلُ

کہ نہ جاویگی بہشت میں اس حالت سے کہ بڑھیا ہو بیشک اللہ تعالے فرماتا ہی کہ ✕ ✕

إِنَّا أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَاءً فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا * بَابُ

تحقیق ہم پیدا کرینگے انکو ایک پیدا کرنا اور کرینگے ہم اونکو کواریاں * یہ باب ہی اون حد[یثون] کا

مَا جَاءَ فِي صِفَةِ كَلَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

جو آئی ہین بیان مین کلام رسول اللہ صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الشِّعْرِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ

اللہ علیہ وسلم کے شعر مین * حدیث کہی ہمسے علی ابن حجر نے

أَنْبَأَنَا شَرِيكٌ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ

کہا خبر دی ہمکو شریک نے مقدام ابن شریح سے اوسنے اپنے باپ سے اوسنے

عَائِشَةَ قَالَتْ قِيلَ لَهَا هَلْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

عائشہ سے اوسنے کہا کہ لوگون نے کہا اوسسے بھلا تہے نبی صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ يَتَمَثَّلُ بِشَيْءٍ مِنَ الشِّعْرِ قَالَتْ كَانَ يَتَمَثَّلُ بِشِعْرِ

وسلم مثل دینے کو پڑہتے کوئی شعر کہا تہے مثل دینے کو پڑہتے شعر

ابْنِ رَوَاحَةَ وَيَتَمَثَّلُ وَيَقُولُ وَيَأْتِيكَ بِالْأَخْبَارِ

ابن رواحہ کے اور بطریق تمثیل کے پڑہتے اور فرماتے اور لاویگا تیری پاس خبرین وہ شخص

مَنْ لَمْ تُزَوِّدْ * حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ أَنْبَأَنَا عَبْدُ

کہ نہ دیا ہو کا تونے توشہ * ف حدیث کہی ہمسے محمد ابن بشار نے کہا خبر دی ہمکو عبد

ف

ابن رواحہ ... مصرع ... ابن جبل ... ابن

... النبی صلی اللہ علیہ

وسلم ...

... النبی ...

الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ ثَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ

الرحمن ابن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد الملک

بْنِ عُمَيْرٍ ثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ

ابن عمیر سے کہا حدیثکی ہمسے ابو سلمہ نے ابو ہریرہ سے اوسنے کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَصْدَقَ كَلِمَةٍ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بیشک سچی زیادہ بات

قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ

کہ کہا اوسکو شاعر نے بات لبید کی ہی سن رکھو جو چیز ہی سوائے اللہ کے

بَاطِلٌ وَكَادَ اُمَيَّةُ بْنُ اَبِي الصَّلْتِ اَنْ يُّسْلِمَ *

فنا ہونیوالی ہی اور قریب تہا کہ امیہ ابن ابی صلت کا مسلمان ہوتا ١٤ *

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ اَنْبَانَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ

حدیثکی ہمسے محمد ابن مثنی نے کہا خبر دی ہمکو محمد ابن جعفر نے

اَنْبَانَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيٰنَ

کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے اسود ابن قیس سے اوسنے جندب ابن سفیان

الْبَجَلِيِّ قَالَ اَصَابَ حَجَرٌ اِصْبَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

بجلی سے اوسنے کہا کہ پہونچا ایک پتہر اونگلی رسول اللہ صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَمِيَتْ فَقَالَ هَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ

علیہ وسلم کو پہر لو ہو لہان ہو گئے تب فرمایا نہیں ہی تو مگر اونگلی کہ

دَمِيتِ وَفِي سَبِيلِ اللهِ مَا لَقِيتِ ۞ حَدَّثَنَا

خون میں بہر گئی ہی اور بیچ راہ اللہ کے ہی جو کچھ دیکھا تو نے ف١٠ حدیث کی ہمسے

اِبْنُ اَبِي عُمَرَ ثَنَا سُفْيٰنُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ

ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان ابن عیینہ نے اسود ابن

قَيْسٍ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْبَجَلِيِّ نَحْوَهٗ ٭

قیس سے اونسے جندب ابن عبد اللہ بجلی سے مثل اوپر کی حدیث کے

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ اَنْبَاَنَا

حدیث کی ہمسے محمد ابن بشار نے کہا خبر دی ہمکو یحیی ابن سعید نے کہا خبر دی ہمکو

سُفْيٰنُ الثَّوْرِيُّ ثَنَا اَبُو اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ

سفیان ثوری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسحق نے براء ابن عازب سے

قَالَ قَالَ لَهٗ رَجُلٌ اَفَرَرْتُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ

اونسے کہا کہ کہا اوسکو ایکمرد نے بہلا بہاگے تم لوگ رسول اللہ صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا عُمَارَةَ فَقَالَ لَا وَاللهِ مَا وَلّٰى

علیہ وسلم کے پاس سے ای ابو عمارہ ف٢٠ تب کہا نہیں ف٣٠ قسم ہی اللہ کی نہ پیٹھ دی

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلٰكِنْ وَلّٰى سَرْعَانُ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ولیکن پیٹھہ دی جلد باز لوگون

النَّاسِ تَلَقَّتْهُمْ هَوَازِنُ بِالنَّبْلِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

نے سامنے ہوئے اونکے کافرین ہوازن قوم کے تیرونکے ساتھہ × ف۱ اور رسول اللہ صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَغْلَتِهٖ وَاَبُوْ سُفْيٰنَ بْنُ الْحَارِثِ

اللہ علیہ وسلم اپنی خچر پر سوار تھے اور ابو سفیان ابن حارث

بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اٰخِذٌ بِلِجَامِهَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ابن عبد المطلب پکڑے ہوئے تھے لگام اسکی اور رسول اللہ صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِ

علیہ وسلم فرماتے تھے کہ مین ہون نبی اسمین کچھ جھوٹھہ نہین × ف۲ مین ہون فرزند عبد

الْمُطَّلِبِ * حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ اَنْبَاَ عَبْدُ

المطلب کا × ف۳ حدیث کی ہمسے اسحاق ابن منصور نے کہا خبر دی ہمکو عبد

الرَّزَّاقِ اَنْبَاَ جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ اَنْبَاَنَا ثَابِتٌ عَنْ

الرزاق نے کہا خبر دی ہمکو جعفر ابن سلیمان نے کہا خبر دی ہمکو ثابت نے ×

اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ

انس سے کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے مکہ مین

فِی عُمْرَةِ الْقَضَاءِ وَابْنُ رَوَاحَةَ یَمْشِی بَیْنَ یَدَیْهِ

عمرۃ القضا کے سال ف۱ اور ابن رواحہ چلتے تہے آگے آگے حضرت کے

وَهُوَ یَقُوْلُ خَلُّوْا بَنِی الْكُفَّارِ عَنْ سَبِیْلِهِ ؕ اَلْیَوْمَ

اور ابن رواحہ کہتے تہے چہوڑ دو ای کافر بچو حضرت کی راہ کو آجکے دن

نَضْرِبْكُمْ عَلٰی تَنْزِیْلِهِ ؕ ضَرْبًا یُزِیْلُ الْهَامَ عَنْ

ہم مارینگے تمکو حضرت کے اترنیکے بعد ف۲ ایسا مارنا مارینگے کہ دور کریگا کہوپری کو اوسکے

مَقِیْلِهِ ؕ وَیُذْهِلُ الْخَلِیْلَ عَنْ خَلِیْلِهِ ؕ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ

سونے کی جگہ سے اور غافل کریگا دوست کو اوسکے دوست سے تب کہا اوسکو عمر نے

یَا ابْنَ رَوَاحَةَ بَیْنَ یَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

ای بیٹے رواحہ کے روبرو رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ وَفِی حَرَمِ اللّٰهِ تَعَالٰی تَقُوْلُ شِعْرًا فَقَالَ النَّبِیُّ

وسلم کے اور حرم میں اللہ تعالے کے پڑہتا ہی تو شعر تب فرمایا نبی

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَلِّ عَنْهُ یَا عُمَرُ فَلَهِیَ

صلے اللہ علیہ وسلم نے چہوڑ دے اسکو ای عمر پہر بیشک شعر کہنا

اَسْرَعُ فِیْهِمْ مِنْ نَضْحِ النَّبْلِ * حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ

زیادہ تاثیر کرتا ہی کافروں میں برسانے تیر سے ف۳ حدیث کی ہمسے علی ابن

ف۱ عمرہ جو قضا ہوا تہا اوسکی ادا کرنیکو عمرۃ القضا کہتے ہیں اور یہ صلح حدیبیہ کے بعد سنہ ۷ ہجری میں واقع ہوا اسکا بہی ذکر ہی ۱۲

ف۲ یعنی حضرت اترینگے ان پر ہمکو تعمیل کرینگے ۱۲

ف۳ یعنی کافروں کو زیادہ زخم لگانا انکو ایذا پہنچانا ہی غرض یہ کہ کہنے سے انکے ایذا پاتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اسلام کی طرح میں اشعار کہنا اور سننا درست ہی ۱۲

حُجْرٍ اَنْبَاْنَا شَرِيْكٌ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ
حجر نے کہا خبر دی ہمکو شریک نے سماک ابن حرب سے اونسے جابر
سَمُرَةَ قَالَ جَالَسْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
ابن سمرہ سے اونسے کہا پاس بیٹھا ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سَلَّمَ اَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ وَكَانَ اَصْحَابُهُ
سلم کے زیادہ سو بار سے اور تھے اصحاب اونکے
يَتَنَاشَدُوْنَ الشِّعْرَ وَيَتَذَاكَرُوْنَ اَشْيَاءَ مِنْ اَمْرِ
آپسمیں پڑہتے شعر اور مذکور کرتے تھے بہت چیزوں کا جاہلیت کے
الْجَاهِلِيَّةِ وَهُوَ سَاكِتٌ وَرُبَّمَا تَبَسَّمَ مَعَهُمْ *
کام میں سے اور حضرت چپ رہتے اور کبھی مسکراتے اونکے ساتھ * فا
حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَنْبَاْنَا شَرِيْكٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ
حدیث کی ہمسے علی ابن حجر نے کہا خبر دی ہمکو شریک نے عبد الملک
بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ
ابن عمیر سے اونسے ابی سلمہ سے اونسے ابو ہریرہ سے اونسے نبی
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَشْعَرُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَتْ بِهَا
صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا بہت بہلی بات وہیں کہ بولے اوسکو

فا معلوم ہوا کہ شعر کا پڑہنا
اور سننا درست ہی ... اگر اوسمیں
نعت اور خلاف شرع نہو اور
شہوت انگیز بات اور مسلمانوں کی
ہجو نہو اور جو کوئی اسمیں بہی
قصہ کہانی مذکور کرے ایسا کہ
خلاف شرع نہووے تو اوسکو
بزرگ لوگ اپنی محفل سے
کبہی منع نہیں کرتے یہی
اخلاق محمدی ہیں ہی اپنی
بات سے کوئی ارشاد نہیں
ہوتا جو ہوتا ہی سو حضرت
کی غلامی سے ۱۲

اَلْعَرَبُ كَلِمَةُ لَبِيدٍ اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ

عرب شعر لبید کی ہی سن رکہو سب چیز سواے اللہ کے فنا ہونیوالی ہی

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ اَنْبَانَا مَرْوَانُ بْنُ مُعٰوِيَةَ

حدیث کی ہمسے احمد ابن منیع نے کہا خبر دی ہمکو مروان ابن معاویہ نے

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطَّائِفِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ

عبد اللہ ابن عبد الرحمن طایفی سے اونسے عمر وابن

الشَّرِيدِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ كُنْتُ رِدْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

شرید سے اونسے اپنے باپ سے اونسے کہا تہا مین سواری پر پیچہے بیٹہا ہوا رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْشَدْتُهُ مِائَةَ قَافِيَةٍ مِنْ

صلے اللہ علیہ وسلم کے پہر پڑہے مینے اونکے سنانیکو سو بیتین کہی ہوئے

قَوْلِ اُمَيَّةَ بْنِ اَبِي الصَّلْتِ كُلَّمَا اَنْشَدْتُهُ بَيْتًا

امیہ ابن ابی الصلت کی جب پڑہتا مین اونکے سنانیکو کوئی بیت

قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِيهِ حَتّٰى

فرماتے مجکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم ہان اور بہی پڑہ یہانتک

اَنْشَدْتُهُ مِائَةً يَعْنِي بَيْتًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى

کہ پڑہی مینے سو یعنی بیتین تب فرمایا نبی صلے

اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ اِنۡ كَادَ لَيُسۡلِمُ *

الله علیہ وسلم نے بیشک حال یہ ہی کہ قریب تہا امیہ کہ مسلمان ہو

حَدَّثَنَا اِسۡمٰعِيۡلُ بۡنُ مُوۡسَی الۡفَزَارِيُّ

حدیث کی ہمسے اسماعیل ابن موسے فزارے

وَعَلِيُّ بۡنُ حُجۡرٍ وَالۡمَعۡنٰی وَاحِدٌ قَالَا

اور علی ابن حجرنے دونوں نے معنی ایک ہین دونو بولے

اَنۡبَانَا عَبۡدُ الرَّحۡمٰنِ بۡنُ اَبِي الزِّنَادِ عَنۡ هِشَامِ

خبردی ہمکو عبد الرحمن ابن ابی زناد نے ہشام

بۡنِ عُرۡوَةَ عَنۡ اَبِيۡهِ عَنۡ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ

ابن عروہ سے اوسنے اپنے باپ سے اوسنے عائشہ رضی الله

عَنۡهَا قَالَتۡ كَانَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيۡهِ

عنہا نے کہا کہ تہے رسول الله صلے الله علیہ

وَسَلَّمَ يَضَعُ لِحَسَّانَ بۡنِ ثَابِتٍ مِنۡبَرًا فِي الۡمَسۡجِدِ

وسلم رکہتے واسطے حسان ابن ثابت کے منبر مسجد مین

يَقُوۡمُ عَلَيۡهِ قَائِمًا يُفَاخِرُ عَنۡ رَسُوۡلِ اللّٰهِ

کہڑا ہوتا حسان اوسپر اچہا کہڑا ہوتا فخر کرتا تہا کافرونکے مقابلہ مین رسول الله

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ قَالَ يُنَافِحُ عَنْ

صلے اللہ علیہ وسلم سے * ف۱ یا کہا اونے کہ دور کرتا ہتا

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَقُوْلُ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے * ف۲ اور فرماتے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بیشک اللہ

يُؤَيِّدُ حَسَّانَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ مَا

مدد کرتا ہی حسان کی جبریل کے سبب * ف۳ جب تک

يُنَافِحُ اَوْ يُفَاخِرُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

دور کرتا ہی یا فخر کرتا ہی کافروں کے مقابلہ میں رسول اللہ صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ

اللہ علیہ وسلم سے * حدیث کی ہمسے اسماعیل

بْنُ مُوْسٰى وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَا اَنْبَاَنَا ابْنُ

ابن موسے اور علی ابن حجر نے دونو بولے کہ خبر دی ہمکو ابن

اَبِي الزِّنَادِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ

ابی زناد نے اپنے باپ سے اونسے عروہ اونسے عائشہ رضی اللہ

ف۱ یعنے الحمد سے کہ یہ لوگ رسول مقبول کی برائی کرتے ہیں اور ہم برے شیطان زدہ دور کی اور کی کرتے ہیں ۱۲

ف۲ یعنے جو ہجو حضرت کی کفار کرتے اوسکو حسان دور کرتے یعنے اوسکا جواب دیتے یعنے اوس شعر میں جس سے اس گروہ بات کافروں پر جاتے ادھر نہیں ۱۲

ف۳ یعنے جبریل اسکی مدد کرتے ہیں اور مضمون اچھے اچھے سوجھاتے ہیں ۱۲

عَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ * بَابُ

عنہا سے اوسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اوسکی بیان کی * یہ باب ہی

مَا جَاءَ فِي كَلَامِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ

اون حدیثونکا جو آئی ہین بیانمین کلام رسول اللہ صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّمَرِ * حَدَّثَنَا الْحَسَنُ ابْنُ

علیہ وسلم کے رات کے وقت بات کرنمین * حدیث کہی ہمسے حسن ابن

صَبَّاحٍ نِ الْبَزَّارُ اَنْبَأَ اَبُو النَّضْرِ اَنْبَأَ اَبُو عَقِيلٍ نِ

صباح بزار نے کہا خبر دی ہمکو ابو نضر نے کہا خبر دی ہمکو ابو عقیل *

الثَّقَفِيُّ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَقِيلٍ عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ

ثقفی عبد اللہ ابن عقیل نے مجالد سے اوسنے شعبی سے

عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ حَدَّثَ رَسُولُ اللهِ

اوسنے مسروق سے اوسنے عایشہ سے اوسنے کہا فرمایا رسول اللہ

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ نِسَاءَهُ حَدِيثًا

صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک رات کو اپنی عورتون سے ایک بات

فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ كَأَنَّ الْحَدِيثَ حَدِيثُ

تب کہا ایک عورت نے اونمین سے گویا کہ یہ بات بات

خُرَافَةَ فَقَالَ أَتَدْرُوْنَ

خرافہ کی ہی × ف۱ × تب فرمایا بہلا جانتے ہو تم لوگ

مَا خُرَافَةُ إِنَّ خُرَافَةَ كَانَ رَجُلًا

کہ کیا ہی خرافہ × ف۲ × بیشک خرافہ تہا ایک مرد قوم

مِنْ عُذْرَةَ أَسَرَتْهُ الْجِنُّ فِي الْجَاهِلِيَّةِ

عذرہ سے قید کر لے گئے تہے اوسکو جن ایام جاہلیت مین

فَمَكَثَ فِيهِمْ دَهْرًا ثُمَّ

ف۳ × پہر رہا وہ شخص جنون مین بہت دن بعد اوسکے پہر

رَدُّوْهُ إِلَى الْإِنْسِ فَكَانَ

پہنچا گئے اوسکو آدمیون کے پاس اور تہا وہ شخص

يُحَدِّثُ النَّاسَ بِمَا رَأَى

بات کرتا روبرو آدمیون کے جو کچہ دیکہا تہا

فِيهِمْ مِنَ الْأَعَاجِيبِ فَقَالَ النَّاسُ

جنون مین عجائبات سے پہر کہتے تہے لوگ

حَدِيثُ خُرَافَةَ حَدِيثُ أُمِّ زَرْعٍ ×

کہ بات خرافہ کی یعنی بات تعجب کی بات ام زرع کی ہی × ف۴

ف۱ تعجب کی بات کو لوگ بات خرافہ کی کہتے ہیں ۱۲

ف۲ عذروں صیغہ ہی حاضر کا ہی ان عورتوں کی عقل نکل مردوں کی نہی اسواسطے فرمایا ہو کہ محاورہ میں اب بہت آتا ہی حضرت نے کہا کہ انکو معلوم ہو کہ فرشتوں کو نہ تہا ۱۲

ف۳ حضرت نے دل بہلانے کو ایام جاہلیت کی باتیں کہی ہیں

ف۴ ام زرع کی کہانی بہت عجیب ہی اوسکے بعد لوگ اسکو بھی یاد رکہتے ہیں ۱۲

حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَ عِیْسَی

حدیث کی ہمسے علی ابن حجرنے کہا خبر دی ہمکو عیسے

بْنُ یُوْنُسَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَخِیْهِ

ابن یونس نے ہشام ابن عروہ سے اوسنے اپنے بھائی

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ

عبد اللہ ابن عروہ سے اوسنے عروہ سے اوسنے عائشہ سے

قَالَتْ جَلَسَ اِحْدٰی عَشْرَةَ اِمْرَاَةً فَتَعَاهَدْنَ

اوسنے کہا کہ بیٹھین گیارہ عورتین بعد اوسکے پھر آپس مین سبھونے

وَتَعَاقَدْنَ اَنْ لَّا یَكْتُمْنَ مِنْ اَخْبَارِ

عہد و پیمان مضبوط کیا کہ نہ چھپاوین احوال

اَزْوَاجِهِنَّ شَیْئًا فَقَالَتِ الْاُوْلٰی

اپنے خاوندون کا کچھ پھر کہا عائشہ نے بولی پہلی عورت

زَوْجِیْ لَحْمُ جَمَلٍ غَثٍّ عَلٰی رَاْسِ

کہ خاوند میرا گوشت ہی دبلے اونٹ کا چوٹی پر

جَبَلٍ وَعْرٍ لَا سَهْلٍ فَیُرْتَقٰی وَلَا سَمِیْنٍ

سخت پہاڑ کی نہ برابر ہی کہ چڑہا جاوے اور نہ گوشت موٹا ہی

فَيُنْتَقىٰ قَالَتِ الثَّانِيَةُ زَوْجِي لَا اَبُثُّ خَبَرَهُ

کر اوٹھایا جاوے × ف۱ بولی دوسری خاوند میرا نہیں ظاہر کر سکتی ہوں خبر اوسکی

اِنِّي اَخَافُ اَنْ لَا اَذَرَهُ اِنْ اَذْكُرْهُ اَذْكُرْ

میں ڈرتی ہوں کہ کہیں چھوڑ نہ دوں اسکو اگر بیان کرونگی اوسکا تو بیان کرونگی

عُجَرَهُ وَبُجَرَهُ قَالَتِ الثَّالِثَةُ زَوْجِيَ الْعَشَنَّقُ

عیب ظاہری اوسکا اور عیب باطنی اوسکا × ف۲ بولی تیسری کہ خاوند میرا لنبا قد ہے ×

اِنْ اَنْطِقْ اُطَلَّقْ وَاِنْ اَسْكُتْ اُعَلَّقْ قَالَتِ

اگر بولوں میں کچھ تو طلاق دی جاتی ہوں اور اگر چپ رہوں تو ادھر میں چھوڑی جاتی ہوں × ف۳ بولی

الرَّابِعَةُ زَوْجِي كَلَيْلِ تِهَامَةَ لَا حَرٌّ وَلَا قَرٌّ

چوتھی کہ خاوند میرا مانند رات مکہ کے ہے نہ گرمی اور نہ جاڑا معتدل

وَلَا مَخَافَةَ وَلَا سَآمَةَ قَالَتِ الْخَامِسَةُ زَوْجِي

اور نہ خوف کسیکا اور نہ رنج × ف۴ بولی پانچوین کہ خاوند میرا

اِنْ دَخَلَ فَهِدَ وَاِنْ خَرَجَ اَسِدَ وَلَا يَسْأَلُ

اگر گھر میں آوے تو چیتا ہوتا ہے اور اگر باہر نکلے تو شیر ہوتا ہے اور نہیں پوچھتا

عَمَّا عَهِدَ قَالَتِ السَّادِسَةُ زَوْجِي اِنْ اَكَلَ لَفَّ

اوسکو جو سپرد کر دیا ہے × ف۵ بولی چھٹی خاوند میرا اگر کھاتا ہے تو کھاتا ہے بہت

ف۱ یعنی اوسکے عیب [illegible] ... دل اوسکو نہیں چاہتا ... [illegible] ف۲ ... اور باوجود بدخلقی کے ... [illegible] ف۳ یعنی احمق ہے اگر اوسکا حال بیان کروں تو طلاق دے اور اگر چپ رہوں تو ... [illegible] ف۴ یعنی بہت اچھا ہے ... رات کی طرح ... [illegible] ف۵ یعنی ... [illegible]

وان

وَاِنْ شَرِبَ اِشْتَفَّ وَاِنِ اضْطَجَعَ الْتَفَّ وَلَا

اور اگر پیتا ہی تو پیتا ہی سب　اور اگر لیٹتا ہی تو اپنی تئین لپیٹتا ہی　اور نہین

يُولِجُ الْكَفَّ لِيَعْلَمَ الْبَثَّ قَالَتِ السَّابِعَةُ زَوْجِي

داخل کرتا میرے کپڑے مین ہاتھ تاکہ جانے دکھ رنج کو میرے ف۷　بولی ساتوین کہ خاوند میرا

عَيَايَاءُ اَوْ غَيَايَاءُ طَبَاقَاءُ كُلُّ دَاءٍ

عاجز ہی جماع کرنے سے یا کہا کہ گمراہی گے اندہیرے مین ہی احمق ہی) ف　جتنی بیماری ہین

لَهُ دَاءٌ شَجَّكِ اَوْ فَلَّكِ اَوْ جَمَعَ كُلًّا لَكِ قَالَتِ

سب اوسکی بیماری ہین سر توڑے تیرا یا عضو توڑے تیرا یا دونو کام کرے تیرے ساتھ) ف۸　بولی

الثَّامِنَةُ زَوْجِي الْمَسُّ مَسُّ اَرْنَبٍ وَالرِّيحُ رِيحُ

آٹھوین کہ خاوند میرا چھونا اسکا مثل چھونے خرگوش کے اور بو اسکی مثل بوئی

زَرْنَبٍ قَالَتِ التَّاسِعَةُ زَوْجِي رَفِيعُ الْعِمَادِ عَظِيمُ

زرنب کے) ف۹　بولی نوین کہ خاوند میرا　بڑے بڑے ستون والا ہی بڑی

الرَّمَادِ طَوِيلُ النِّجَادِ قَرِيبُ الْبَيْتِ مِنَ النَّادِ قَالَتِ

راکھ رکھنے والا دراز ہی پرتلہ تلوار کا نزدیک ہی گھر اوسکا مصاحبون سے ف۱۰　بولی

الْعَاشِرَةُ زَوْجِي مَالِكٌ وَمَا مَالِكٌ مَالِكٌ خَيْرٌ

دسوین　خاوند میرا نام اوسکا مالک ہی اور کیا ہی مالک　مالک بہتر ہی اوسے

مِن ذٰلِكَ لَهُ اِبِلٌ كَثِيرَاتُ المَبَارِكِ قَلِيلَاتُ

جرنو ین نے بیان کیا اسکے اونٹ ہین اتنے کہ بہت ہی اونٹوںکے بیٹھنی کی جگہہ تہوڑی ہی

المَسَارِحِ اِذَا سَمِعنَ صَوتَ المِزهَرِ اَيقَنَّ اَنَّهُنَّ

چرنے کی جگہہ جب سنتے ہین اونٹ آواز لکڑیکی گانے وقت یقین کرتے ہین کہ بیشک

هَوَالِكُ قَالَتِ الحَادِيَةَ عَشَرَةَ زَوجِي اَبُو زَرعٍ

اونکے ذبح ہونیکے بولی گیارہوین کہ خاوند میرا ابو زرع ہی

وَمَا اَبُو زَرعٍ اَنَاسَ مِن حُلِيٍّ اُذُنَيَّ وَمَلَاَ مِن شَحمٍ

اور کیسا ہی ابو زرع کہ بہردیا زیوروں سے میرے کانین اور بہر دیا چربی سے

عَضُدَيَّ وَبَجَّحَنِي فَبَجِحَت اِلَيَّ نَفسِي وَجَدَنِي فِي

میرے بازوین اور خوش کیا مجکو پہر خوش ہو گیا جی میرا اور پایا مجکو

اَهلِ غُنَيمَةٍ بِشِقٍّ فَجَعَلَنِي فِي اَهلِ صَهِيلٍ وَاَطِيطٍ

تہوڑی سی بکری والون مین ایک گوشہ مین جسکا نام شق ہی پہر مجکو لایا اون لوگون مین جہان گہوڑیکی آواز

وَدَائِسٍ وَمُنَقٍّ فَعِندَهُ اَقُولُ فَلَا اُقَبَّحُ

اور دونوری چلتی ہی اور غلہ اسایا جاتا ہی پہر پاس اسکے بات کرتی ہون اور نہین برا کہی جاتی

وَاَرقُدُ فَاَتَصَبَّحُ وَاَشرَبُ فَاَتَقَمَّحُ اُمُّ اَبِي

اور سوتی ہون سو کی نیند پہر صبح کرتی ہون اور پیتی ہون تو خوب آسودہ ہو کے ما ابو

[illegible]

[illegible]

زَرْعٍ فَمَا اُمُّ اَبِیْ زَرْعٍ عُکُوْمُهَا رِدَاحٌ وَبَیْتُهَا

زرع کی پہر کیسی ہی ما ابو زرع کی گوہنی کوندے اوسکے بڑے بڑے ہین اور گہر اوسکا

فَسَاحٌ اِبْنُ اَبِیْ زَرْعٍ فَمَا اِبْنُ اَبِیْ زَرْعٍ مَضْجَعُهٗ

کشادہ ہی بیٹا ابو زرع کا پہر کیسا ہی بیٹا ابو زرع کا سونی کی جگہ اسکی

کَمَسَلِّ شَطْبَةٍ وَتُشْبِعُهٗ ذِرَاعُ الْجَفَرَةِ

مانند میان تلوار کے یعنے بدن نازک ہی اور آسودہ کردیتا ہی اوسکو دست بکری کے بچے کا

بِنْتُ اَبِیْ زَرْعٍ فَمَا بِنْتُ اَبِیْ زَرْعٍ طَوْعُ اَبِیْهَا

بیٹی ابو زرع کی پہر کیسی ہی بیٹی ابو زرع کی طابعدار اپنے باپ کی

وَطَوْعُ اُمِّهَا وَمِلْاءُ کِسَائِهَا وَغَیْظُ جَارَتِهَا

اور طابعدار اپنی ما کی اور بہرپور اپنے کپڑے مین ف ۱ اور جی جلانے والی اپنی

جَارِیَةُ اَبِیْ زَرْعٍ فَمَا جَارِیَةُ اَبِیْ زَرْعٍ لَا

سوت کی ف ۲ لونڈی ابو زرع کی پہر کیسی ہی لونڈی ابو زرع کی نہین

تَبُثُّ حَدِیْثَنَا تَبْثِیْثًا وَلَا تُنَقِّثُ مِیْرَتَنَا

پہیلاتی بات ہماری مشہور کرکے اور نہین لیجاتی کہانا ہمارا

تَنْقِیْثًا وَلَا تَمْلَاُ بَیْتَنَا تَعْشِیْشًا قَالَتْ خَرَجَ

اٹہاکے اور نہین بہرتی ہمارے گہر کو کوڑے سے کہا ام زرع نے کہ نکلا گہر سے

ف ۱ یعنے بدن خوب بہاری ہی عرب میں عورت کا فربہ اور بدن کا خوب بہاری ہونا ۱۲

ف ۲ یعنے اسکا حسن اور جمال دیکھکے سوت حسد کرتی ہی اور غصہ اوسکو آتا ہی ۱۲

أَبُو زَرْعٍ وَالْأَوْطَابُ تُمْخَضُ فَلَقِيَ امْرَأَةً

ابو زرع اور دودہ کی مشکی جاتے تہے پہر ملاقات کیا ایک عورت سے

مَعَهَا وَلَدَانِ لَهَا كَالْفَهْدَيْنِ يَلْعَبَانِ مِنْ تَحْتِ

کہ اسکے ساتہہ دو بیٹے تہے اسکے جیسے دو چیتے دونو کہیلتے تہے اسکے پہلو کے تلے

خَصْرِهَا بِرُمَّانَتَيْنِ فَطَلَّقَنِي وَنَكَحَهَا فَنَكَحْتُ

یعنی گودمین ساتہہ دو انار کے × ف۳ پہر طلاق دیا مجکو اور نکاح کیا اوس عورتسے پہر نکاح کیا مینے

بَعْدَهُ رَجُلًا سَرِيًّا رَكِبَ شَرِيًّا وَأَخَذَ

اوسکے بعد ایک مرد سردار سے جو سوار ہوتا تہا گہوڑے جلد پر اور لیتا تہا نیزہ یعنی سپاہی تہا اور

خَطِّيًّا وَأَرَاحَ عَلَيَّ نَعَمًا ثَرِيًّا وَأَعْطَانِي

اور لے آتا تہا ہمارے پاس چراگاہ سے چوپائے بہت × ف۴ اور دیا مجکو

مِنْ كُلِّ رَائِحَةٍ زَوْجًا وَقَالَ كُلِي أُمَّ زَرْعٍ وَمِيرِي

ہر قسم کے جانورین سے ایک ایک جوڑا اور کہا کہ کہا تو ای ام زرع اور کہا یا بہیج

أَهْلَكِ فَلَوْ جَمَعْتُ كُلَّ شَيْءٍ أَعْطَانِيهِ مَا بَلَغَ

تو اپنے لوگون پاس پہر اگر جمع کرتی مین سب چیز کو جو دیا مجکو دوسرے خاوند نے تو نہین پہونچتا

أَصْغَرَ آنِيَةِ أَبِي زَرْعٍ قَالَتْ عَائِشَةُ فَقَالَ لِي

چہوٹے سے چہوٹے باسن ابو زرع کو × ف۵ کہا عائشہ نے کہ پہر فرمایا مجکو ×

ف۳ یعنی دو ران کے خوبصورت یعنی اسکی گود مین دونو بچے رہتے ہین اپنی ماں کی چہاتی ۱۲

ف۴ یعنی گائے بکری اونٹ بہت یعنی ان کے جوڑے گہر آتے تہے ۱۲

ف۵ یعنی دوسرے خاوند نے بہی دودہ آرام سے دیا اور بہت سب دیا جواب ابو زرع اوسکا دیا ایک جگہ کرون تو ابو زرع کے چہوٹے سے چہوٹے برتن کے مال برابر نہوگا ۱۲

دسول

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُنْتُ لَكِ كَاَبِي

مجکو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہوئمیں تیرے واسطے الفت ومحبت میں

ذَرْعٍ لِاُمِّ ذَرْعٍ * بَابُ مَا جَاءَ فِي صِفَةِ

ابوزرع کی طرح واسطے ام زرع کے * یہ باب ہی اون حدیثوں کا جو آئی ہیں بیان میں

نَوْمِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ *

سونے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ

حدیث کی ہمسے محمد ابن مثنی نے کہا خبردی ہمکو عبدالرحمن ابن

مَهْدِيٍّ اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

مہدی نے کہا خبردی ہمکو اسرائیل نے ابی اسحاق سے اوسنے عبد اللہ

بْنِ يَزِيدَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

ابن یزید سے اوسنے براء ابن عازب سے کہ بیشک رسول اللہ صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهُ وَضَعَ كَفَّهُ

اللہ علیہ وسلم تہے جب لیٹتے اپنے سونے کی جگہہ رکھتے داہنی

الْيُمْنٰى تَحْتَ خَدِّهِ الْاَيْمَنِ وَقَالَ رَبِّ قِنِي

ہتیلی اپنی تلے اپنے داہنے رخسار کے اور کہتے ای رب میرے بچا مجکو

عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ * حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

اپنے عذاب سے جبدن اٹہاویگا تو اپنے بندونکو * حدیث کی ہمسے محمد ابن

الْمُثَنَّى اَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ اَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِي

مثنی نے کہا خبردی ہمکو عبد الرحمن نے کہا خبردی ہمکو اسرائیل نے ابی

اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَهُ وَقَالَ

اسحاق سے اونسے ابی عبیدہ سے اونسے عبد اللہ سے مثل اوپر کی حدیث کی اور کہا یہ لفظ

يَوْمَ تَجْمَعُ عِبَادَكَ * حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ

جبدن اکہٹا کریگا تو اپنے بندونکو * حدیث کی ہمسے محمود ابن غیلان نے

ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَنَا سُفْيٰنُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ

کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا خبردی ہمکو سفیان نے عبد الملک ابن

عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ

عمیر سے اونسے ربعی ابن حراش سے اونسے حذیفہ سے اونسے کہا کہ تہے

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ

نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب جگہ لیتے اپنے بچہونیکی طرف

قَالَ اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا وَاِذَا اسْتَيْقَظَ

کہتے یا الہی تیرے نام کے ساتہ مرتا ہون اور جیتا ہون اور جب جاگتے

قَالَ الحمدُ لِلّٰهِ الَّذِی اَحیَانَا بَعدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیہِ

ہکتے سب تعریف اللہ کے واسطے لائق ہی جسنے جلایا ہمکو بعد ہمارے مرنے فا اور اوسیکی طرف

النُّشُورُ * حَدَّثَنَا قُتَیبَۃُ بنُ سَعِیدٍ ثَنَا المُفَضَّلُ

پھر جانا ہی جی اٹھکے * حدیثکی ہمسے قتیبہ ابن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے مفضل

بنُ فَضَالَۃَ عَن عُقَیلٍ اُرَاہُ عَنِ الزُّہرِیِّ عَن عُروَۃَ

ابن فضالہ نے عقیل سے خیال کرتا ہوں کہ اوسنے حدیثکی زہری سے اوسنے عروہ سے

عَن عَائِشَۃَ قَالَت کَانَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ

اوسنے عایشہ سے کہا کرتے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

اِذَا اَوَی اِلٰی فِرَاشِہٖ کُلَّ لَیلَۃٍ جَمَعَ کَفَّیہِ فَنَفَثَ

جب جگہ لیتے اپنے بچھونے پر ہر رات کو اکٹھا کرتے دونو ہتیلی اپنی پھر پھونکتے

فِیہِمَا وَقَرَاَ فِیہِمَا قُل ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ وَقُل اَعُوذُ بِرَبِّ

دونوں میں اور پڑہتے دونوں میں قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب

الفَلَقِ وَقُل اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ ثُمَّ مَسَحَ بِہِمَا مَا استَطَاعَ

الفلق اور قل اعوذ برب الناس پھر پھیرتے دونو ہاتھ کو جہانتک سکتے

مِن جَسَدِہٖ یَبدَاُ بِہِمَا رَاسَہٗ وَوَجہَہٗ وَمَا اَقبَلَ

اپنے بدن سے شروع کرتے ہاتھ پھیرنا اپنے سر اور مونہہ سے اور جو کچھ سامنے تھا

فا
یعنی موت سے مراد نیند ہے
نیند کو موت سے تشبیہ دی ہے ۱۲

مِنْ جَسَدِهٖ يَصْنَعُ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ٭ حَدَّثَنَا

اونکے بدنین سے کرتے اسیطرح تین بار ٭ ف ١ حدیث کی ہمسے

مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ ثَنَا

محمد ابن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن ابن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے

سُفْيٰنُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

سفیان نے سلمہ ابن کہیل سے اونسے کریب نے اونسے ابن عباس سے

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَامَ حَتّٰى نَفَخَ

کہ بیشک رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سوئے یہانتک کہ خراٹے لیا

وَكَانَ اِذَا نَامَ نَفَخَ فَاَتَاهُ بِلَالٌ فَاٰذَنَهٗ بِالصَّلٰوةِ

اور تہے حضرت جب سوتے خراٹے لیتے پہر آیا انکے پاس بلال اور خبر دیا اونکو نماز کی

فَقَامَ وَصَلّٰى وَلَمْ يَتَوَضَّاْ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ ٭

تب کہڑے ہوے اور نماز پڑہی اور وضو نہ کیا اور حدیث مین قصہ ہی ٭ ف ٢

حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ ثَنَا عَفَّانُ ثَنَا حَمَّادُ

حدیث کی ہمسے اسحاق ابن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے عفان نے کہا حدیث کی ہمسے حماد

بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ

ابن سلمہ نے اونسے ثابت نے اونسے انس ابن مالک سے کہ بیشک رسول

ف ١ [illegible] اور ناک بجنے کے بدلے خراٹے [illegible] ١٢

ف ٢ حضرت کا [illegible] وضو نہ [illegible] حکم فقط حضرت ہی کے واسطے ہی دوسروں کے واسطے نہیں ١٢

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا اَوٰی اِلٰی فِرَاشِہٖ

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تہے جب جگہ لیتے اپنے بچھونے کی طرف

قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَکَفَانَا

کہتے تہے سب تعریف اللہ کے واسطے جسنے کہلایا ہمکو اور پلایا ہمکو اور ہمارے کامونکو پورا کیا

وَاٰوَانَا فَکَمْ مِّمَّنْ لَّا کَافِیَ لَہٗ وَلَا مُؤْوِیَ ٭

اور ہمکو جگہ دی پہر بہت ایسے شخص ہیں کہ انکے کامونکو پورا کرنیوالا نہیں اور نہ جگہ دینے والا

حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِنِ الْحُرَیْرِیُّ ثَنَا سُلَیْمٰنُ

حدیث کی ہمسے حسین ابن محمد حریری نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان

بْنُ حَرْبٍ ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَۃَ عَنْ حُمَیْدٍ عَنْ

ابن حرب نے کہا حدیث کی ہمسے حماد ابن سلمہ نے اوسنے حمید سے اوسنے

بَکْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الْمُزَنِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ رَبَاحٍ

بکر ابن عبد اللہ مزنی سے اوسنے عبد اللہ ابن رباح سے

عَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اوسنے ابی قتادہ سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم

کَانَ اِذَا عَرَّسَ بِلَیْلٍ اِضْطَجَعَ عَلٰی شِقِّہِ الْاَیْمَنِ

تہے جب سفر میں آخری رات کو اترتے لیٹتے اپنی کروٹ داہنے پر ۱۴

ف بعض شکر ہی کر کہلایا پلایا
اور بعض کام کو پورا کیا اور
ملا نہیں ابھی جگہ دیا بہت سے
لوگ اس وقت ہونگے کہ
ہونگے انکے کام انکے
ہونگے بہت سے مسافر
جن ہونگے اور انکو نہیں ملی
جگہ نہ ملی ہو گی ۱۲

وَاِذَا عَرَّسَ قُبَيْلَ الصُّبْحِ نَصَبَ ذِرَاعَهُ وَوَضَعَ

اور جب اترتے آخری رات کو تھوڑا سا پہلے صبح کے کہڑا کرتے اپنا داہنا بازو اور رکہتے

رَاسَهُ عَلٰى كَفِّهٖ ※ بَابُ مَا جَآءَ فِيْ عِبَادَةِ

اپنا سر اپنی ہتیلی پر × ف ا یہ باب ہی ان حدیثوں کا جو آئی ہیں بیان میں عبادت

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا

رسول الله صلے الله علیہ وسلم کے × حدیث کی ہمسے

قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ وَبِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ قَالَا اَنَا اَبُو

قتیبہ ابن سعید نے اور بشر ابن معاذ نے دونو نے کہا خبر دی ہمکو ابو

عَوَانَةَ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ

عوانہ نے زیاد بن علاقہ سے اونسے مغیرہ ابن شعبہ سے

قَالَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى

کہا کہ نماز پڑہی رسول الله صلے الله علیہ وسلم نے یہانتک

انْتَفَخَتْ قَدَمَاهُ فَقِيْلَ لَهٗ اَتَتَكَلَّفُ هٰذَا

کہ سوج گئے قدمین اُنکے تب لوگوں نے عرض کیا انسے کہ بہلا مشقت کرتے ہیں آپ اسقدر

وَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا

اور بیشک بخشا ہی الله نے آپکے واسطے جو پہلے ہو گناہ تمہارے × اور جو

تاخر

ف ا اسواسطے کہ بعبادت سے بجا و بنیں ۱۲

تَأَخَّرَ قَالَ أَفَلَا أَكُونَ عَبْدًا شَكُورًا *

پیچھے ہونگے * ف فرمایا بھلا نہ ہوؤں بندہ شکر کرنیوالا گناہ سے مجکو پاک کیا *

حَدَّثَنَا أَبُو عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ أنا

حدیث کی ہمسے ابو عمار حسین ابن حریث نے کہا خبر دی ہکو

الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ

فضل ابن موسی نے محمد ابن عمرو سے اونسے ابی سلمہ سے

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

اونسے ابو ہریرہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ يُصَلِّي حَتَّى تَرِمَ قَدَمَاهُ قَالَ فَقِيلَ لَهُ

وسلم نماز پڑہتے یہانتک کہ ورم کر جاتے قدمین انکے کہا پھر لوگوں نے کہا ایسے

تَفْعَلُ هَذَا وَقَدْ جَاءَكَ أَنَّ اللَّهَ قَدْ غَفَرَ

کرتے ہیں آپ اسقدر مشقت اور آیا ہی آپکی شان مین کہ اللہ نے تحقیق بخشا تیرے

لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ قَالَ أَفَلَا

واسطے جو پہلے ہوئے گناہ تیرے اور جو پیچھے ہونگے فرمایا کہ بھلا نہ ہوؤں

أَكُونَ عَبْدًا شَكُورًا * حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ

بندہ شکر کرنے والا * ف حدیث کی ہمسے عیسی ابن

عُثْمَانُ بْنُ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرَّمْلِيُّ ثَنَا

عثمان ابن عیسے ابن عبد الرحمن رملی نے کہا حدیث کی ہمسے مجھے

عَمِّي يَحْيَى بْنُ عِيسَى الرَّمْلِيُّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ

میرے چچانے یحیی ابن عیسے رملی سے اونسے اعمش سے اونسے

اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

ابی صالح نے اونسے ابوہریرہ سے کہا کہ تھے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْمُ يُصَلِّيْ حَتّٰى تَنْتَفِخَ قَدَمَاهُ

صلے اللہ علیہ وسلم رات کو اٹھتے نماز پڑھتے یہانتک کہ سوج جاتے قدمین انکے

فَيُقَالُ لَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَفْعَلُ هٰذَا وَقَدْ

پھر لوگ عرض کرتے اونسے کہ یارسول اللہ بھلا آپ کرتے ہین اسقدر عبادت اور حال یہ ہے

غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ

کہ بخشا اللہ نے آپکو جو پہلے ہوئے آپکے گناہ اور جو پیچھے ہونگے

قَالَ اَفَلَا اَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا ✻ حَدَّثَنَا ١٤

فرمایا کہ بھلا نہ ہوؤن بندہ شکر کرنیوالا ✻ حدیث کی ہمسے

مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا شُعْبَةُ

محمد ابن بشار نے کہا خبر دی ہمکو محمد ابن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے

عن

عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ یَزِیْدَ قَالَ سَئَلْتُ عَائِشَةَ

ابی اسحاق سے اونسے اسود ابن یزید سے کہا کہ پوچھا مینے عائشہ سے

عَنْ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ

نماز رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے احوال سے رات کو

فَقَالَتْ كَانَ يَنَامُ اَوَّلَ اللَّيْلِ ثُمَّ يَقُوْمُ فَاِذَا كَانَ

تب کہا کہ تھے سوتے شروع رات کو بعد اسکے اٹھتے تھے پہر جب ہوتی

مِنَ السَّحَرِ اَوْتَرَ ثُمَّ اَتٰى فِرَاشَهٗ فَاِنْ كَانَتْ لَهٗ

قریب پچھلے پہر کے وتر پڑھتے بعد اوسکے آتے اپنی بچھونے پر پہر اگر ہوتی اونکو

حَاجَةٌ اَلَمَّ بِاَهْلِهٖ فَاِذَا سَمِعَ الْاَذَانَ وَثَبَ

حاجت نزدیک ہوتے اپنی بی بی کے ف١ پہر جب سنتے اذان اٹھ کہڑے ہو جاتے ف٢

فَاِنْ كَانَ جُنُبًا اَفَاضَ عَلَيْهِ مِنَ الْمَاءِ وَاِلَّا تَوَضَّاَ ٣

تو اگر ہوتے جنب تو جاری کرتے اپنی اوپر پانی اور اگر جنب نہوتے تو وضو کرتے

وَخَرَجَ اِلَى الصَّلٰوةِ ✱ حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ

اور نکلتے نماز کے واسطے ✱ حدیث کی ہمسے قتیبہ ابن سعید نے

عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ ح وَحَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسٰى

مالک ابن انس سے اور حدیث کی ہمسے اسحاق ابن موسے

ف١ اور حاجت رفع کرتے ١٢

ف٢ اور نماز کی لذت سے آگے وہ لذت چھوڑ دیتے اب آگے ہمیشہ کی عادت کا ذکر کرتے ہیں کہ جب اذان سنتے ١٢

الانصاری ثنا معن عن مالك عن مخرمة بن

انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے مالک سے اونسے مخرمہ ابن

سليمان عن كريب عن ابن عباس انه اخبره انه

سلیمان سے اونسے کریب سے اونسے ابن عباس سے کہ بیشک ابن عباس نے خبر دیا اوسکو کہ ابن عباس

بات عند ميمونة وهي خالته قال فاضطجعت

رات کو رہا نزدیک ام المومنین میمونہ کے اور وہ خالہ تھی اوسکی کہا پھر لیٹا مین ١٤ ×

في عرض الوسادة واضطجع رسول الله صلى الله

چوڑائی مین مسندکی اور لیٹے رسول اللہ صلے اللہ

عليه وسلم في طولها فنام رسول الله صلى الله

علیہ وسلم طول مین بچھونے کے پھر سوئے رسول اللہ صلے اللہ

عليه وسلم حتى انتصف الليل او قبله بقليل

علیہ وسلم یہانتک کہ آدھی رات ہوئے یا کچھ پہلے آدھی کے

او بعده بقليل فاستيقظ رسول الله صلى الله عليه

یا کچھ بعد آدھی کے پھر جاگے رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وسلم فجعل يمسح النوم عن وجهه ثم قرا العشر

وسلم پھر شروع کیا ملنا نیند کا اپنی مونہہ سے ف۱ بعد اوسکے پڑہیں دس

الْآيَاتِ الْخَوَاتِيمَ مِنْ سُورَةِ آلِ عِمْرَانَ ثُمَّ قَامَ

آیتین تمامی سورہ آل عمران کی تب کہڑے ہوئے

إِلَى شَنٍّ مُعَلَّقٍ فَتَوَضَّأَ مِنْهُ فَأَحْسَنَ الْوُضُوءَ ثُمَّ قَامَ

طرف مشک کے جو لٹکی تہی اور وضو کیا اوس سے اور بخوبی کیا وضو بعد اسکے کہڑے ہوے

يُصَلِّي قَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبَّاسٍ فَقُمْتُ إِلَى جَنْبِهِ

نماز پڑہنے لگے کہا عبد اللہ ابن عباس نے پہر کہڑا ہوا مین برابر پہلو حضرت کے

فَوَضَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ الْيُمْنَى

تب رکہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا داہنا ہاتہ

عَلَى رَأْسِي ثُمَّ أَخَذَ بِأُذُنِي الْيُمْنَى فَفَتَلَهَا فَصَلَّى

میرے سر پر بعد اوسکے پکڑا میرا داہنا کان پہر مروڑا اوسکو ف۱ تب نماز پڑہی

رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ

دو رکعت پہر پڑہی دو رکعت پہر پڑہی دو رکعت پہر پڑہی دو رکعت پہر

رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ قَالَ مَعْنٌ سِتَّ مَرَّاتٍ ثُمَّ

پڑہی دو رکعت پہر پڑہی دو رکعت کہا معن نے چہہ بار ف۲ بعد اوسکے

أَوْتَرَ ثُمَّ اضْطَجَعَ ثُمَّ جَاءَهُ الْمُؤَذِّنُ فَقَامَ فَصَلَّى

وتر پڑہے پہر لیٹ رہے پہر آیا انکے پاس مؤذن تب کہڑے ہوئے اور نماز پڑہی

رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الصُّبْحَ * حَدَّثَنَا

دو رکعت ہلکی پہر باہر نکلے اور نماز پڑہی صبح کی ف۱ حدیث کی ہمسے

أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ ثَنَا وَكِيعٌ عَنْ شُعْبَةَ

ابو کریب محمد ابن علا نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے شعبہ سے

عَنْ أَبِي حَمْزَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى

اونسے ابی حمزہ سے اونسے ابن عباس سے کہا کہ تہے نبی صلے

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ ثَلٰثَ عَشَرَةَ رَكْعَةً

اللہ علیہ وسلم نماز پڑہتے رات کو تیرہ ۱۳ رکعت

* حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ ثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ

حدیث کی ہمسے قتیبہ ابن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے

قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ

قتادہ سے اونسے زرارہ ابن اوفی سے اونسے سعد ابن ہشام سے

عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا

اونسے عائشہ سے کہ بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم تہے جب

لَمْ يُصَلِّ بِاللَّيْلِ مَنَعَهُ مِنْ ذٰلِكَ النَّوْمُ أَوْ غَلَبَتْهُ

نماز نہ پڑہتے تہجد کی رات کو اس سبب سے کہ منع کرتی اونکو نیند یا غلبہ کرتی اونپر

ف۱ یعنی فجر کی دو رکعت سنت [illegible]
[illegible] سات یا گیارہ یا تیرہ [illegible] ۱۲

عیناہ

عيناه صلى من النهار ثنتى عشرة ركعة ؞

اونکی آنکھ ف۱ نماز پڑھتے دن کو بارہ رکعت ١٢ ×

حدثنا محمد بن العلاء انا ابو اسامة عن هشام

حدیث کی ہمسے محمد ابن علاء نے کہا خبر دی ہمکو ابو اسامہ نے ہشام

يعنى ابن حسان عن محمد بن سيرين عن ابى هريرة

یعنے ابن حسان سے اونسے محمد ابن سیرین نے اونسے ابو ہریرہ نے

عن النبى صلى الله عليه وسلم قال اذا قام احدكم

اونسے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ جب اٹھے کوئی تم میں سے

من الليل فليفتتح صلوته بركعتين خفيفتين ؞

رات کو پھر چاہئیے کہ شروع کرے نماز اپنی ساتھ ہلکی دو رکعت کے ×

حدثنا قتيبة بن سعيد عن مالك بن انس ح

حدیث کی ہمسے قتیبہ ابن سعید نے مالک ابن انس سے

وثنا اسحق بن موسى قال انا معن انا مالك

اور حدیث کی ہمسے اسحاق ابن موسی نے کہا خبر دی ہمکو معن نے کہا خبر دی ہمکو مالک نے

عن عبد الله بن ابى بكر عن ابيه ان عبد الله

عبد اللہ ابن ابی بکر سے اونسے اپنے باپ سے کہ عبد اللہ ×

ف۱ یعنی نیند حضرت پر غالب ہوتی اور درد ہوتا ۱۲

بن قيس بن مخرمة اخبره عن زيد بن خالد الجهني

ابن قیس ابن مخرمہ نے خبر دی اونکو زید ابن خالد جہنی سے

انه قال لارمقن صلوة رسول الله صلى الله

کہ بیشک اوسنے کہا اپنے دل مین کہ دیکھونگا نماز رسول اللہ صلے اللہ

عليه وسلم قال فتوسدت عتبته او فسطاطه

علیہ وسلم کی کہا پہر تکیہ بنایا مینے چوکہٹ کو حضرت کی یا کہا کہ خیمہ کو اونکے ف ۱

فصلى رسول الله صلى الله عليه وسلم ركعتين

پہر نماز پڑہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو رکعت

خفيفتين ثم صلى ركعتين طويلتين طويلتين

ہلکی بعد اوسکے نماز پڑہی دو رکعت لنبی لنبی سے لنبی

طويلتين ثم صلى ركعتين وهما دون اللتين

پہر نماز پڑہی دو رکعت اور وہ دونو چہوٹی تہین اون دونوں سے

قبلهما ثم صلى ركعتين وهما دون اللتين

جو پہلے تہین اونکے پہر نماز پڑہی دو رکعت اور وہ دونو چہوٹی تہین اون دونوں سے

قبلهما ثم صلى ركعتين وهما دون اللتين

جو پہلے تہین اونکے پہر نماز پڑہی دو رکعت اور وہ دونو چہوٹی تہین اون دونوں سے

ف ۱ یعنی چوکہٹ پر سر رکہکر دیکہا اور نماز دیکہتا رہا تا دیکہون کا ۱۲

قَبْلَهُمَا ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ وَهُمَا دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا

جو پہلے تہین انکے پہر نماز پڑہی دو رکعت اور وہ دونو چہوٹی تہین اون دونونسے جو انکے پہلی تہین

ثُمَّ اَوْتَرَ فَذٰلِكَ ثَلٰثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً * حَدَّثَنَا

بعد اسکے وتر پڑہی پہر یہ تیرہ رکعت ہوئی * حدیث کی ہمسے

اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسٰى ثَنَا مَعْنٌ اَنَا مَالِكٌ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ

اسحاق ابن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا خبر دی ہمکو مالکنے سعید ابن

اَبِىْ سَعِيْدِنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

سعید مقبری سے اونسے ابی سلمہ ابن عبد الرحمن سے

اَنَّهُ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ كَيْفَ كَانَتْ صَلٰوةُ

بیشک اونسے خبر دی ابو سعید کو کہ اونسے پوچہا عایشہ سے کہ کسطرح تہی نماز

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ رَمَضَانَ فَقَالَتْ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی رمضان مین تب کہا

مَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَزِيْدَ

کرتے تہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کہ بیشک زیادہ کرتے

فِىْ رَمَضَانَ وَلَا فِىْ غَيْرِهٖ عَلٰى اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً

رمضان مین اور نہ دوسرے ایام مین گیارہ رکعت پر * ف ٢

يُصَلِّي أَرْبَعًا لَا تَسَأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُولِهِنَّ ثُمَّ

نماز پڑہتے تہے چار رکعت مت پوچھ خوبی اون چارونسے لور درازی اُن چارونسے پہر

يُصَلِّي أَرْبَعًا لَا تَسَأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُولِهِنَّ

پڑہتے چار رکعت مت پوچھ خوبی اون چارونسے اور درازی اون چارونسے

ثُمَّ يُصَلِّي ثَلٰثًا قَالَتْ عَائِشَةُ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

پہر بعد اوسکے پڑہتے تین رکعت کہا عائشہ نے عرض کیا مینے کہ یا رسول اللہ

أَتَنَامُ قَبْلَ أَنْ تُوتِرَ قَالَ يَا عَائِشَةُ إِنَّ عَيْنَيَّ

کیا سورہتے ہین آپ قبل وتر پڑہنے کے فرمایا ای عائشہ بیشک میرے آنکہین

تَنَامَانِ وَلَا يَنَامُ قَلْبِي ❊ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ

سوتی ہین اور نہین سوتا دل میرا[ف] حدیث کی ہمسے اسحاق ابن

مُوسٰى ثَنَا مَعْنٌ ثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ

موسی نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ابن شہاب سے

عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اوسنے عروہ سے اوسنے عائشہ سے کہ بیشک رسول اللہ صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ إِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً

وسلم تہے نماز پڑہتے رات کو گیارہ رکعت

[ف] بعض علماء نے وتر ہوتا ہے ایک رکعت بعضوں نے کہا اور تین اور پانچ حضرت عائشہ نے فرمایا کہ آنحضرت زیادہ نہ کرتے گیارہ رکعت سے رمضان میں اور سوائے رمضان میں تو اس سے مراد یہ ہے کہ سوائے تہجد کی اور نفلیں کہ وتر سمیت معہ روایتوں سے وتر پڑہنا حضرت کا ثابت ہی ۱۳

وتر

يُوتِرُ مِنْهَا بِوَاحِدَةٍ فَاِذَا فَرَغَ مِنْهَا اِضْطَجَعَ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ ×

وتر ادا کرتے اوسمیں ایک رکعت پہر جب فارغ ہوتے نماز سے لیٹتے اپنی داہنی کروٹ پر ×

حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ اَنَا مَعْنٌ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ نَحْوَهُ وَ

حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا خبر دی ہمکو معن نے مالک سے اونسے ابن شہاب سے مثل اوسی حدیث کے اور

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ نَحْوَهُ × حَدَّثَنَا هَنَّادٌ ثَنَا

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے مالک سے اونسے ابن شہاب سے مثل اوسکے حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے

اَبُو الْاَحْوَصِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ

ابوالاحوص نے اعمش سے اونسے ابراہیم سے اونسے اسود سے

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اونسے عائشہ سے کہا کہ تہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ تِسْعَ رَكَعَاتٍ × حَدَّثَنَا

نماز پڑہتے رات کو نو رکعتیں × ف ۱ حدیث کی ہمسے

مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ ثَنَا سُفْيٰنُ

محمود ابن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی ابن ادم نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان

الثَّوْرِيُّ عَنِ الْاَعْمَشِ نَحْوَهُ × حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

ثوری نے اعمش سے مثل اسکے × حدیث کی ہمسے محمد ابن

ف ۱ حضرت عائشہ نے کبہی گیارہ کبہی تیرہ کبہی نو روایت کی ہیں کچہ خلاف نہیں ہے حضرت نے اسلئے کہ آپ کبہی ایسا کبہی ویسا کرتے تاکہ امت پر آسانی ہو اسطرح جائز ہوسکے ہر ایک ۱۲

المثنی ثنا محمد بن جعفر انا شعبة عن عمرو

مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد ابن جعفر نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے عمرو

بن مرة عن ابی حمزة رجل من الانصار عن رجل

ابن مرہ سے اوسنے ابی حمزہ سے جو ایک مرد تھے انصار میں سے اوسنے ایک مرد

من بنی عبس عن حذیفة بن الیمان انه صلی

بنی عبس سے اوسنے حذیفہ ابن یمان سے کہ بیشک اوسنے نماز پڑھی

مع رسول الله صلی الله علیه وسلم من اللیل قال

ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے رات کو کہا

فلما دخل فی الصلوة قال الله اکبر ذو الملکوت

جو وقت داخل ہوئے حضرت نماز میں کہا اللہ بڑا ہی صاحب ملک کا

والجبروت والکبریاء والعظمة قال ثم قرا

اور غلبے کا اور صاحب بڑائی اور بزرگی کا کہا پھر پڑھی سورہ

البقرة ثم رکع فکان رکوعه نحوا من قیامه

بقرہ پھر رکوع کیا اور تھا رکوع اونکا قریب انکے قیام کے

وکان یقول سبحان ربی العظیم سبحان ربی العظیم

اور تھے کہتے سبحان ربی العظیم سبحان ربی العظیم

ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ وَكَانَ قِيَامُهُ نَحْوًا مِنْ رُكُوعِهِ وَكَانَ

پھر اوٹھایا سر اپنا اور تھا قومہ اونکا قریب اونکے رکوع کے اور تھے

يَقُولُ لِرَبِّيَ الْحَمْدُ لِرَبِّيَ الْحَمْدُ ثُمَّ سَجَدَ وَكَانَ

کہتے میرے رب کے واسطے ہی سب تعریف میرے رب کے واسطے ہی سب تعریف پھر سجدہ کیا اور تھا

سُجُودُهُ نَحْوًا مِنْ قِيَامِهِ وَكَانَ يَقُولُ سُبْحَانَ رَبِّيَ

سجدہ اونکا قریب اونکے قیام کے اور تھے کہتے پاک ہی میرا رب

الْاَعْلٰى سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَكَانَ

سب سے بڑا پاک ہی میرا رب سب سے بڑا پھر اوٹھایا اپنا سر پھر تھا

مَا بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ نَحْوًا مِنَ السُّجُوْدِ وَكَانَ يَقُوْلُ

بیٹھنا دونو سجدونکے بیچ مین قریب دونوں سجدونکے اور تھے کہتے

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ حَتّٰى قَرَاَ الْبَقَرَةَ

اے رب میرے بخش مجکو اے رب میرے بخش مجکو یہانتک کہ پڑھی سورہ بقر

وَآلَ عِمْرَانَ وَالنِّسَاءَ وَالْمَائِدَةَ اَوِ الْاَنْعَامَ

اور آل عمران اور سورہ نسا اور سورہ مایدہ یا سورہ انعام

شُعْبَةُ الَّذِيْ شَكَّ فِي الْمَائِدَةِ وَالْاَنْعَامِ وَاَبُوْ

شعبہ نے شک کیا سورہ مایدہ اور انعام مین ف ٢ اور ابو

ف ٢ یعنے سورہ بقرہ اور سورہ آل عمران اور سورہ نساء اور سورہ مایدہ ۶ پارہ پڑہی یا سورہ مایدہ کی جگہ سورہ انعام ۷ پارہ ۱۲

حَمْزَةَ اِسْمُهُ طَلْحَةُ بْنُ زَيْدٍ وَاَبُوْ حَمْزَةَ هُوَ الضُّبَعِيُّ

حمزہ نام اوسکا طلحہ ابن زید ہی اورابو حمزہ وہی ضبعی ہی

اِسْمُهُ نَصْرُ بْنُ عِمْرَانَ * حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ

جسکانام نصر ابن عمران ہی * حدیث کی ہمسے ابوبکر محمد ابن

نَافِعٍ الْبَصْرِيُّ ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ

نافع بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد ابن عبد الوارث نے

عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ نِ الْعَبْدِيِّ عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ

اسماعیل ابن مسلم عبدی سے اوسنے ابی متوکل سے

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اوسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ رات کو نماز پڑہی رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاٰيَةٍ مِنَ الْقُرْاٰنِ لَيْلَةً *

ف صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک ہی آیت سے قرآن میں سے ایک رات کو

حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا سُلَيْمٰنُ بْنُ حَرْبٍ

حدیث کی ہمسے محمود ابن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان ابن حرب نے

ثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے اعمش سے اوسنے ابی وائل سے اوسنے عبد اللہ سے

وہ آیت یہ ہی اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

قال

قَالَ صَلَّيْتُ لَيْلَةً مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کہا کہ نماز پڑہی مینے ایک رات کو ساتہہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے

فَلَمْ يَزَلْ قَائِمًا حَتّٰى هَمَمْتُ بِاَمْرِ سُوْءٍ قِيْلَ لَهُ وَمَا

پہر برابر کہڑے نماز پڑہتے رہے یہانتک کہ قصد کیا مینے ایک چیز بری کا لوگوں نے کہا اُن سے اور

هَمَمْتَ بِهٖ قَالَ هَمَمْتُ اَنْ اَقْعُدَ وَاَدَعَ النَّبِيَّ

قصد کیا تو نے بری چیز کا کہا یہ کہ بیٹھ جاؤں اور چھوڑ دوں مین نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا سُفْيٰنُ بْنُ وَكِيْعٍ

صلے اللہ علیہ وسلم کو * حدیث کی ہمسے سفیان ابن وکیع نے

ثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ نَحْوَهُ * حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ

کہا حدیث کی ہمسے جریر نے اعمش سے مثل اسکے * حدیث کی ہمسے اسحاق ابن

مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ ثَنَا مَعْنٌ ثَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِي النَّضْرِ

موسی انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ابی النضر سے

عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اونے ابی سلمہ سے اونے عائشہ سے کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ وسلم

كَانَ يُصَلِّيْ جَالِسًا فَيَقْرَأُ وَهُوَ جَالِسٌ فَاِذَا بَقِيَ

تہے نماز پڑہتے بیٹہے ہوے پہر قرآن پڑہتے تہے اور بیٹہے ہوتے تب جب باقی رہتی

مِنْ قِرَاءَتِهِ قَدْرُ مَا يَكُوْنُ ثَلٰثِيْنَ اَوْ اَرْبَعِيْنَ اٰيَةً

قراءت اونکی اس اندازی پر کہ تیس آیت ہوگی یا چالیس آیت

قَامَ فَقَرَاَ وَهُوَ قَائِمٌ ثُمَّ رَكَعَ وَسَجَدَ ثُمَّ صَنَعَ

کہڑے ہوجاتے اور پڑہتے کہڑے کہڑے پہر رکوع کرتے اور سجدہ کرتے پہر کرتے

فِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ ٭ حَدَّثَنَا اَحْمَدُ

دوسری رکعت مین مثل اسکے ٭ حدیث کی ہمسے احمد

بْنُ مَنِيْعٍ ثَنَا هُشَيْمٌ اَنَا خَالِدُ نِ الْحَذَّاءُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

ابن منیع نے کہا حدیثکی ہمسے ہشیم نے کہا خبر دی ہکو خالد حذا نے عبد الله

بْنِ شَقِيْقٍ قَالَ سَئَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلٰوةِ رَسُوْلِ

ابن شقیق سے کہا کہ پوچہا مین حضرت عائشہ کو نماز رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تَطَوُّعِهٖ فَقَالَتْ كَانَ

الله صلے الله علیہ وسلم سے اونکے نفل کا احوال تب کہا کہ تہے

يُصَلِّيْ لَيْلًا طَوِيْلًا قَائِمًا وَلَيْلًا طَوِيْلًا قَاعِدًا

نماز پڑہتے کسی رات کو بڑی دیر تک کہڑے ہوئے اور کسی رات کو بڑی دیر تک بیٹہے ہوئے

فَاِذَا قَرَاَ وَهُوَ قَائِمٌ رَكَعَ وَسَجَدَ وَهُوَ قَائِمٌ

پہر جب قران پڑہتے کہڑے ہوئے رکوع اور سجدہ کرتے حضرت کہڑے ہوئے

وَاِذَا قَرَأَ وَهُوَ جَالِسٌ رَكَعَ وَسَجَدَ وَهُوَ جَالِسٌ *

اور جب قرآن پڑہتے بیٹھے ہوئے تو رکوع اور سجدہ کرتے بیٹھے ہوئے * ف ۱

حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مُوْسَى الْاَنْصَارِيُّ ثَنَا مَعْنٌ

حدیث کی ہمسے اسحاق ابن موسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے

ثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ

کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ابن شہاب سے اونسے سایب ابن یزید سے

عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِيْ وَدَاعَةَ السَّهْمِيِّ عَنْ حَفْصَةَ

اونسے مطلب ابن ابی وداعہ سہمی سے اونسے حفصہ

زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

زوجہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ تہے رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ فِيْ سُبْحَتِهٖ قَاعِدًا وَيَقْرَأُ

صلے اللہ علیہ وسلم نماز پڑہتے اپنی نفلوں میں بیٹھے ہوئے اور پڑہتے تہے

بِالسُّوْرَةِ وَيُرَتِّلُهَا حَتّٰى تَكُوْنَ اَطْوَلَ مِنْ

سورہ کو اور ترتیل کرتے اوسکو یہانتک کہ معلوم ہوتے سورہ بہت دراز اس سورہ سے

اَطْوَلَ مِنْهَا * حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ

جو دراز ہوتی اوس سے * ف ۲ حدیث کی ہمسے حسن ابن محمد زعفرانی نے

ف ۱ یعنی جو کبھی بیٹھ کر قرأت کرتے تو رکوع و سجدہ بھی بیٹھے ہوئے کرتے اور جو کھڑے ہو کر قرأت کرتے تو کھڑے ہو کر رکوع میں جاتے اور یہ حال نماز نفل کی ہے ۱۲

ف ۲ یعنی سورہ کو ترتیل سے پڑہتے یہانتک کہ وہ سورہ بڑی سورہ سے دراز معلوم ہوتی اور ترتیل کہتے ہیں حروف کو صاف ادا کرنے اور وقف کی رعایت کرنے کو قرآن پڑہنے میں ۱۲

انا الحجاج بن محمد عن ابن جريج قال اخبرني

کہا خبردی ہمکو حجاج ابن محمد نے ابن جریج سے کہا خبردی ہمکو

عثمان بن سليمان ان ابا سلمة بن عبد الرحمن اخبره

عثمان ابن سلیمان نے کہ بیشک ابوسلمہ ابن عبدالرحمن نے خبردی اوسکو

ان عائشة اخبرته ان النبي صلى الله عليه وسلم

کہ حضرت عائشہ نے خبردی اوسکو کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے

لم يمت حتى يكون اكثر صلوته وهو جالس *

وفات نفرمایا یہانتک کہ ہوئے اکثر نماز اونکے بیٹھے ہوئے * ف

حدثنا احمد بن منيع ثنا اسمعيل بن ابراهيم

حدیثکی ہمسے احمد ابن منیع نے کہا حدیثکی ہمسے اسماعیل ابن ابراہیم نے

عن ايوب عن نافع عن ابن عمر قال صليت مع رسول

ایوب سے اونسے نافع سے اونسے ابن عمر سے کہا کہ نماز پڑھا مینے ساتھ رسول

الله صلى الله عليه وسلم ركعتين قبل الظهر وركعتين

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دو رکعت قبل ظہر کے اور دو رکعت

بعدها وركعتين بعد المغرب في بيته وركعتين

بعد ظہر کے اور دو رکعت بعد مغرب کے حضرت کے گھرمین اور دو رکعت

ف نماز نفل کی بیٹھکر پڑھنی یعنی آخر عمر میں حضرت کو جب اسقدر ضعف آگیا تہا تب وفات فرمائی ١٢

بعد

بَعْدَ الْعِشَآءِ فِي بَيْتِهٖ * حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ ثَنَا

بعد عشا کی انکی گھر مین لعوفا حدیث کی ہمسے احمد ابن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے

اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ ثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ

اسماعیل ابن ابراہیم نے کہا حدیث کی ہمسے ایوب نے نافع سے اوسنے ابن

عُمَرَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ حَدَّثَتْنِيْ حَفْصَةُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

عمر سے کہا ابن عمر نے حدیث کی مجھسے حفصہ نے کہ بیشک نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ حِيْنَ يَطْلُعُ الْفَجْرُ وَ

علیہ وسلم تھے نماز پڑہتے دو رکعت جب طلوع ہوتا صبح صادق اور

يُنَادِيْ الْمُنَادِيْ قَالَ اَيُّوْبُ اُرَاهُ قَالَ

اذان دیتا اذان دینے والا کہا ایوب نے خیال کرتا ہون مین کہ کہا نافع نے

خَفِيْفَتَيْنِ * حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ ثَنَا مَرْوَانُ

دو رکعت ہلکی * حدیث کی ہمسے قتیبہ ابن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے مروان

بْنُ مُعٰوِيَةَ الْفَزَارِيُّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ عَنْ

ابن معاویہ فزاری نے جعفر ابن برقان سے اوسنے

مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ حَفِظْتُ مِنْ

میمون ابن مہران سے اوسنے ابن عمر سے اوسنے کہا کہ یاد کر لیا مین نے

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِي رَكَعَاتٍ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے آٹھ رکعتیں

رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا وَرَكْعَتَيْنِ

دو رکعت قبل ظہر کے اور دو رکعت بعد ظہر کے اور دو رکعت

بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَ

بعد مغرب کے اور دو رکعت بعد عشا کے کہا ابن عمر نے اور

حَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ بِرَكْعَتَيِ الْغَدَاةِ وَلَمْ أَكُنْ أَرَاهُمَا

حدیث کی مجھسے ام المومنین حفصہ نے دو رکعتیں فجر کی اور نہ دیکھا ہی مینے اون دونوکو

مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا أَبُو

نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے * ف ۱ حدیث کی ہمسے ابو

سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ

سلمہ یحیی ابن خلف نے کہا حدیث کی ہمسے بشر ابن مفضل نے ۱۴

خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ سَأَلْتُ

خالد حذاء سے اونسے عبد اللہ ابن شقیق سے کہا پوچھا مینے

عَائِشَةَ عَنْ صَلٰوةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ

حضرت عائشہ کو احوال نماز نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کہا کہ

ف ۱ یعنی اون دو رکعتوں کو اپنی آنکھ سے نہیں دیکھا بلکہ اونکی خبر حضرت حفصہ سے سنا ۱۲

کان

كَانَ يُصَلِّي قَبْلَ الظُّهْرِ رَكْعَتَيْنِ وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ

تھے نماز پڑھتے قبل ظہر کے دو رکعت اور بعد ظہر کے دو رکعت

وَبَعْدَ الْمَغْرِبِ رَكْعَتَيْنِ وَبَعْدَ الْعِشَاءِ رَكْعَتَيْنِ وَقَبْلَ

اور بعد مغرب کے دو رکعت اور بعد عشا کے دو رکعت اور قبل فرض

الْفَجْرِ ثِنْتَيْنِ * حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى ثَنَا مُحَمَّدُ

فجر کے دو رکعت * حدیث کی ہمسے محمد ابن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد

بْنُ جَعْفَرٍ ثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ عَاصِمَ

ابن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے ابی اسحاق سے اوسنے کہا کہ سنا مینے عاصم

بْنَ ضَمْرَةَ يَقُولُ سَأَلْنَا عَلِيًّا عَنْ صَلوٰةِ رَسُولِ اللّٰهِ

ابن ضمرہ کو وہ کہتے تھے کہ پوچھا ہمنے حضرت علی کو احوال سے نماز رسول اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ النَّهَارِ قَالَ فَقَالَ إِنَّكُمْ

صلے اللہ علیہ وسلم کے دن کو کہا پھر فرمایا بیشک تم لوگ

لَا تُطِيقُونَ ذٰلِكَ قَالَ قُلْنَا مَنْ أَطَاقَ مِنَّا

طاقت نہیں رکھ سکو گے اسکی ف¹ کہا عاصم نے کہ کہا ہمنے کہ سچ ہی کون طاقت رکھتا ہی ہم لوگوں میں سے

ذٰلِكَ صَلَّى فَقَالَ كَانَ إِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ مِنْ

اوسکی کہ نماز پڑھے تب کہا کہ تھے حضرت جب ہوتا آفتاب اس جگہ پر ف²

ف¹ یعنی ہمیشہ اسقدر نماز ادا کرسکو گے ۱۲

ف² اشارہ کیا شرق کی طرف ۱۲

هٰهُنَا كَهَيْئَتِهَا مِنْ هٰهُنَا عِنْدَ الْعَصْرِ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ

مثل شکل اپنی کے اس جگہ * ف۱ وقت عصر کے نماز پڑہتے دو رکعت

وَاِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ مِنْ هٰهُنَا كَهَيْئَتِهَا مِنْ هٰهُنَا

اور جب ہوتا آفتاب اس جگہ * ف۲ مثل شکل اپنی کے اس جگہ ف۳

عِنْدَ الظُّهْرِ صَلّٰى اَرْبَعًا وَيُصَلِّي قَبْلَ الظُّهْرِ اَرْبَعًا

وقت ظہر کے نماز پڑہتے چار رکعت * ف۴ اور نماز پڑہتے قبل ظہر کے چار رکعت

وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ وَقَبْلَ الْعَصْرِ اَرْبَعًا يَفْصِلُ بَيْنَ

اور بعد ظہر کے دو رکعت اور قبل عصر کے چار رکعت جدا کرتے تہے درمیان

كُلِّ رَكْعَتَيْنِ بِالتَّسْلِيمِ عَلَى الْمَلٰئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ

دونو رکعتوں کے ساتھہ سلام بہیجنے کے اوپر فرشتے نزدیکی اور

النَّبِيِّيْنَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ *

نبیوں کے اور جو شخص کہ تابع ہوا ونکے مومنوں اور مسلموں میں سے ف۵

بَابُ صَلٰوةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ باب ہی بیان میں نماز پڑہنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے

الضُّحٰى * حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ ثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ

چاشت کی حدیث کی ہمسے محمود ابن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داود

ف۱ اشارا ہے مغرب کی طرف ۱۲

ف۲ اشارا ہے مشرق کی طرف ۱۲

ف۳ اشارہ کیا مغرب کی طرف ۱۲

ف۴ یعنی جسقدر آفتاب بعد عصر کے وقت مغرب کی طرف رہتا ہی اسقدر جب مشرق کی طرف ہوتا تب دو رکعت پڑہتے اور جسقدر آفتاب ظہر کے وقت بلند رہتا ہی مغرب کی طرف اسقدر جب مشرق کی طرف ہوتا تب چار رکعت پڑہتے ۱۲

ف۵ یعنی تشہد پڑہتے دو دو رکعت کے بعد ۱۲

الطَّيَالِسِيُّ اَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاذَةَ

طیالسی نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے یزید رشک سے اوسنے کہا سنا میں نے معاذہ سے

قَالَتْ قُلْتُ لِعَائِشَةَ اَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اوسنے کہا کہا میں نے حضرت عائشہ سے کہ بہلا تہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم

يُصَلِّي الضُّحٰى قَالَتْ نَعَمْ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ وَيَزِيْدُ مَا شَاءَ

پڑہتے نماز چاشت کی فرمایا کہ ہاں چار رکعتیں اور کبھی زیادہ کرتے جسقدر چاہتا

اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ ٭ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنِيْ

اللہ عز و جل ٭ ف۱ حدیث کہی ہمسے محمد ابن مثنے نے کہا حدیث کی مجھسے

حَكِيْمُ بْنُ مُعٰوِيَةَ الزِّيَادِيُّ نَا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حکیم ابن معاویہ زیادی نے کہا حدیث کہی ہمسے زیاد ابن عبد اللہ ابن

الرَّبِيْعِ الزِّيَادِيُّ عَنْ حُمَيْدِنِ الطَّوِيْلِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

ربیع زیادی نے حمید طویل سے اوسنے انس ابن مالک سے

اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الضُّحٰى سِتَّ

کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ وسلم تہے نماز پڑہتے چاشت کی چھ

رَكَعَاتٍ ٭ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى نَا مُحَمَّدُ بْنُ

رکعتیں ٭ حدیث کہی ہمسے محمد ابن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد ابن

ف۱ وقت نماز ضحی کا آفتاب نکلنے سے بلند ہونے سے دوپہر تک ہے ١٢

جَعْفَرٍ اَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

جعفر نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے عمرو بن مرہ سے اونے عبد الرحمن

بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی قَالَ مَا اَخْبَرَنِیْ اَحَدٌ اَنَّهٗ رَاٰی النَّبِیَّ

ابن ابی لیلا سے اونے کہا کہ نہ خبر دی مجکو کسینے کہ بیشک اونے دیکھا ہو نبی

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّی الضُّحٰی اِلَّا اُمَّ هَانِیءٍ فَاِنَّهَا

صلے اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑہتے چاشت کی سوائے ام ہانی کے پھر بیشک اونے

حَدَّثَتْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ بَیْتَهَا

حدیث کی یہہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اوسکے گہر میں

یَوْمَ فَتْحِ مَکَّةَ فَاغْتَسَلَ فَسَبَّحَ ثَمَانِیَ رَکَعَاتٍ مَا رَاَیْتُهٗ

مکہ کی فتح کے دن تب غسل کیا اور نفل پڑہے آٹھ رکعتیں نہ دیکھا مین حضرت کو

صَلّٰی صَلٰوةً قَطُّ اَخَفَّ مِنْهَا غَیْرَ اَنَّهٗ کَانَ یُتِمُّ

کہ نماز پڑہی ہو کوئی نماز ہرگز ہلکی زیادہ اوس سے لیکن بیشک حضرت پورا کرتے تہے

الرُّکُوْعَ وَالسُّجُوْدَ * حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ ثَنَا

رکوع اور سجدہ کو فا حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے

وَکِیْعٌ اَنَا کَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِیْقٍ

وکیع نے کہا خبر دی ہمکو کہمس ابن حسن نے عبد اللہ ابن شقیق سے

فا یعنی رکوع سجود میں جلدی نہ کرتے تھے بلکہ رکوع سجود کو پورا ادا کرتے تھے زیادہ ہلکی کرنے سے بچتے

قال

قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ اَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اوسنے کہا کہ کہا مین نے حضرت عایشہ سے کہ بہلا تہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم

يُصَلِّي الضُّحٰى قَالَتْ لَا اِلَّا اَنْ يَجِيْءَ مِنْ مَغِيْبِهٖ *

نماز پڑہتے چاشت کی فرمایا کہ نہین مگر یہ کہ تشریف لاتے اپنے سفر سے ف ا

حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ الْبَغْدَادِيُّ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

حدیث کی ہمسے زیاد ابن ایوب بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد ابن

رَبِيْعَةَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ

ربیعہ نے فضیل ابن مرزوق سے اوسنے عطیہ سے اوسنے ابن

سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سعید خذری سے اوسنے کہا کہ تہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم

يُصَلِّي الضُّحٰى حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يَدَعُهَا وَيَدَعُهَا حَتّٰى

نماز پڑہتے چاشت کی یہانتک کہ کہتے تہے ہم کہ نہ چہوڑینگے اوسکو اور چہوڑ دیتے اوسکو یہانتک

نَقُوْلَ لَا يُصَلِّيْهَا * حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ عَنْ

کہ ہم کہتے تہے کہ نہ پڑہینگے اسکو * حدیث کی ہمسے احمد ابن منیع نے اوسنے

هُشَيْمٍ اَنَا عُبَيْدَةُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ سَهْمِ بْنِ

ہشیم سے کہا خبر دی ہمکو عبیدہ نے ابراہیم سے اوسنے سہم ابن

ف ا اوپر کی حدیث مین جو ہی حضرت عائشہ نے کہا کہ نماز چاشت کی نہ پڑہتے تہے اور اس مین یہ ہی کہ نہین مگر جب سفر سے آتے تو دو دو مین موافقت اسطرح ہو سکے ہی کہ پہلی حدیث مین ہی سفر کا حال بیان کیا ہو لیکن کہ ان سفر سے آتے کبہی چار رکعت پڑہتے کبہی زیادہ بہی وہی ذکر یہان بہی کر دیا حضرت کا فعل جیسے جب دیکہا اوسکا بیان کر دیا ١٢

مِنْجَابٍ عَنْ قَرْثَعٍ الضَّبِّيِّ اَوْعَنْ قَزْعَةَ عَنْ قَرْثَعٍ

منجاب سے اوسنے قرثع ضبی سے یا قزعہ سے اوسنے قرثع سے

عَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

اوسنے ابی ایوب انصاری سے کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ

وَسَلَّمَ کَانَ یُدْمِنُ اَرْبَعَ رَکَعَاتٍ عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ

وسلم تھے ہمیشہ پڑھتے چار رکعتیں نزدیک ڈھلنے آفتاب کے

فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّکَ تُدْمِنُ ھٰذِہِ الْاَرْبَعَ

پھر کہا مینے یا رسول اللہ بیشک آپ ہمیشہ پڑھتے ہین ان چار

الرَّکَعَاتِ عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ فَقَالَ اِنَّ اَبْوَابَ

رکعتونکو وقت ڈہل جانے آفتاب کے تب فرمایا کہ بیشک دروازے

السَّمَاءِ تُفْتَحُ عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ فَلَا تُرْتَجُ حَتّٰی تُصَلّٰی

آسمان کے کہولے جاتے ہین آفتاب ڈہلنے کے وقت پھر نہین بند کی جاتی یہانتک کہ پڑہی جاوے

الظُّھْرُ فَاُحِبُّ اَنْ یَصْعَدَ لِیْ فِیْ تِلْکَ السَّاعَۃِ

نماز ظہر کی پہر دوست رکہتا ہون مین یہ کہ چڑھے واسطے میرے اس وقت مین کوئی عمل

خَیْرٌ قُلْتُ اَفِیْ کُلِّھِنَّ قِرَاءَۃٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ ھَلْ

خیر کہا مینے کہ بہلا سب رکعتون مین قراۃ ہی فرمایا ہان کہا مینے کہ بہلا ان چارونکے

فِيهِنَّ تَسْلِيمٌ فَاصِلٌ قَالَ لَا * حَدَّثَنَا اَحْمَدُ

بیچ سلام تمام کردینوالا نماز کا ہی فرمایا کہ نہیں ف ا حدیث کی ہمسے احمد

بْنُ مَنِيعٍ ثَنَا اَبُو مُعٰوِيَةَ ثَنَا عُبَيْدَةُ عَنْ

ابن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبیدہ نے اسنے

اِبْرَاهِيمَ عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ عَنْ قَزَعَةَ عَنِ

ابراہیم سے اوسنے سہم ابن منجاب سے اوسنے قزعہ سے اوسنے

الْقَرْثَعِ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ

قرثع سے اوسنے ابی ایوب سے اوسنے نبی صلے اللہ علیہ و

سَلَّمَ نَحْوَهُ * حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى اَنَا اَبُو دَاوُدَ

سلم سے اسیطرح حدیث کی ہمسے محمد ابن مثنی نے کہا خبر دی ہمکو ابو داود نے

ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ اَبِي الْوَضَّاحِ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ

کہا حدیث کی ہمسے محمد ابن مسلم ابن ابی وضاح نے عبد الکریم

الْجَزَرِيِّ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ السَّائِبِ

جزری سے اوسنے مجاہد سے اوسنے عبد اللہ ابن سائب سے

اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي

کہ تحقیق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تھے نماز پڑھتے

ف ا
یعنی بیچ میں سلام
نہ پھیری چار رکعت
پڑھے کے سلام ایک بار ١٢

اَرْبَعًا بَعْدَ اَنْ تَزُوْلَ الشَّمْسُ قَبْلَ الظُّهْرِ وَقَالَ

چار رکعت بعد ڈہلنے آفتاب کے قبل فرض ظہر کے * ف ! اور فرمایا

اِنَّهَا سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِيْهَا اَبْوَابُ السَّمَاءِ فَاُحِبُّ

کہ بیشک یہ ایسا وقت ہی کہ کہولے جاتے ہین اسمین دروازے آسمان کے پہر دوست رکہتا ہون

اَنْ يَصْعَدَ لِيْ فِيْهَا عَمَلٌ صَالِحٌ * حَدَّثَنَا اَبُوْ

مین کہ چڑہے میرے واسطے اسوقت مین عمل نیک حدیث کی ہمسے ابو

سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ ثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ الْمُقَدَّمِيِّ

سلمہ یحیی ابن خلف نے کہا حدیث کی ہمسے عمر ابن علی مقدمی نے

عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ

مسعر ابن کدام سے اونسے ابی اسحاق سے اونسے عاصم ابن

ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ كَانَ يُصَلِّيْ قَبْلَ الظُّهْرِ

ضمرہ سے اونسے حضرت علی سے کہ بیشک حضرت علی تہے نماز پڑہتے قبل ظہر کے

اَرْبَعًا وَذَكَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ

چار رکعتین اور ذکر کیا حضرت علی نے کہ بیشک نبی صلے اللہ علیہ وسلم تہے پڑہتے

يُصَلِّيْهَا عِنْدَ الزَّوَالِ وَيَمُدُّ فِيْهَا * بَابٌ

چار رکعت آفتاب ڈہلنے کے وقت اور دراز لمبی پڑہتے اوسمین * یہ باب ہی بیان مین

فائدہ یعنی چار رکعت سنت ظہر کی فرض کے پہلے پڑہنی چاہئے

صَلٰوةِ التَّطَوُّعِ فِی الْبَیْتِ * حَدَّثَنَا

نماز نفل کے گہر مین * حدیث ہمسے

عَبَّاسُ بْنُ الْعَنْبَرِیُّ اَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ

عباس عنبری نے کہا خبردی ہمکو عبدالرحمن ابن مہدی نے

عَنْ مُعٰوِیَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ

معاویہ ابن صالح سے اوسنے علاء ابن حارث سے اوسنے

حَرَامِ بْنِ مُعٰوِیَةَ عَنْ عَمِّهٖ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ

حرام ابن معاویہ سے اوسنے اپنے چچا عبداللہ ابن سعد سے کہا

سَئَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلٰوةِ

کہ پوچھا مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑہنے سے

فِیْ بَیْتِیْ وَالصَّلٰوةِ فِی الْمَسْجِدِ قَالَ قَدْ تَرٰی مَا اَقْرَبَ

اپنے گہر مین اور نماز پڑہنے سے مسجد مین * فرمایا کہ بیشک دیکھتا ہی تو کیسا نزدیک ہی

بَیْتِیْ مِنَ الْمَسْجِدِ فَلَاَنْ اُصَلِّیَ فِیْ بَیْتِیْ اَحَبُّ اِلَیَّ

میرا گہر مسجد سے * پہر بیشک نماز پڑہنا میرا اپنے گہر مین دوست زیادہ ہی مجکو

مِنْ اَنْ اُصَلِّیَ فِی الْمَسْجِدِ اِلَّا اَنْ تَکُوْنَ صَلٰوةً

اسے کہ پڑہون مین مسجد مین مگر یہ کہ ہووے نماز

ف ۲۰ یعنے نماز نفل پڑہنا گہر مین بہتر ہی بہ نسبت مسجد مین ۱۲

مَكْتُوبَةً * بَابُ مَا جَاءَ فِي صَوْمِ

فرض * یہ باب ہی ان حدیثوں کا جو آئی ہیں بیان میں روزے

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ * حَدَّثَنَا

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے * حدیث کی ہمسے

قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ

قتیبہ ابن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے حماد ابن زید نے ایوب سے

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ

اونسے عبد اللہ ابن شقیق سے اونسے کہا کہ پوچھا مین نے حضرت عائشہ سے احوال

صِيَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ

روزہ رکھنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمایا کہ تھے

يَصُومُ حَتَّى نَقُولَ قَدْ صَامَ وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُولَ

روزہ رکھتے یہانتک کہ کہتے ہم لوگ کہ بیشک روزہ رکھا اور افطار کرتے یہانتک کہ کہتے

قَدْ أَفْطَرَ قَالَتْ وَمَا صَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

ہم لوگ کہ بیشک افطار کیا * ف کہا عائشہ نے اور روزہ نرکھا رسول اللہ صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا كَامِلًا مُنْذُ قَدِمَ الْمَدِينَةَ

علیہ وسلم نے کوئی مہینہ پورا جب سے تشریف لائے مدینہ میں

ف: یعنی بعض مہینوں میں روزہ رکھنے شروع کرتے تو ہم لوگ جانتے کہ اب تمام مہینے روزہ رکھینگے اور بعض مہینوں میں روزہ رکھنے لگتے تو ہم لوگ جانتے کہ اب تمام مہینہ روزہ نہ رکھینگے لیکن بجز رمضان کبھی پورے مہینے ۱۲

إِلَّا رَمَضَانَ * حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ ثَنَا إِسْمٰعِيلُ

سوائی رمضان کے حدیث کی ہمسے علی ابن حجر نے کہا حدیثکی ہمسے اسماعیل

بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ سُئِلَ

ابن جعفر نے حمید سے اونسے انس ابن مالک سے کہ بیشک وہ پوچھے گئے

عَنْ صَوْمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَانَ

